نَحنُ انصارُ اللہ



دعا کرو

دُعا کرو کہ سَروں پر رہے وُہ ابرِ کرم
دِلوں میں نُور کی جو کھیتیاں اُگاتا ہے
دُعا کرو کہ وہ پرچم سَدا بُلند رہے
خُدا کے دِیں کی طرف جو ہمیں بلاتا ہے

مجلس انصار اللہ کینیڈا کا ترجمان

GM

GATEWAY

CHEVROLET/OLDSMOBILE

2 GATEWAY BOULEVARD, BRAMPTON, ONTARIO L6T 4A7

TOP VALUE FOR ALL TRADES

NEW & USED CARS, TRUCKS AND VANS

- 0% Financing & Lease Rates
- Sales & leasing Financing Available
- Huge Selection - 2 Doors & 4 Doors
- Huge selection of Pickup Trucks & Vans
- Many Factory Incentives
- Come For the Best Selection
- Large selection of Pre-owned Vehicles
- Large Service Dept. And Body Shop
- Top Value For All Trades
- Graduate Program $1000 Discount

Mubariz Warraich
TEL: (905) 791-7111- ext 201
E-mail: mubarizw@hotmail.com

BONUS With The Delivery Of Every New Or Used Vehicle Receive: **400 Liters Of Gas!**

2002 Cavalier Starting Price
$11,998 (cash)
or Leasing from $226 /mo with 0$ down

2002 Venture Starting Price
$22,498 (cash)
or Leasing from $319 /mo with 0$ down

بسم الله الرحمن الرحیم　　نحمده ونصلی علی رسوله الکریم　　وعلی عبده المسیح الموعود

مجلس انصار اللہ کینیڈا کا تعلیمی، تربیتی و دینی مجلّہ

نحنُ انصارُاللّٰہ

1380 ہجری شمسی۔2002عیسوی

جلد نمبر3۔۔۔شمارہ نمبر 2

امیر و مشنری انچارج کینیڈا

مولانا نسیم مہدی

صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا

ملک کلیم احمد

قائد اشاعت

محمد زبیر منگلا

مدیر (اردو)

ناصر احمد وینس

مدیر (انگلش)

ڈاکٹر ساجد احمد

کمپوزنگ و ڈیزائنگ

محمد خلیل

سعید احمد مجید

فہرست مضامین

☆ دینی اقتباسات

☆ اداریہ

☆ تربیتِ اولاد کا ایک کامیاب ذریعہ

☆ روزہ کے احکام

☆ جماعت احمدیہ کو دعوتِ قرآن و اسلام (ماہنامہ "آفاق" کے جواب میں)

☆ تاریخِ اسلام

☆ خلافت ایک مستحکم ڈھال

☆ حضرت بانیٔ جماعتِ احمدیہ کے علمِ کلام کی برتری کا اعتراف

☆ درود شریف کے کثرتِ ورد کی برکات

☆ قادیان و ربوہ کے جلسہ ہائے سالانہ۔ چند یادیں

☆ ایم ایم احمد صاحب کا ذکرِ خیر (روزنامہ "ڈان" سے)

☆ قائدِ اعظم محمد علی جناح کا تصورِ پاکستان

☆ تبخیرِ معدہ اور اس کا علاج

☆ مکتوبات۔ منظومات۔ یادِ رفتگان۔ رپورٹ سالانہ اجتماع

☆ چچا کی باتیں۔ جہاد بالقرآن ....اور بہت کچھ

دفتر اشاعت۔ 100 Ahmadiyya Ave. Maple. Ont, Canada L6A 3A4 Tel: 905 417 1800 Fax: 905 417 1006

پیغام ربانی

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۴﴾
اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى
سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ
فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ
لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۵﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم پر (بھی) روزوں کا رکھنا (اسی طرح) فرض کیا گیا ہے جس طرح اُن لوگوں پر فرض کیا گیا تھا جو تم سے پہلے گذر چکے ہیں تا کہ تم (روحانی اور اخلاقی کمزوریوں سے) بچو سو تم روزے رکھو (چند گنتی کے دن۔ اور تم میں سے جو شخص مریض ہو یا سفر میں ہو تو اُسے اور دنوں میں تعداد (پوری کرنی) ہوگی اور اُن لوگوں پر جو اس (یعنی روزہ) کی طاقت نہ رکھتے ہوں (بطور فدیہ) ایک مسکین کا کھانا دینا (بشرط استطاعت) واجب ہے اور جو شخص پوری فرمانبرداری سے کوئی نیک کام کرے گا تو یہ اُس کے لیے بہتر ہوگا اور اگر تم علم رکھتے ہو تو سمجھ سکتے ہو کہ تمہارا روزے رکھنا تمہارے لیے بہتر ہے۔

ارشاد نبوی ﷺ

روزہ اور اسکی اہمیت

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ ؛ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ: کُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ لَہٗ اِلَّا الصِّیَامَ فَاِنَّہٗ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِہٖ۔ وَالصیامُ جُنَّۃٌ فَاِذَا کَانَ یَوْمُ صَوْمِ اَحَدِکُمْ فَلَا یَرْفُثْ وَلَا یَصْخَبْ فَاِنْ سَابَّہٗ اَحَدٌ اَوْ قَاتَلَہٗ فَلْیَقُلْ، اِنِّیْ صَآئِمٌ۔ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّآئِمِ اَطْیَبُ عِنْدَاللّٰہِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْکِ۔ لِلصَّآئِمِ فَرْحَتَانِ یَفْرَحُھُمَا، اِذَا اَفْطَرَ فَرِحَ ، وَاِذَا لَقِیَ رَبَّہٗ فَرِحَ بِصَوْمِہٖ۔

(بخاری کتاب الصوم باب ھل یقول انی صائم اذا شُتِمَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے انسان کے سب کام اس کے اپنے لیے ہیں مگر روزہ میرے لیے ہے اور میں خود اسکی جزا بنوں گا یعنی اس کی اس نیکی کے بدلہ میں اسے اپنا دیدار نصیب کروں گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے روزہ ڈھال ہے، پس تم میں سے جب کسی کا روزہ ہو تو نہ وہ بیہودہ باتیں کرے نہ شور و شر کرے اگر اس سے کوئی گالی گلوچ ہو یا لڑے جھگڑے تو وہ جواب میں کہے کہ میں نے تو روزہ رکھا ہوا ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمدؐ کی جان ہے! روزے دار کے منہ کی بُو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کستوری سے بھی زیادہ پاکیزہ اور خوشگوار ہے۔ کیونکہ اس نے اپنا یہ حال خدا تعالیٰ کی خاطر کیا ہے۔ روزہ دار کیلئے دو خوشیاں مقدر ہیں ایک خوشی اسے اس وقت ہوتی ہے جب وہ روزہ افطار کرتا ہے اور دوسری اس وقت ہوگی جب روزے کی وجہ سے اسے اللہ تعالیٰ کی ملاقات نصیب ہوگی۔

ارشاداتِ عالیہ

سیدنا حضرت مسیح الموعود علیہ السلام

روزہ و رمضان المبارک

روزہ کی حقیقت بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''روزہ کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے ۔ روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے۔ بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے۔ جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کا منشا اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدِنظر رکھنا چاہیئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اُسے چاہیئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تا کہ تبتل اور انقطاع حاصل ہو۔ پس روزہ سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو رُوح کی تسلّی اور سیری کا باعث ہے اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نِرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے انہیں چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں۔ جس سے دوسری غذا انہیں مل جاوے'' (ملفوظات جلد پنجم صفحہ ۱۰۲ نیا ایڈیشن)

روزوں کی اهمیت بیان کرتے ہوئے آپؑ نے فرمایا:

''رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے۔ دعاؤں کا مہینہ ہے...... میری تو یہ حالت ہے کہ مَرنے کے قریب ہو جاؤں تب روزہ چھوڑتا ہوں۔ طبیعت روزہ چھوڑنے کو نہیں چاہتی۔ یہ مبارک دن ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کے نزول کے دن ہیں'' (ملفوظات جلد اول صفحہ ۴۳۹، ۴۴۰ نیا ایڈیشن)

روزہ کے لئے ایک ضروری اُمر بیان کرتے ہوئے آپؑ فرماتے ہیں:

''روزہ میں خدا کے واسطے نفس کو پاک رکھنا ضروری ہے لیکن اگر حقیقت نہ ہو تو پھر یہ رسم ہی رَہ جاتی ہے۔''

اداریہ

ساری دنیا کے مریضوں کو شفاء دے یارب!

دنیائے اسلام میں صرف جماعت احمدیہ ہی وہ واحد جماعتِ مسلمین ہے، جس پر خدا تعالیٰ کا یہ احسانِ عظیم ہے کہ ہم احمدی اس بابرکت نظامِ خلافت سے وابستہ ہیں جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ نور کی آیت استخلاف میں فرمایا تھا۔ اور جس کے قیام کی خوش خبری اصدق الصادقین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام مہدی و مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ کے متعلق عطا فرمائی تھی۔

خلیفۂ وقت کا مبارک وجود ہمیں خدا تعالیٰ کے قریب کرنے کا ایک روحانی ذریعہ ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا خوبصورت مثال دی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

''تم اپنے آپ کو امام کے ساتھ ایسا وابستہ کرو جیسے گاڑیاں انجن کے ساتھ۔ پھر ہر روز دیکھو کہ ظلمت سے نکلتے ہو یا نہیں۔''

(''خطباتِ نور'' جلد اول صفحہ: ۱۶۳)

عصرِ حاضر کے مادہ پرست دَور کی ظلمتوں سے نکالنے اور قرآنی علم وعرفان کے خزانے بانٹنے والا نہایت پیارا وجود یعنی سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طبیعت گزشتہ کچھ عرصے سے ناساز چلی آ رہی ہے۔ اس موقع پر جناب ثاقب زیروی مرحوم کا وہ شعر بار بار حرفِ دعا بن کر لبوں پر جاری ہونے لگتا ہے جو انہوں نے حضرت مصلح موعودؓ کی علالت کے موقع پر اپنی ایک نظم میں جلسہ سالانہ پر پڑھا تھا کہ ۔

ساری دنیا کے مریضوں کو شفاء دے یا رب
آج معلوم ہوا ہے کہ علالت کیا ہے

یا پھر حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ کی وہ منظوم اپیل متفکر دلوں کے تاروں کو چھوتے ہوئے ہاتھوں کو بے اختیار اُس شافیٔ مطلق کی بارگاہ میں بغرضِ دعا اٹھنے پر مجبور کر دیتی ہے، جو سیّدہ موصوفہ نے حضرت مصلح موعودؓ کی طویل بیماری کے دوران افرادِ سلسلۂ احمدیہ سے بایں الفاظ فرمائی تھی کہ ۔

قومِ احمد، جاگ تُو بھی جاگ اُس کے واسطے
ان گنت راتیں جو تیرے درد سے سویا نہیں

پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ناسازیٔ طبع پر آج ہر احمدی مسلمان، خدائے واحد کے آستانہ پر سربسجود ہے کہ اے مولائے کریم! ہمارے پیارے امام کو جلد از جلد شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرما۔ قارئین اپنے پیارے آقا کی مکمل صحت یابی کیلئے صدقات و نوافل کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل دعا کا ورد بھی تسلسل کے ساتھ کرتے رہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِشفِ اِمَامَنَا اَنتَ الشَّافِی لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُکَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَماً

﴿اے اللہ! ہمارے پیارے امام کو شفاء دے۔ تُو ہی شفاء دینے والا، کوئی شفاء نہیں، مگر وہی جو تیری جناب سے ہے۔ وہ شفاء دے جو ذرہ بھی بیماری نہ چھوڑے۔ آمین﴾

دعا کرو

دعا کرو کہ سَروں پر رہے وہ ابرِ کرم
دلوں میں نور کی جو کھیتیاں اگاتا ہے
دعا کرو کہ نہ گہنائے تا ابد وہ چاند
جو ظلمتوں میں دیئے پیار کے جلاتا ہے
دعا کرو وہ شجر عمر بھر رہے قائم
وہ جس کے سائے میں ہر شخص چین پاتا ہے
دعا کرو کہ نہ آنچ آئے اس کے سر پہ کبھی
جو سب کو پیار سے اپنے گلے لگاتا ہے
دعا کرو وہ خزانہ کبھی نہ ہو خالی
جو غم نصیب غریبوں کے کام آتا ہے
دعا کرو کہ وہ پرچم سدا بلند رہے
خدا کے دیں کی طرف جو ہمیں بلاتا ہے

(ثاقب زیروی)

آؤ نا کریں اس کے لئے بھیگی دعائیں

یہ سوچ میں ڈوبا ہوا ٹھہرا ہوا انداز
جیسے کبھی آپس میں تعلق نہ رہا ہو
تم نے تو کبھی درد کو یوں راہ نہ دی تھی
گویا کہ درِ دل پہ کڑا پہرا رہا ہو
مجھ سے تو نہیں رُکتے یہ بہتے ہوئے آنسو
کیا بات ہے؟ کیا ہو گیا؟ کیوں مجھ سے خفا ہو
جیتے ہیں تمہیں دیکھ کے اور جینا یہی ہے
جیسے ہمیں جینے کا نیا فہم دیا ہو
سایہ ہو کڑی دھوپ میں اور پیاس میں بادل
اور بھوک میں ہو مائدہ، مشکل میں دعا ہو
مَیں کیوں نہ تمہیں روح و دل و جان سے چاہوں
کیا اور کوئی ہے جو اُجالوں سے بنا ہو
مخمور ہیں ہم سچی محبت کے نشے میں
جیسے کہ کوئی خواب کے عالم میں رہا ہو
آؤ نا کریں اس کے لئے بھیگی دعائیں
جو شخص ہمارے لئے سر تا پا دعا ہو
جھونکا نہ کبھی گرم ہوا کا اُسے چھوئے
ہر آن لئے سائے میں رحمت کی رِدا ہو
ایسے میں بہت درد سے ہوتی ہیں دعائیں
جب سینے میں دُکھ درد سے اک حشر بپا ہو
کشکول لئے بیٹھے ہیں سب در کے بھکاری
اِس محسن و مشفق کو عطا پوری شفا ہو

(امۃ الباری ناصر)

کوئی ایسا شخص ہوا کرے

(انتخاب از منظوم کلام سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

مرے دَرد کی جو دَوا کرے، کوئی ایسا شخص ہوا کرے
وہ جو بے پناہ اُداس ہو، مگر ہجر کا نہ گِلہ کرے
مِری چاہتیں مِری قُربتیں جسے یاد آئیں قدم قدم
تو وہ سب سے چُھپ کے لباسِ شب میں لپٹ کے آہ و بُکا کرے
بڑھے اُس کا غم تو قرار کھو دے، وہ میرے غم کے خیال سے
اُٹھیں ہاتھ اپنے لئے تو پھر بھی مِرے لئے ہی دعا کرے
یہ قِصص عجیب و غریب ہیں، یہ محبتوں کے نصیب ہیں
مجھے کیسے خود سے جدا کرے، اُسے کچھ بتاؤ کہ کیا کرے

زندگی دیتا ہے ہم کو مسکرانا آپ کا
غم بھلاتا ہے ہمیں منبر پہ آنا آپ کا
ہم کو سو جاں سے ہے پیارا آستانہ آپ کا
دیکھنا ہے آپ کو گویا کہ پانا آپ کا
آپ ہی تو زندگی ہیں زندگی کی شان ہیں
میرے دل کی سلطنت کے آپ ہی سلطان ہیں
تلخیٔ حالات میں اِک آپ اطمینان ہیں
کیا ہوا جو اب دیارِ غیر کے مہمان ہیں
پیار ہے تجھ سے محبت کی قسم کھاتے ہیں ہم
فخر ہے اس رشتۂ خاطر پہ اِتراتے ہیں ہم
حکم دیں ہم کو تو سر کے بل چلے آتے ہیں ہم
دیکھ لیں جو آپ کو تو سیر ہو جاتے ہیں ہم

عبدالکریم قدسی

تربیت اولاد کا ایک کامیاب ذریعہ

حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری

اللہ تعالیٰ نے نسل انسانی کا سلسلہ جاری رکھنے کے لئے بچوں کی پیدائش کے طریق کو جاری فرمایا ہے۔ خالق کائنات وہی ہے۔ اس لئے روئے کا سلسلہ بھی اسی کے فضل سے جاری ہوتا ہے۔ فرمایا:

’’خدا تعالیٰ جسے چاہتا ہے لڑکیاں عطا فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے بخش دیتا ہے اور جس کے لئے لڑکے اور لڑکیاں دونوں دینا چاہتا ہے وہ اسے دونوں سے نوازتا ہے اور جسے بے اولاد رکھنے کا فیصلہ فرمائے اسے ایسا ہی کر دیتا ہے وہ بڑی بلندیوں کا مالک اور بڑی حکمتوں والا ہے۔‘‘

اولاد خدا تعالیٰ کی ایک محبت ہے اور اس کا بہت بڑا احسان ہے۔ اس انعام کا تقاضا یہ ہے کہ اس کی قدردانی کی جائے اور اس کی صحیح حفاظت اور نگرانی رکھی جائے۔ قدرت کا منشا یہ ہے کہ قیامت تک انسانوں کے بعد انسان آتے جائیں اور اس زمین پر خدائی بادشاہت کے قیام کی جدوجہد جاری رکھی جائے تا وقتیکہ وہ گھڑی آ جائے کہ زمین نورِ الٰہی سے معمور ہو جائے اور زمین پر بھی طوعی رنگ میں اللہ تعالیٰ کی مرضی اسی طرح پوری ہو جس طرح آسمان پر ہوتی ہے۔ اس لئے ہر شخص کا فرض ہے کہ جہاں وہ اپنے بچوں کے لئے طبعی خواہش رکھتا ہے وہاں اس نعمت سے نوازے جانے کے بعد ان بچوں کی صحیح رنگ میں تربیت بھی کرے۔ ان کی تربیت کا انتظام کرے، ان کی نشوونما کا خیال رکھے ان کے اخلاق اور کردار کی نگرانی کرے اور انہیں صحیح رنگ میں باخدا انسان بنانے کے لئے پوری جدوجہد کرے۔ اولاد باغ کی حیثیت رکھتی ہے اور ماں باپ اس باغ کے باغبان ہیں۔ ایسے رنگ میں ان پودوں کی آبیاری کرنی چاہیئے کہ وہ نفع رساں اور شیریں ثمردار پودے ثابت ہوں۔ درحقیقت انسان اس بارے میں تبھی حقیقی سرور حاصل کر سکتا ہے جب اس کے بعد اس کی نسل دینداری، تقویٰ، علمی اور عملی رنگ میں اس سے بڑھ کر یا کم ازکم اس ڈگر اور صراط مستقیم پر چل رہی ہو جس پر ماں باپ چل رہے تھے۔

قرآن مجید میں اور احادیث نبویہؐ میں بچوں کے بارے میں والدین کی ذمہ داری نیز تربیت اولاد کی اہمیت اور اس کے وسائل و ذرائع کے بارے میں واضح ہدایات دی گئی ہیں۔ جن کی تفصیل بیان کرنے کے لئے کافی وقت موجود نہیں۔ نیز میں بوجہ پاؤں کے زخم کے بڑھ جانے کے چلنے پھرنے سے کچھ دنوں کے لئے روکا گیا ہوں اور یہی وجہ ہے کہ میں منتظمین کی منظوری سے تقریر کی بجائے یہ نوٹ بھجوا رہا ہوں تا آپ کے جلسہ میں سنا دیا جائے۔

بزرگو! بھائیو! بہنو! اور عزیز بچو تربیت اولاد ایک مشترکہ فریضہ ہے جس کی ادائیگی ہم سب کے تعاون کے ساتھ ہی ہوسکتی ہے۔ رسولِ مقبول ﷺ نے اسی لئے فرمایا ہے کہ سب افراد چھوٹے ہوں یا بڑے، مرد ہوں یا عورت، اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہیں اور ہر شخص سے اس کی ذمہ داری کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ یہ اہم فرض بہت بڑے پختہ عزم کو چاہتا ہے۔ خالص نیت کا متقاضی ہے اور پیہم عمل کا طلبگار۔ اس میں عمر رسیدہ ماں باپ کی جدوجہد بھی ضروری ہے۔ نوجوان ساتھیوں کا تعاون بھی لازمی ہے اور اساتذہ اور تعلیمی اداروں کا پورے خلوص سے حصّہ لینا بھی اساسی ضرورت ہے۔ آج کے بچے کل کے باپ ہیں۔ قوم کی ساری امیدیں ان ہونہاروں سے وابستہ ہیں جو آج دین کے ننھے منے فرزند نظر آتے ہیں۔ میں دیکھتا ہوں کہ سیدنا حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مقرر فرمودہ تنظیمات انصاراللہ۔ خدام الاحمدیہ، لجنہ اماء اللہ اور اطفال الاحمدیہ کے ذریعہ یہ کام اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھے رنگ میں سرانجام پا رہا ہے۔

میں اس وقت آپ حضرات کی خدمت میں صرف ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے دعا کی بہت تلقین فرمائی ہے اور تربیت کے لئے بھی زیادہ دارومدار دعا پر ہے۔ دلوں کی تبدیلی کے بغیر اصلاح ممکن نہیں اور دلوں کا بدلنا صرف

خدائے مقلب القلوب کے اختیار میں ہے۔ اللہ تعالےٰ نے متعدد انبیاء کے ذکر میں ان کی ان دعاؤں کو بیان فرمایا ہے جو وہ اپنی اولاد کی بہتری، اصلاح اور تقویٰ شعاری کیلئے کیا کرتے تھے۔ قرآن پاک نے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ وہ اپنی اولاد کی بھلائی اور تقویٰ کے لئے ہمیشہ اللہ تعالےٰ سے دعائیں مانگتے رہیں۔ خاوند اپنی بیویوں اور اولاد کیلئے اور بیویاں اپنے خاوندوں اور بچوں کیلئے دعائیں مانگتے رہیں تا ماں باپ کو اپنی اولاد کے بارے میں آنکھوں کی ٹھنڈک نصیب ہو اور وہ اپنے پیچھے متقی اور پارسا اولاد چھوڑ کر جائیں۔ ان دلی دعاؤں کا نتیجہ یہ ہو گا کہ یہ بچے روحانی فضاؤں میں پل کر پروان چڑھیں گے اور ان کی زندگی دین کے سپاہیوں کی زندگی ہو گی اور جب وہ ایمان اور قربانی کی لذّت سے بہرہ اندوز ہوں گے تو ان کے دلوں کی گہرائیوں سے بے ساختہ یہ دُعا نکلے گی:

''کہ اے خدا تو ہمارے ماں باپ پر بے انتہا فضل فرما اور انہیں اپنی بے پایاں رحمت سے نوازتا رہ کیونکہ انہوں نے ہماری بہترین رنگ میں روحانی تربیت فرمائی۔''

بھائیو اور بہنو! یہ کتنا خوشگوار منظر ہے جسے دیکھ کر دل میں فرحت وانبساط کی لہر پیدا ہو جاتی ہے کہ ماں باپ بچوں کے متقی اور نیک بننے کے لئے دعائیں مانگتے ہیں اور بچے اپنے ماں باپ کے لئے آسمانی رحمتوں اور برکتوں کے طلب گار ہیں۔ اور یہ تسلسل تا قیامت جاری رہ سکتا ہے بلکہ مجھے کہنے دیجئے کہ یہ وہ نیک ثمرات پیدا کرنے والا عمل صالح ہے جس کے نتائج کی کوئی حد بندی نہیں۔ بلکہ یہ دائمی اور لازوال برکتوں کا موجب ہے۔ پس ہمیں چاہیے کہ **الرحم الراحمین** خدا کے آستانہ پر گر کر اس سے التجاء کریں کہ وہ ہماری اولادوں، ہمارے ان روحانی پودوں کو متقی اور ثمردار بنائے اور ہماری جماعت کی ساری نئی نسل کو حقیقی رنگ میں تقویٰ کی راہوں پر چل کر حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کی فوج کے کامیاب سپاہی بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ کام بہت بڑا ہے جو ہماری جماعت کے سپرد ہوا ہے۔ اور ہم بہت کمزور ہیں نیز دنیوی سامانوں سے آراستہ بھی نہیں اس لئے ہمارا سارا کام محض اور محض اللہ تعالےٰ کے فضل پر موقوف ہے ہم اسی کے فضل کے طلبگار ہیں اور وہی ہمارا ملجا اور ماویٰ ہے۔

(روزنامہ الفضل ربوہ مورخہ ۳۱ مئی ۶۴ء)

دن کی ماند رات ہے یارو

جلوہ گر کِس کی ذات ہے یارو
دِن کی ماند رات ہے یارو

دیکھنا کِس کی ہے پذیرائی
دِل بکف کائینات ہے یارو

ہر گہر تاج میں نہیں لگتا
یہ نصیبوں کی بات ہے یارو

کوئی ہنستا ہے کوئی روتا ہے
اپنی اپنی بَرات ہے یارو

زِندگانی عَبَث نہیں لیکن
اِک ذرا بے ثبَات ہے یارو

کام وہ کیجیئے جو کام آئے
مُختصر سی حَیات ہے یارو

لاکھ بھاری ہو کٹ ہی جائیگی
رات آخر کو رات ہے یارو

آنکھ اُن کی اِدھر بھی اُٹھتی ہے
کوئی مُجھ میں بھی بات ہے یارو

پھر **مبشّر** کی بات سُنتے ہیں
پھر وہی التفات ہے یارو

﴿مبشر احمد صاحب راجیکی مرحوم﴾

روزہ کے احکام

۱ - ماہِ رمضان کے روزے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر بالغ مومن مرد و عورت پر فرض کئے گئے ہیں ۔ ایک دن کا روزہ بھی عمداً بلا کسی شرعی عذر کے ترک کرنا بڑا گناہ ہے جس کی تلافی عمر بھر روزے رکھ کر بھی نہیں ہو سکتی ۔ جب تک کہ ندامت کا احساس اور توبہ و استغفار نہ ہو ۔

۲ - جو شخص مسافر ہو یا بیمار ہو اس کے لئے رخصت ہے وہ دوسرے دنوں میں روزے پورے کرے جو دائم المریض ہو یا بہت بوڑھا اور ضعیف ہو گیا ہو اس پر روزہ فرض نہیں وہ بطور فدیہ ہر روز ایک مسکین کو کھانا کھلا دیا کرے ۔

۳ - جو عورت حاملہ ہو یا بچے کو دودھ پلاتی ہو اس پر روزہ فرض نہیں وہ بطور فدیہ ایک مسکین کو ہر روز کھانا کھلائے ۔

۴ - بھولے سے اگر کوئی چیز کھالی جائے یا پی لی جائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا لیکن اگر عمداً بلا شرعی عذر مثلاً بیماری یا سفر روزہ توڑ دیا جائے تو ایسے شخص کا کفارہ یہ ہے کہ وہ ساٹھ دن مسلسل روزے رکھے ۔ اگر اس کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے ۔

۵ - روزہ کا وقت صبح صادق سے شروع ہو کر غروب آفتاب تک ہوتا ہے ۔

۶ - اگر کسی شخص کو سحری کے وقت کھانا کھانے کا موقعہ نہیں ملا تو وہ اس عذر کی وجہ سے روزہ نہیں چھوڑ سکتا ۔ سحری کا کھانا روزہ کے لئے شرط نہیں ہے ۔

۷ - مرض اور سفر کی حد شریعت نے مقرر نہیں کی اس کا انحصار ہر شخص کی حالت پر ہے ۔ حضرت مسیح موعود علیہ السّلام کے تعامل سے سفر کی حد گیارہ میل معلوم ہوتی ہے اور مرض کی حد یہ ہے کہ جس سے سارے بدن میں تکلیف ہو ۔ یا کسی ایسے عضو میں تکلیف ہو جس سے سارا جسم بے قرار ہو جائے ۔ جیسے بخار یا آنکھ کا درد ۔ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ روزہ دار کی آنکھ میں تکلیف ہو تو دوائی ڈالنا جائز ہے یا نہیں - فرمایا :-

" یہ سوال ہی غلط ہے ۔ بیمار کے واسطے روزہ رکھنے کا حکم نہیں "۔

۸ - جو شخص سفر یا بیماری میں روزہ رکھتا ہے وہ بھی خدا کے حکم کی نافرمانی کرتا ہے ۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں :-

" مریض اور مسافر اگر روزہ رکھیں گے تو ان پر حکم عدولی کا فتویٰ لازم آئے گا "۔

۹ - جو شخص صحت کی حالت میں ہے لیکن اسے خوف ہے ۔ کہ اگر میں روزہ رکھوں گا تو بیمار ہو جاؤں گا تو ایسا خوف محض نفس کا دھوکا ہے اور ہرگز شرعی عذر نہیں ۔ ہاں اگر طبیب کہتا ہے کہ روزہ نہ رکھو تو وہ بیمار کے حکم میں ہے ۔

۱۰ - جس شخص کا سفر ملازمت کے فرائض میں داخل ہے یا روزی کمانے کے لئے ہے جیسے ریلوے کے ملازم یا گاڑی کے ڈرائیور یا پھیری والے ان سب کو روزہ رکھنا چاہیئے ۔ ان کا سفر سفر نہیں بلکہ معمول کی حالت ہے ۔

۱۱ - جو لوگ مزدور پیشہ یا زمیندار پیشہ ہیں اور رمضان میں انہیں ایسی مشقّت کا کام پڑ جائے کہ اگر چھوڑیں تو ۶ ماہ کی فصل ضائع ہو جائے اور اگر کام کریں تو روزہ نہ رکھ سکیں تو وہ مجبور کے حکم میں ہیں ۔ مزدور پیشہ کو چاہیئے کہ وہ باقی سال کے گیارہ مہینہ اس قدر محنت کرے کہ رمضان میں آرام کر سکے ۔ حضرت مسیح موعود علیہ السّلام نے ایسے کاشت کاروں اور مزدوروں کے بارے میں جن کا گذارہ مزدوری پر ہے اور روزہ ان سے نہیں رکھا جاتا ۔ فرمایا :-

" اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّات ۔ یہ لوگ اپنی حالتوں کو مخفی رکھتے ہیں ۔ ہر شخص تقویٰ و طہارت سے اپنی حالت سوچ لے ۔ اگر کوئی اپنی جگہ مزدوری پر رکھ سکتا ہے تو ایسا کرے ورنہ مریض کے حکم میں ہے ۔ پھر جب میسّر ہو رکھ لے "

(ملفوظات جلد نہم صفحہ ۳۹۴)

جواب نامہ

ناصر احمد وینس

جماعت احمدیہ کو ''دعوتِ قرآن و اسلام'' !

مسلمانو! ذرا انصاف سے کہیو خدا لگتی۔۔۔۔۔

ٹورانٹو سے شائع ہونے والے فکرِاقبال کے ترجمان ماھانہ جریدہ" آفاق" کے جولائی ۲۰۰۲ء کے شمارے میں ایک کالم نگار سید افتخار حیدر صاحب کے قلم سے بانیٔ سلسلہ احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر اعتراضات کرنے کے علاوہ افرادِ جماعت احمدیہ کو " دعوتِ اسلام و قرآن" بھی دی گئی ھے۔ معترض کے تقریباً ھر اعتراض کا علیحدہ مفصل جواب ایک مقالہ کی صورت احاطہ تحریر میں لا کر مذکورہ جریدے کو بھجوا دیا گیا۔ جس میں موصوف کی طرف سے احمدیوں کو دی گئی دعوتِ اسلام و قرآن کا تفصیلی جواب بھی شامل تھا۔ ذیل میں احمدیوں کو دی گئی دعوتِ اسلام و قرآن کا متذکرہ جواب برائے مطالعہ قارئین ، شامل اشاعت کیا جا رہا ھے۔

جذبۂ خیر خواہی ایک لائقِ شکر یہ امر، لیکن۔۔۔

سیّد افتخار حیدر صاحب احمدیوں کو دعوتِ قرآن دیتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔'' اے اہلِ بصیرت، دین سے انحراف کرنے سے اجتناب کرو اور اپنی دنیاو آخرت کی خاطر قرآن کے راستے پر واپس آ جاؤ''

سید افتخار حیدر صاحب نے ہم احمدیوں کو جو ''دعوتِ قرآن'' دی ہے اس کیلئے موصوف یقیناً لائقِ شکریہ ہیں کہ حلقہ فکرِ اقبال میں ایک ایسی ہستی بھی موجود ہے جسے افرادِ جماعتِ احمدیہ کی خیر خواہی کا احساس ہے تاھم حیدر صاحب کی دعوت سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ جماعت احمدیہ کیلئے یہ خیر خواہی کی سوچ ان کی ذاتی ہے یا حلقہ فکرِ اقبال کے دیگر دوستوں بالخصوص مدیرِ آفاق جناب سیّد سجاد حیدر صاحب سے مشورہ کے بعد انہوں نے یہ دعوت دی ہے۔ کیونکہ مدیرِ آفاق پیشتر ازیں اپنے پرچے کے متعدد مضامین میں احمدیوں کے خلاف انتہائی معاندانہ تحریرات شائع کر چکے ہیں۔ بہر حال جو بھی صورتِ حال ہو موصوف کی اس تحریر کے جواب میں چند گزارشات گوش گزار کرنی مقصود ہیں۔

کیا حیدر صاحب پہلے یہ وضاحت فرمانا پسند کریں گے کہ وہ کون سے اسلام کی بات کر رہے ہیں؟ اسکو انہوں نے کہاں نافذ کیا ہے؟ وہ کونسا مبارک خطہ ہے جہاں اسکے ثمرات ظاہر ہو رہے ہیں؟ اگر حیدر صاحب پاکستان کی اسمبلی کے ۷ستمبر ۱۹۷۴ء والے فیصلے کی روشنی میں آئینی ترمیم کی بناء پر خود کو'' سرکاری مسلمان'' کہلوائے جانے پر فخر محسوس کرتے ہوئے احمدیوں کو دعوتِ اسلام دے رہے ہیں تو اس اسمبلی نے اتنا بڑا فیصلہ کر دیا۔ پاکستان کو اسلامی معاشرہ تو نہ بنا سکی۔۔ ہاں کچھ لوگ اسلام و قرآن کے ٹھیکیدار ضرور بن گئے!

ان سطور میں پارلیمنٹ کی طرف سے آئینی ترمیم پر تبصرہ مقصود نہیں۔ البتہ یہ کہنا یقیناً خارج از بحث نہ ہوگا کہ پاکستان کی پارلیمنٹ کے فیصلے کا یہ پہلو یقیناً تاریخ ساز تھا کہ چودہ سو سالہ مسئلے میں (نوے سالہ نہیں) پہلی مرتبہ امتِ محمدیہؐ میں قائم ۷۳ فرقوں میں ۷۲ اور ایک کا تعین ہوا اور دونوں نمایاں ہو کر سامنے آ گئے۔ لیکن یہ کہ ۷۲ اور ایک میں سے کس کو کس کے ساتھ شامل ہونا چاہیئے۔

یہ فیصلہ کرنا محترم سیّد افتخار حیدر صاحب، بھٹو دور کی پارلیمنٹ یا کسی مفتی کا کام نہیں۔ کیونکہ یہ فیصلہ اُمت کے والی حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم خود فرما چکے ہیں اور اسی فیصلہ کے قبول کرنے میں سب کی نجات ہے۔ بالفرض جماعت احمدیہ امتِ مسلمہ کے ۷۲ فرقوں کے اجتماعی دھارے میں واپس آنا بھی چاہے تو زیادہ سے زیادہ یہ فرق پڑ سکتا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کے طے کردہ فتویٰ کفر کی زد سے نکل آئے گی۔ لیکن ایک ایسے حمام میں داخل ہو جائیگی جہاں بدقسمتی سے ہر ایک دوسرے کو ننگا ہونے کا طعنہ دے رہا ہے۔ اور کوئی مسلک بھی ایک دوسرے کی تکفیر کی زد سے

محفوظ نہیں۔ ان حالات میں جماعت کو کیا فرق پڑا۔ وہ ایک پارلیمنٹ کے فتویٰ کی زد سے نکل کر ان گنت فتوؤں کی زد میں آ گئی۔ ایسی صورتحال میں حیدر صاحب خود ہی بتائیں کہ جماعت احمدیہ کیلئے ان کی نصیحت پر عمل کرنا کیونکر ممکن ہے۔

قابلِ غور پہلو

جناب افتخار حیدر صاحب نے جماعت احمدیہ کو دعوت نامہ جاری فرمانے سے پیشتر غالبًا اس پہلو سے غور نہیں کیا کہ اِس وقت تمام عالمِ اسلام میں جماعت احمدیہ ایسی واحد جماعت ہے:۔

☆ جو دنیا کے ۱۷۰ سے زائد ممالک میں قائم ہو چکی ہے۔

☆ جو وحدت کے عالمگیر رشتوں میں پروئی ہوئی ہے۔

☆ جو نہایت مضبوط اور مستحکم، اشاعتِ دین کا نظام رکھتی ہے۔

☆ جو عالمِ اسلام کی واحد مذہبی جماعت ہے جس نے غیر تجارتی بنیادوں پر سیٹلائیٹ ڈش سسٹم کی جدید سہولت سے استفادہ کرتے ہوئے چوبیس گھنٹے چلنے والا خالص دینی، تربیتی اور علمی ٹی وی چینل شروع کر رکھا ہے۔ جو پورے کرۂ ارض میں ہر وقت دیکھا جا سکتا ہے۔

☆ دنیا بھر میں جہاں جہاں احمدی جماعتیں قائم ہیں وہ بچوں، جوانوں، بوڑھوں، بچیوں اور مستورات کیلئے الگ الگ دینی، تربیتی و علمی پروگرامز، اجتماعات و سالانہ جلسے منعقد کر کے افرادِ جماعت کے ہر طبقے کو مادہ پرستی اور دنیاوی غلاظتوں سے محفوظ رکھنے میں ہمہ تن سرگرم رہتی ہیں۔

☆ جو عالمگیر سطح پر نہ صرف اپنا ایک متفقہ نصب العین رکھتی ہے، اسکے حصول کیلئے ایک عالمگیر اور متفقہ پروگرام بھی رکھتی ہے۔

آیتِ استخلاف (نظامِ خلافت) پر عمل پیرا واحد جماعت

☆ رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے دو آدمی بھی سفر پر اکٹھے نکلیں تو ایک کو امیر بنا لیں اور دوسرا اسکی اطاعت کرے۔ امارت کیلئے دو سے کم کا یونٹ متصور نہیں ہو سکتا۔ اس کم از کم تعداد پر امیر مقرر کرنے کی نصیحت پر ایک ارب مسلمانوں کے انبوہِ کثیر میں سے بفضل اللہ صرف جماعت احمدیہ عمل پیرا ہے۔ چنانچہ عالمگیر سطح پر جماعت احمدیہ میں ایک امام اور اسکی کامل اطاعت کا نظام (خلافت) رائج ہے۔ اور بیگانے بھی اس کے معترف ہیں۔ اس ضمن میں مولانا ظفر علی خان صاحب ایڈیٹر اخبار زمیندار کا یہ بیان یقیناً خالی از دلچسپی نہ ہوگا جو انہوں نے باوجودیکہ جماعت احمدیہ سے شدید مخالفت رکھنے کے، ۱۳ مارچ ۱۹۳۶ء کو مسجد خیرالدین امرتسر میں تقریر کرتے ہوئے دیا کہ:

’احرار یو! کان کھول کر سنو! تم اور تمہارے لگے بندھے مرزا محمود (جماعت احمدیہ کے دوسرے امام ۔ ناقل) کا مقابلہ قیامت تک نہیں کر سکتے۔ مرزا محمود کے پاس قرآن ہے۔ قرآن کا علم ہے۔ تمہارے پاس کیا خاک دھرا ہے۔ تم میں بھلا ہے کوئی جو قرآن کے سادہ حروف بھی پڑھ سکے۔ تم نے کبھی خواب میں بھی قرآن نہیں پڑھا۔ مرزا محمود کیساتھ ایسی جماعت ہے جو تن من دھن، اسکے ایک اشارے پر اسکے پاؤں میں نچھاور کرنے کو تیار ہے۔ مرزا محمود کے پاس مبلّغ ہیں۔ مختلف علوم کے ماہر ہیں۔ دُنیا کے ہر ملک میں اس نے جھنڈا گاڑ رکھا ہے۔‘‘

(ایک خوفناک سازش صفحہ ۱۹۶ ۔ مصنفہ مولوی مظہر علی اظہر)

حقوق العباد کی چند مثالیں

☆ اسلام میں حقوق اللہ و حقوق العباد پر خصوصی زور دیا گیا ہے۔ حقوق العباد کے ضمن میں نظامِ جماعت احمدیہ نہ صرف اپنی جماعت کے اندر بلکہ خدمتِ خلق کے خصوصی شعبہ جات کے ذریعے پوری دنیا میں (جہاں جہاں احمدی جماعتیں قائم ہیں) دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے کمربستہ رہتا ہے۔ براعظم افریقہ اسکی نمایاں مثال ہے۔ جہاں احمدیہ ہسپتالوں، کالجوں اور سکولوں کے ذریعہ موذنِ نبویؐ حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قوم کی بھرپور خدمت کی توفیق جماعت کو مل رہی ہے۔ جہاں کہیں آفاتِ سماوی سے مخلوقِ خدا مشکلات میں گھر گئی ہو وہاں جماعتی نظام کے تحت کیمپ لگا کر متاثرین کی ہر ممکن مدد کی جاتی ہے۔ اسمیں ملک، مذہب، رنگ نسل کی کوئی تخصیص نہیں۔ یورپ کے بعض ممالک میں حالیہ شدید بارشوں کے نتیجہ میں سیلاب سے بے گھر ہونیوالے افراد کی ہر ممکن امداد، خدمتِ خلق کی تازہ ترین مثال ہے۔ ہومیو پیتھی طریقہ علاج کے

ذریعے بھی دکھی انسانیت کی رضا کارانہ فری علاج معالجے کی سہولیات کا نظام اکثر ممالک میں جاری ہے۔حتیٰ کہ کینیڈا میں بھی ان گنت ضرورتمند اس خدمت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

حقوق اللہ اور جماعت احمدیہ

☆ جہانتک حقوق اللہ کا تعلق ہے دنیا میں توحید کے قیام اور بنی نوع انسان کو امتِ واحدہ بنا کر رحمت العالمین حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے اکٹھا کرنے کے اوّلین اور بنیادی فریضے کی انجام دہی جماعت احمدیہ کا حقیقی ٹارگٹ ہے۔ چنانچہ اقبالؔ کے الفاظ میں

؎ میری زندگی کا مقصد ترے دیں کی سرفرازی!

کی عملی تصویر کا جو خاکہ جماعت احمدیہ بنا چکی ہے اسکا اعتراف غیروں کو بھی ہے۔ اس مقصد کیلئے اشاعتِ قرآن اور دنیا کی کم از کم سو بڑی زبانوں میں تراجم قرآن پر وسیع کام ہو رہا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ابتک ساٹھ کے قریب زبانوں میں تراجم قرآن شائع ہو چکے ہیں اور بقیہ پر تیزی سے کام جاری ہے۔

اعترافات

رسالہ ''المنبر''

جماعت احمدیہ کی اس مساعی پر تبصرہ کرتے ہوئے جماعت کے ایک مخالف مذہبی جریدہ ''المنبر'' فیصل آباد نے اپنی ۴ مارچ ۱۹۵۶ء کی اشاعت میں لکھا:۔''غیر مسلم ممالک میں قرآنی تراجم اور اسلامی تبلیغ کا کام صرف اس اصول نفع رسانی کیوجہ سے قادیانیت کی بقاء اور وجود کا باعث ہی نہیں ہے۔ ایک عبرت انگیز واقعہ ہمارے سامنے وقوع پذیر ہوا۔۱۹۵۴ء میں جب جسٹس منیر، انکوائری کورٹ میں علم اور مسائل اسلامی سے دل بہلا رہے تھے اور تمام مسلم جماعتیں قادیانیوں کو غیر مسلم ثابت کرنے کی جدوجہد میں مصروف تھیں۔ قادیانی عین انہی دنوں بعض دوسری غیر ملکی زبانوں میں ترجمہ قرآن کریم مکمل کر چکے تھے اور انہوں نے انڈونیشیا کے صدر حکومت کے علاوہ گورنر جنرل پاکستان اور جسٹس منیر کی خدمات میں یہ تراجم پیش کئے۔ گویا وہ بزبان حال و قال کہہ رہے تھے کہ ہم ہیں وہ غیر مسلم اور خارج از ملّت اسلامیہ جماعت جو اِس وقت، جبکہ ہمیں آپ لوگ کافر قرار دینے کیلئے پر تول رہے ہیں، ہم غیر مسلموں کے سامنے قرآنِ کریم ان کی مادری زبان میں پیش کر رہے ہیں۔ غور فرمایئے ان لوگوں کا تاثر کیا ہو گا اور قادیانیوں کا یہ کام ان کی زندگی اور ترقی میں کس قدر ممدومعاون ہے...... یہ لوگ قرآن مجید کو غیر ملکی زبانوں میں پیش کرتے ہیں۔ تثلیث کو باطل ثابت کرتے ہیں۔ سیّدالمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کو پیش کرتے ہیں۔ ان ممالک میں مساجد بناتے ہیں اور جہاں کہیں بھی ممکن ہو اسلام کو امن اور سلامتی کے مذہب کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں''۔ (مساجد کے ذکر پر ایک قابلِ ذکر بات یہ بھی ہے کہ اسپین جیسے کٹر عیسائی ملک میں سقوط غرناطہ کے سات سو سالوں کے بعد دوبارہ مسجد بنا کر دن میں پانچ مرتبہ صدائے اللہ اکبر بلند کرنے کی اولین سعادت بھی جماعت احمدیہ کو حاصل ہوئی)

علامہ نیاز فتح پوری مدیر جریدہ ''نگار''

☆ برصغیر کے ممتاز نقاد اور ادیب علامہ نیاز فتح پوری جماعتِ احمدیہ کی طرف سے خدمتِ قرآن کا ذکر کرتے ہوئے اپنے جریدہ ''نگار'' میں رقمطراز ہیں:۔

''یہ جماعت بلادِ مغرب و افریقہ میں جس جوش و انہماک کیساتھ خدمتِ اسلام میں مصروف ہے۔ اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ وہ دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآنِ پاک کے تراجم حد درجہ سلیقہ و اہتمام سے شائع کر رہے ہیں۔ چنانچہ انگریزی، جرمنی، ڈچ اور سواحیلی زبان کے ترجمے خود میں نے بھی دیکھے اور ان کے اس عزم و ولولہ کو دیکھ کر حیران رہ گیا۔''

(ماہنامہ نگار ماہ ستمبر ۱۹۶۰ء صفحہ ۳۱)

اخبار نوائے وقت۔ لاہور

☆ روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور اپنی ۱۲ اپریل ۱۹۶۰ء کی اشاعت میں لکھتا ہے:''افریقہ میں اگر کوئی پاکستانی مذہبی جماعت بطور مشنری کام کر رہی ہے تو وہ جماعت احمدیہ ہے۔ کیا ہم مولانا مودودی سے یہ امید رکھ سکتے ہیں کہ وہ افریقہ میں تبلیغ کے کام کا بیڑہ اٹھائیں گے؟''

علامہ اقبال

☆ شاعرِ مشرق علامہ اقبال نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے طلباء کے سامنے اپنے ایک انگریزی لیکچر میں افرادِ جماعت احمدیہ کے اجتماعی کردار پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا:

''پنجاب میں اِسلامی سیرت کا ٹھیٹھ نمونہ اُس جماعت کی شکل میں ظاہر ہوا ہے جسے فرقہ قادیانی کہتے ہیں۔'' (''ملتِ بیضا پر ایک نظر''۔صفحہ: ۱۷، ۱۸۔ ناشر مرغوب الحسنی۔ مترجم مولانا ظفر علی خان ایڈیٹر ''زمیندار'')

☆ ۱۹۱۱ء میں علامہ اقبال نے اپنے لختِ جگر آفتاب اقبال کو سیالکوٹ کے مقامی اسکول سے اٹھوا کر دینی تعلیم کی خاطر دیوبند، الندوہ جیسے مدارس کی بجائے قادیان بھجوا دیا۔ جہاں اس نے چار سال تک تعلیم حاصل کی۔

☆ ۱۹۳۲ء میں علامہ اقبال نے چوہدری محمد احسن صاحب کے نام اپنے ایک جوابی مکتوب میں لکھا:

''باقی رہی تحریکِ احمدیت، سو میرے نزدیک لاہور کی جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں۔ جن کو میں غیرت مند مسلمان جانتا ہوں اور ان کی اشاعتِ اسلام کی مساعی میں ان کا ہمدرد ہوں...... اشاعتِ اسلام کا جوش جو ان (حضرت بانیءِ سلسلہ احمدیہ...... ناقل) کی جماعت کے اکثر افراد میں پایا جاتا ہے۔ قابل قدر ہے۔''

(مکاتیب اقبال حصہ نمبر ۲۔ صفحہ: ۲۳۲ خط اپریل ۱۹۳۲ء)

مولانا محمد علی جوہرؔ

☆ جناب مولانا محمد علی جوہرؔ ایڈیٹر اخبار ''ہمدرد'' دہلی رقمطراز ہیں:

''ناشکر گزاری ہوگی کہ جناب مرزا بشیرالدین محمود احمد (جماعت احمدیہ کے دوسرے امام۔ ناقل) اور ان کی اس منظّم جماعت کا ذکر اِن سطور میں نہ کریں جنہوں نے اپنی تر تو جہات بلا اختلاف عقیدہ تمام مسلمانوں کی بہبودی کیلئے وقف کر دی ہیں، وہ وقت دور نہیں جبکہ اسلام کے اس منظّم فرقہ کا طرزِ عمل سوادِ اعظم اسلام کیلئے بالعموم اور ان اشخاص کے لئے بالخصوص، جو بسم اللہ کے گنبدوں میں بیٹھ کر خدماتِ اسلام کے بلند بانگ و در باطن ہیچ دعاوی کے خوگر ہیں، مشعلِ راہ ثابت ہوگا۔''

(اخبار ''ہمدرد'' دہلی۔ 26 ستمبر 1927ء)

خواجہ حسن نظامی

☆ خواجہ حسن نظامی صاحب سجادہ نشین حضرت نظام الدین اولیاءؒ نے اپنی کتاب ''مسلمان مہارانا'' میں لکھا:

''اگرچہ میں قادیانی عقیدہ کا نہیں ہوں۔ نہ کسی قسم کا میلان میرے دل میں قادیانی جماعت کی طرف ہے۔ لیکن میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ قادیانی جماعت اسلام کے حریفوں کے مقابلہ میں بہت مؤثر اور پُر زور کام کر رہی ہے۔''

آپ بھی شرمسار ہو، مجھ کو بھی شرمسار کر!

جناب سیّد افتخار حیدر سے بصد ادب گزارش ہے کہ افراد جماعتِ احمدیہ پر ''دین سے انحراف'' کا الزام لگا کر انہیں اسلام و قرآن کی دعوت تو دے دی ہے۔ لیکن خدا لگتی کہیں کہ مندرجہ بالا خوبیاں (جو عین تعلیماتِ اسلام اور بانیِ اسلام کے ہی اسوۂ مبارکہ کا عکسِ جمیل ہیں) نصیب ہوتے ہوئے ہم احمدیوں کیلئے مسلمانوں کے انبوہِ کثیر کے کسی ایسے دھارے میں ''واپسی'' کی کیا کشش ہو سکتی ہے جہاں:

☆ باہمی اخوت کی بجائے نفسا نفسی ہو
☆ جہاں باہمی انتشار اور پراگندگی ہو
☆ جہاں نصب العین اور منزل کا تصور ہی مفقود ہو
☆ جہاں لائحہ عمل اور پروگرام کا نام و نشاں نہ ہو
☆ کوئی متفقہ اور واجب الاطاعت امام اور قائد ہی نہ ہو
☆ جن کے متعلق علامہ اقبال کا مشاہدہ یہ گواہی دے رہا ہو

؎ یوں تو سیّد بھی ہو مرزا بھی ہو افغان بھی ہو
تم سبھی کچھ ہو، بتاؤ تو مسلمان بھی ہو

جن کی ناگفتہ بہ حالت کے متعلق مولانا مودودی صاحب کچھ ان الفاظ میں نقشہ کھینچ رہے ہوں:۔ ''یہ انبوہِ عظیم، جس کو مسلمان قوم کہا

جاتا ہے اسکا حال یہ ہے کہ ۹۹۹ فی ہزار افراد نہ اسلام کا علم رکھتے ہیں نہ حق و باطل کی تمیز سے آشنا ہیں۔ نہ ان کا اخلاقی نقطہ نظر اور ذہنی رویہ اسلام کیمطابق تبدیل ہوا ہے۔ باپ سے بیٹے اور بیٹے سے پوتے کو بس مسلمان کا نام ملتا چلا آ رہا ہے اس لئے یہ مسلمان ہیں"

("مسلمان اور موجودہ سیاسی کشمکش" حصہ سوم صفحہ ۱۰۵)

☆ جن کے متعلق مولانا سید ابوالحسن ندوی یہ لکھ رہے ہوں:

"اسلام عیسائیت کی طرح چند اعتقادات اور چند رسوم کا مجموعہ بن کر رہ گیا ہے۔" (سیرت سید احمد شہید صفحہ: ۲۳)

☆ مشہور خطیب سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی ایک تقریر میں کچھ یوں کہا گیا ہو:۔ "ہمارا اسلام، ہم نے اسلام کے نام پر جو کچھ اختیار کر رکھا ہے وہ تو صریحی کفر ہے۔ ہمارے دل دین کی سمجھ سے دُور ہماری آنکھیں بصیرت سے نا آشنا، کان سچی بات سُننے سے گریزاں ؎

بے دلی ہائے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق
بے کسی ہائے تمنا کہ نہ دنیا ہے نہ دیں

ہمارا تو سارا نظام کفر ہے۔ قرآن کے مقابلہ میں ہم نے ابلیس کے دامن میں پناہ لے رکھی ہے۔ قرآن صرف تعویز کیلئے اور قسم کھانے کیلئے ہے۔" (بحوالہ اخبار آزاد لاہور۔ ۹ دسمبر ۱۹۴۹ء)

☆ جہاں رسالہ "معارفِ اسلام" لاہور (ترجمان اہلِ تشیع) یہ دُکھ بھری بپتا سنا رہا ہو:۔

"سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ وہ صحیح تعلیم اسلام کہاں سے ملے؟ اسلام میں اتنے فرقے ہو گئے ہیں کہ اگر کوئی شخص تعلیم اسلام کی تلاش کرنے نکلے تو ڈر ہے کہ کہیں پہلا ہی قدم دلدل میں نہ پھنس جائے۔ اب ہمیں جناب رسولِ خدا کا کہنا یاد آیا کہ جس نے صحیح امامِ زمانہ کی معرفت حاصل نہ کی وہ کافر مرا۔" (رسالہ "معارفِ اسلام"۔ نومبر، دسمبر ۱۹۶۴ء صفحہ: ۱۱)

☆ جہاں اسلام میں ایک گروہ خود کو صحابہؓ کی فوج قرار دیتا ہو اور دوسرا محمدؐ کی فوج کہلوا کر ایک دوسرے کی مساجد و امام باڑوں میں معصوم لوگوں کو ان کے اپنے ہی خون میں نہا دینے کو "جہاد" سمجھتا ہو۔

☆ جہاں مسلمان کی معروضی شناخت دنیا میں تشدد پسند، دہشت گرد، ہیروئن ومنشیات کی سمگلنگ اور قانون شکنی قرار پا چکی ہو۔

☆ جہاں "خادم الحرمین" اور مسلمان کہلوانے والے حکمرانوں کی آنکھوں کے سامنے سوڈان جیسے غریب مسلمان ممالک میں انسان قحط اور بھوک سے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر رہے ہوں۔ مگر وہ اپنے ملک وقوم کا سرمایہ (چاہے وہ تیل کے کنوؤں سے حاصل شدہ ہو یا رعایا کے خون پسینے کی کمائی پر لگائے گئے ٹیکسوں کی مد سے) سرے محل خریدنے، رائے ونڈ محلات بنوانے اور اسپین میں تعمیر کروائے گئے قیمتی شاہی محلات میں اپنی عیش کوشیوں پر کروڑھا ڈالرز لٹا دینے جیسے بدنام زمانہ افعال میں ملوث ہوں۔

۱۹۷۴ء میں لاہور میں منعقدہ مسلمان ملکوں کی مسلم سربراہی کانفرنس (جس میں جماعت احمدیہ کو غیر مسلم ڈکلیئر کرنے اور سعودی شاہی ڈکٹیٹر شپ کے سر پر "خلیفۃ المسلمین" کا تاج سجانے کی تجویز بھی پیش کی گئی تھی) کے مسلمان سربراہوں کے مومنانہ کردار کے متعلق حکومتِ پاکستان کے ایک سابق مرکزی وزیر چوہدری نذیر احمد خان اپنی کتاب "داستانِ پاکستان" میں ایک دلچسپ انکشاف کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"ایک (المناک) لطیفہ بھی سن لیجئے۔ فروری ۱۹۷۴ء میں جو چوٹی کی کانفرنس مسلم سربراہوں کی لاہور میں ہوئی تھی، اسکی تیاریوں کے دنوں میں لاہور کی ایک مقامی کلب کے نوٹس بورڈ پر یہ خوشخبری دی گئی کہ بحکم پنجاب گورنمنٹ، فلاں فلاں قسم کی اعلیٰ شراب اب ممبران کو نہیں دی جائے گی کیونکہ وہ سب اسلامی سربراہی کانفرنس کے موقع پر استعمال ہو گی !!"

(بحوالہ: کتاب "داستانِ پاکستان"۔ صفحہ: ۱۱۵۔ سنِ اشاعت ۱۹۷۶ء۔ مطبوعہ: فیروز سنز لمیٹڈ۔ لاہور)

☆ جہاں "مسلمان" پنچائتیں ایسے ایسے حیا سوز فیصلے صادر کریں کہ شیطانیت بھی شرم کے مارے منہ چھپاتی پھرتی ہو۔

☆ ٹورنٹو جیسے ملٹی کلچرل شہر کے ویسٹ اینڈ میں ۵ تا ۷ جولائی ۲۰۰۲ء کو جو لوگ اپنے سالانہ جلسہ میں تقاریر، لٹریچر، خواتین کی الگ باپردہ جلسہ گاہ اور اسلام پر معلوماتی دستاویزی نمائش وغیرہ کے ذریعے بانیٔ اسلام صلی اللہ علیہ

وسلم کے اسوۂ مبارک اور اسلام کی پُر امن تعلیمات کو اس طرح پیش کر چکے ہوں کہ میڈیا کے ذریعے وسیع کوریج کیوجہ سے غیر مسلموں کے ذہنوں سے اسلام کے متعلق شکوک و شبہات دور ہونیکے ساتھ ساتھ اسلام کے پاکیزہ اور پُر امن مذہب ہونیکی حقیقت بھی خوب اُجاگر ہو جائے۔ اُن پر تو دین سے ''منحرف'' ہونے کا اتہام لگا دیا جائے۔ مگر جو لوگ ٹورنٹو کے ایسٹ اینڈ میں عین اُسی روز مارکھم فیئر گراؤنڈ میں یومِ آزادیٔ پاکستان کے نام پر منعقد کردہ میلے میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کا تشخص کچھ یوں عیاں کر رہے ہوں کہ دُخترانِ پاکستان کو ہزار ہا تماشائیوں کے رُو برُو سٹیج پر بے حجابانہ نچوایا جائے اور بھانڈوں، گویّوں کو پاکستانی ہیروز کے طور پر پیش کیا جا رہا ہو۔ وہ لوگ ''پکے مسلمان'' اور شعائرِ اسلام سے بھی ''غیر منحرف'' ٹھہرے!!!

ضمیر سے سوال

اسلامی تشخص کے حوالہ سے مندرجہ بالا دستاویزی شواہد کی روشنی میں کئے گئے موازنہ کے بعد احمدیوں کو ہی خطا وار اور منحرفِ دین کہنے والے دانشوروں کے ضمیر سے حکیم مومن خان مومن کے الفاظ میں فقط اتنا پوچھنا ہے کہ ؎

تمہیں تقصیر اُس بُت کی، کہ ہے میری خطا لگتی
مسلمانو! ذرا انصاف سے کہیو خدا لگتی

ویسے حیرت ہے کہ اسلامی کردار کے حوالے سے تصویر کے دونوں رُخ جانچ لینے کے بعد بھی بے عملی و بے حسی کے شکار بقیہ ۷۲ فرقوں کے ایسے اجتماعی دھارے میں خدا معلوم کیوں سیّد افتخار حیدر جیسا عالم فاضل انسان نہ صرف مطمئن ہو کر بیٹھا ہوا ہے بلکہ دوسروں کو بھی اپنے پاس آ بیٹھنے کی دعوت دے رہا ہے............! ؎

ع صدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے!

پس اے صاحبانِ فکر و نظر، آیئے!

اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی سچی علمبردار اُس جماعت کیساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلئے جو ستائش، صلہ، گالیوں، کفر کے فتووں اور ہجومِ مشکلات و مصائب کی پرواہ کئے بغیر روئے زمین کے تمام انسانوں کو امتِ واحدہ بنا کر انسانِ کامل، سیّد المرسلین، خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع کر دینے کی آسمانی تائید و نصرت سے متمتع مہم میں ہمہ تن مگن ہے۔ دیگر جماعتوں کے مذہبی راہنما تو فتح اسلام کی بجائے فتح ''اسلام آباد'' کی تگ و دو میں اپنی توانائیاں صرف کئے ہوئے ہیں۔ جبکہ اصدق الصادقین حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش گوئیوں کے عین مطابق چودھویں صدی کے سر پر ظہور پذیر ہو جانے والا مہدیٔ معود اور امامِ آخرالزمان، مخالفت پر کمر بستہ اپنی قوم کے لوگوں کو بایں الفاظ دعوتِ فکر دے رہا ہے کہ ؎

صِدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے
ہیں درندے ہر طرف میں عافیت کا ہوں حصار
باغ مُرجھایا ہوا تھا گر گئے تھے سب ثمر
میں خدا کا فضل لایا پھر ہوئے پیدا ثمار
اس تعصب پر نظر کرنا کہ میں اسلام پر
ہوں فِدا، پھر بھی مجھے کہتے ہیں کافر بار بار

وما علینا الاالبلاغ

آندھی اُٹھتی رہی، برق گرتی رہی، جہل کی گود میں فتنے پلتے رہے
ایک پودا تناور شجر بن گیا بے بسی سے عدو ہاتھ ملتے رہے
نصرتِ حق سے منزل پہ پہنچیں دیدہ ور، سہل ورنہ نہ تھا اک صدی کا سفر
ان گنت قافلے گرد میں کھو گئے ان گنت راستے ہی بدلتے رہے
حسنِ یکجہتی، صبر و وفا، ارتقا، سب نظام خلافت سے ممکن ہوا
منکرین خلافت سے پوچھو ذرا کیسے شمس و قمر ان پہ ڈھلتے رہے
جمیل الرحمٰن

آنحضرتﷺ کے والد اور آپ کے دادا

از قلم: محترم حسن محمد خان صاحب عارف

آنحضرتﷺ کے دادا کا نام شیبہ تھا۔ مگر وہ عُرفِ عام میں عبدالمطلب کے نام سے معروف ہیں اور اِسکی وجہ یہ ہے کہ ہاشم جو قریش کے سرداران میں شمار ہوتے تھے اور کعبۃ اللہ کی تومیت کے دو اہم منصب یعنی رفادہ اور سقایہ کے ذمہ دار تھے ایک سفر پر گئے، مگر راستہ میں ہی انتقال ہو گیا۔ اِن کی وفات پر اِن کی جگہ انکے بڑے بھائی مُطلب نے لے لی۔ مکّہ میں ہی اِنہیں اپنے بھتیجے شیبہ جو ہاشم کے بیٹے تھے کے متعلق پتہ چلا کہ وہ بہت ہوشیار اور ذہین ہیں تو مُطلب مدینہ جا کر اُنہیں اپنے ساتھ مکہ لے آئے۔ جب وہ مکّہ میں داخل ہوئے تو لوگوں نے خیال کیا کہ مطلب اپنے ہمراہ کوئی غلام لائے ہیں اور یوں اِن کا نام عبدالمطلب (مُطلب کا غلام) پڑ گیا۔ اُنہیں ''**شیبة الحمد**'' یعنی سفید بالوں والا یا قابل تعریف بھی کہا جاتا تھا۔

عرب میں کثرتِ اولاد عزت و احترام اور وقار کا نشان تھا۔ عبدالمطلب کا ایک ہی بیٹا تھا۔ جس کا نام حارث تھا۔ لوگ عبدالمطلب کو اِس کا طعنہ بھی دیا کرتے تھے جس کی وجہ سے عبدالمطلب کچھ مغموم رہا کرتے۔ اُنہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ اُنہیں کثرتِ اولاد سے نوازے اور اگر اُنہیں دس لڑکے عطا ہوں جو اُن کی زندگی میں جوان ہو جائیں تو وہ اُن میں سے ایک کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان کر دینگے۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کی دعا کو قبول فرمایا اور دس لڑکے عطا فرمائے جو اُنکی زندگی میں جوان بھی ہوئے۔ جن کے نام ہم ذیل میں درج کرتے ہیں۔

۱۔حارث، ۲۔ابوطالب، ۳۔ زبیر، ۴۔ ابولہب، ۵۔ حمزہ، ۶۔المقوم، ۷۔ضرار، ۸۔الفیداق، ۹۔عباس، ۱۰۔عبداللہ

عبدالمطلب کو اپنا عہد یاد تھا اِس بناء پر اُنہوں نے اپنے سب لڑکوں کو بلایا اور اللہ تعالیٰ سے کیا ہوا عہد اُنہیں سنایا اور اُن سے اپنی نذر کا ذکر کیا۔ سب کا سرِ تسلیم خم تھا اور والد کی خواہش پوری کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔

اب سوال یہ تھا کہ دس میں سے کسے قربان کیا جائے اس لئے قرعہ ڈالا گیا۔ جو اُن کے سب سے چھوٹے بیٹے عبداللہ کے نام نکلا۔ عبداللہ سب سے چھوٹے ہونے کے ناطے اور اپنی دیگر خوبیوں کی وجہ سے والدین کو بہت پیارے تھے مگر اب کوئی چارہ نہ تھا اس لئے عبدالمطلب اُنہیں لیکر کعبۃ اللہ کی طرف روانہ ہوئے جہاں قربانیاں پیش کی جاتی تھیں۔ مگر یہ دیکھ کر بہنوں نے آہ وزاری شروع کر دی۔ دیگر عزیزوں نے فریاد کی۔ سردارانِ قریش نے سفارش کی۔ مگر عبدالمطلب کو اپنی نذر پوری کرنی تھی۔ لیکن عبداللہ کے ماموں نے تجویز پیش کی کہ قربانی کے بدلہ میں فدیہ دے دیا جائے جو قبول کر لی گئی۔ ایک جان کا فدیہ دس اونٹ ہوا کرتا تھا۔ قرعہ ڈالا گیا تو پھر عبداللہ کے نام نکلا۔ دوبارہ ڈالا تو عبداللہ کے نام ہی نکلا۔ یہاں تک کہ دسویں بار اونٹوں کے نام نکلا۔ لیکن عبدالمطلب کو تشفی نہ تھی اس لئے تین بار قرعہ ڈالا اور تینوں بار اونٹوں کے نام نکلا اور یوں دس بار قرعہ ڈالنے کی وجہ سے ۱۰۰ اونٹوں کی قربانی دی گئی اور عبداللہ کی جان بچ گئی۔

حضرت عبداللہ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت عمرو بن عائذ تھا۔ اِن کی پیدائش کا سن ۵۴۵ء بتایا جاتا ہے۔ آپ جڑواں پیدا ہوئے تھے، آپ کے ساتھ ایک بہن پیدا ہوئی جس کا نام امرالحکیم البیضاء تھا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے لکھا ہے کہ آپ موحد تھے۔ آپ دین ابراہیمی پر قائم تھے۔ مردانہ حُسن وافر عطا ہوا تھا۔ سخی تھے، وسیع القلب تھے، سیر چشم تھے۔ مکّہ میں متعدد عورتیں اِس بات کی خواہش مند تھیں کہ اِن سے شادی ہو۔ شادی کی عمر ہوئی تو آپ کے والد مدینہ گئے تو وہاں پر قبیلہ زہرہ کی ایک لڑکی آمنہ پسند آ گئیں۔ ان کے والد نے اپنے بیٹے عبداللہ کیلئے مانگ لی اور اُنہوں نے خوشی سے یہ رشتہ منظور کر لیا۔

حضرت آمنہ کے والد کا نام وہب بن مناف تھا۔ والدہ کا نام برّہ بنت عبدالعزّیٰ تھا۔ شادی کے وقت اِن کی عمر بیس برس تھی۔ شادی

کے چند ماہ بعد اِن کے میاں حضرت عبداللہ شام کی طرف تجارت کے لئے گئے اور واپسی پر بیمار ہو گئے اور یثرب ٹھہر گئے۔ پھر چند دن کے بعد فوت ہو گئے ۔ اور وہیں پر قبیلہ بنو نجار کے درمیان دفن ہوئے۔ اُس وقت حضرت آمنہؓ حمل سے تھیں۔ آپ نے اپنا ترکہ پانچ اونٹ۔ چند بکریاں۔ ایک مکان اور ایک لونڈی اُم ایمن چھوڑا۔ آپ کی وفات کے چند ماہ بعد آنحضرت ﷺ پیدا ہوئے۔ حضرت آمنہ کا دستور تھا کہ ہر سال اپنے شوہر کی قبر پر دعا کی غرض سے مدینہ جایا کرتی تھیں ۔ ۵۷۶ء میں جب آنحضرت ﷺ کی عمر ٦ سال اور چند ماہ تھی تو وہ اپنے بیٹے کو لیکر یثرب گئیں۔ اُم ایمن ساتھ تھیں۔ ایک ماہ کے قیام کے بعد آپ واپس روانہ ہوئیں تو دوران سفر ہی بخار، سردرد اور کمزوری کی وجہ سے ابواء کے مقام پر وفات پا گئیں اور وہیں دفن ہوئیں۔ والدہ کی وفات کے بعد آنحضرت ﷺ اپنے شفیق دادا عبدالمطلب کی کفالت میں آ گئے ۔

"سیف اللہ"

حضرت خالدؓ بن ولید

اطاعت خلافت کی ایک عظیم الشان مثال

تحریر: سیّد محمد احمد شاہ صاحب

حضرت خالدؓ بن ولید نے 8ھ بمطابق 629ء مکہ سے مدینہ پہنچ کر حضرت رسول اکرمؐ کے دستِ مبارک پر بیعت کر کے دینِ اسلام میں شمولیت کا شرف حاصل کیا۔ اس نعمتِ عظمیٰ کو حاصل کرنے کے چند ماہ بعد آپکو اسلام کی طرف سے جنگ موتہ میں شمولیت کا شرف حاصل ہوا۔

جنگِ موتہ، حضرت رسول اکرمؐ نے شام کے عیسائیوں کی شرانگیزی کا قلع قمع کرنے کیلئے تین ہزار کی اسلامی فوج حضرت زیدؓ بن حارث کی سرکردگی میں شام کی طرف روانہ کی۔ ملک شام اِن دنوں رومن سلطنت کے ماتحت تھا۔ جب یہ اسلامی لشکر شام کی سرحدوں پر پہنچا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ دشمن دو لاکھ کی کثیر فوج کے ساتھ مقابلہ کیلئے تیار ہے۔ اسلامی افواج نے باوجود اِس کمزوری کے دشمن سے مقابلہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ جنگ کے پہلے دن ہی حضرت زیدؓ بن حارث اور اُنکے بعد فوج کی کمان سنبھالنے والے حضرت جعفرؓ بن ابی طالب اور عبداللہؓ بن رواحہ نے یکے بعد دیگرے شہادت پائی۔ اِسکے بعد فوج کی کمان حضرت خالد بن ولید کے ہاتھ آئی۔ آپ نے بڑی حکمت اور بہادری سے دن بھر دشمن کا مقابلہ کیا۔ کہتے ہیں کہ حضرت خالدؓ بن ولید نے دشمن پر اِس جوش سے حملہ کیا کہ انکے ہاتھوں اُس دن نو تلواریں ٹوٹیں۔ دوسرے دن آپنے فوج کو اِس رنگ میں ترتیب دیا کہ عقب کی فوج کو آگے لے آئے اور سامنے کی فوج کو عقب میں لے گئے۔ دشمن نے جب نئے چہروں کو سامنے پایا۔ تو خیال کیا کہ مسلمانوں کی ایک بہت بڑی کمک راتوں رات پہنچ گئی ہے۔ وہ ڈر گئے۔ اور مقابلہ سے ہچکچائے۔

حضرت خالدؓ بن ولید کو اسلامی فوج کی حفاظت کا موقع مل گیا اور آپ پر حضرت رسولِ اکرمؐ کے اِن تین ہزار عظیم صحابہ کے لشکر کو بخیر و عافیت مدینہ واپس لائے۔ حضرت رسولِ اکرمؐ آپکے اِس کارنامہ سے بہت خوش ہوئے اور آپکو "سیف اللہ" کا خطاب عطا فرمایا۔

حضرت خالدؓ بن ولید کو جنگ موتہ کے بعد حضرت رسولِ اکرمؐ کی معیت میں تمام اسلامی جنگوں میں حصہ لینے کا موقع ملا۔ حضرت رسولِ اکرمؐ نے اپنی وفات سے کچھ عرصہ پہلے حضرت خالدؓ بن ولید کو چار سو سواروں

کے ساتھ نجران کے ایک قبیلہ بنو حارث کی طرف بھجوایا۔ آپنے بنو حارث کو دعوتِ اسلام ایسے پُر حکمت طریقہ سے دی کہ تمام قبیلہ نے اسلام قبول کر لیا جب حضرت رسولِ اکرمؐ کو یہ خوشخبری پہنچی تو آپ نے خالدؓ بن ولید سے نہایت خوشنودی کا اظہار فرمایا۔

حضرت رسولِ اکرمؐ کی وفات پر حضرت ابوبکر صدیقؓ مسندِ خلافت پر بیٹھے تو ملک عرب میں بہت سے قبیلوں نے ارتداد اختیار کیا اور اسلامی حکومت کے خلاف بغاوت کا علم اٹھایا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت خالدؓ بن ولید کی دفاعی صلاحیتوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے بہت سی مہمات کا سپہ سالار مقرر فرمایا۔ آپ جس مہم پر بھی مقرر کئے گئے فتح پائی۔ اِن فتنوں میں سے سب سے بڑا فتنہ مسیلمہ کذاب کا تھا۔

جنگ یمامہ ۔ حضرت خالدؓ بن ولید نے تیرہ (۱۳۰۰۰) ہزار کی فوج کے ساتھ مسیلمہ کذابؔ کی چالیس (۴۰۰۰۰) ہزار کی کثیر فوج کا مقابلہ کیا۔ اِس جنگ میں مسیلمہ کذاب اور اُسکے اکیس (۲۱۰۰۰) ہزار فوجی کام آئے۔ اور اسلامی فوج کے صرف بارہ (۱۲۰۰) سو مجاھد شہید ہوئے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اِن فتنوں کے خاتمہ پر حضرت خالدؓ بن ولید کو سپہ سالار بنا کر بحرین اور ملک فارس کی سازشوں کے سدّباب کیلئے روانہ فرمایا۔ عراق اُن دنوں ملک فارس کا ایک نہایت اہم صوبہ تھا۔ اور اِس کا بادشاہ ہرمز ایک بہت بڑی فوج لیکر مقابلہ کیلئے نکلا۔

جنگ سلاسل:۔ ہرمز کی فوج نے اسلامی افواج کو شکست دینے کا ایسا مصمم ارادہ کر رکھا تھا۔ کہ اُنھوں نے اپنے سپاہیوں کو فولادی زنجیروں میں ایک دوسرے کے ساتھ جکڑ رکھا تھا۔ اِسی لئے یہ جنگ، جنگِ سلاسل کہلائی۔ حضرت خالدؓ بن ولید نے ہرمز کی فوج کو شکستِ فاش دی اور ہرمز خود اِس جنگ میں مارا گیا۔ اگلے چھ مہینوں میں اسلامی افواج نے حضرت خالدؓ بن ولید کی سرکردگی میں اہل فارس سے نو اہم جنگیں لڑیں اور ہر جنگ میں دشمن کو شکست فاش دی۔ ایرانیوں پر ان افواج کا ایسا رعب قائم ہوا، کہ جب بھی اُنہیں اسلامی فوج کی پیش قدمی کی خبر ملتی تو وہ ''دیواں آمدند'' (دیو آ گئے) کے نعرے لگاتے بھاگ کھڑے ہوتے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ اسلامی افواج کی اِن فتوحات کی خبر سن کر بہت خوشی کا اظہار کرتے۔ ایک فتح کی خبر ملنے پر مسجد نبوی میں جمعہ کا خطبہ دیا۔ جسمیں اِن خوشخبریوں کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالےٰ کے فضلوں اور احسانات کا شکر ادا کیا۔ اور حضرت خالدؓ بن ولید کا ذکر کر کے فرمایا '' قریش کی عورتیں خالد کے بعد اتنا بہادر شخص پیدا نہیں کر سکیں گی''

ادھر سلطنت روم کے بادشاہ ہرقل نے مسلمانوں کی فتوحات کی خبریں سن کر شام کی سرحدوں پر اپنی فوج اکٹھی کرنا شروع کر دی تھی۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے چار اسلامی جرنیلوں کو جن میں حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح اور عمروؓ بن العاض بھی شامل تھے سات سات ہزار کی افواج کا سالار بنا کر مقابلہ کیلئے روانہ کیا۔ ہرقل خود قسطنطنیہ سے شام کو مقابلہ کیلئے نکلا اور ایک لاکھ کا لشکر جرّار تیار کیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو خبر ہوئی تو فرمایا ''واللہ میں خالدؓ بن ولید کے ذریعے اِن رومیوں اور شیطان کے ساتھیوں کو نیست و نابود کر دوں گا'' اور خالدؓ بن ولید کو آدھی فوج عراق سے لیکر شام جانے اور شام میں اسلامی لشکر کی کمان سنبھالنے کا حکم فرمایا۔

شام پہنچ کر بصریٰ اور اجنادین میں دشمن کی فوجوں کو شکست دیکر اسلامی حکومت قائم کی۔ صرف اجنادین کی جنگ میں پچاس ہزار کفار اپنے سپہ سالار سمیت مارے گئے۔ اور مسلمان شہداء کی تعداد صرف چار سو پچاس تھی۔ بصریٰ اور اجنادین کی فتح کے بعد اسلامی افواج نے دمشق کا محاصرہ کر لیا۔ دمشق میں ہرقل کا داماد توما سپہ سالار تھا۔ حضرت خالدؓ بن ولید نے اسلامی افواج کو مختلف جرنیلوں کے ماتحت تقسیم کر کے شہر کے چاروں طرف پھیلا دیا۔ توما نے ایک لمبے عرصہ تک محاصرہ کا مقابلہ کرنے کیلئے سامان کیا ہوا تھا کچھ عرصہ معمولی جھڑپوں کے بعد ایک رات معلوم ہوا کہ دمشق کے چیف پادری کے ہاں بیٹے کی پیدائش پر تمام شہر رات بھر عیش وعشرت اور شراب نوشی کے بعد غفلت کی نیند سویا پڑا ہے۔

حضرت خالدؓ بن ولید نے اِس موقع سے فائدہ اٹھا کر شہر کا دروازہ کھول دیا اور اسلامی لشکر شہر کے اندر داخل ہو گیا۔ ادھر توما کو خالدؓ بن ولید کے شہر میں داخلہ کی خبر ہوئی۔ تو اُس نے شہر کے دوسری طرف حضرت ابوعبیدہؓ کو صلح کی پیش کش کی جو حضرت ابوعبیدہؓ نے فوری طور پر قبول کر لی۔ جب حضرت خالدؓ بن ولید کو اِس کا علم ہوا تو اُنہیں بہت قلق ہوا لیکن

آپنے حضرت ابوعبیدہؓ کے اِس صلح نامہ کو قائم رکھا۔

جب آپ دمشق کی فتح کو مکمل کر چکے تو حضرت ابوعبیدہؓ سے کہا کہ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اِن تمام واقعات کی خبر ارسال کر رہا ہوں تو حضرت ابوعبیدہؓ نے انہیں بتایا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا انتقال ہو چکا ہے۔ اور حضرت عمرؓ اُنکی جگہ خلیفۃ الرسول مقرر ہوئے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے مجھے یہ خط لکھا ہے۔ جس میں مجھے اِن افواج کی کمان بطور سپہ سالار سنبھالنے کا حکم دیا ہے۔ یہ خط مجھے دمشق کے محاصرہ کے دوران ہی مل گیا تھا لیکن میں نے وقت کی نزاکت کو مدّ نظر رکھتے ہوئے اِس کا ذکر کسی سے نہیں کیا۔ کیونکہ اہلِ لشکر کو آپ سے ایسی والہانہ محبت ہے کہ آپکی معزولی کی خبر جنگ پر منفی اثرات ڈال سکتی تھی۔ حضرت خالدؓ بن ولید کو خلیفۂ وقت کے حکم کے اعلان میں تاخیر کا بہت دکھ ہوا۔ اور آپنے فوری طور پر کمان لشکر حضرت ابوعبیدہؓ کے سپرد کر کے ایک معمولی سپاہی کے طور پر کام کرنا شروع کر دیا۔

اِس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد حضرت ابوعبیدہؓ نے حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کی کمان میں ایک لشکر ابوالقدس بھجوایا۔ 'ابوالقدس' دمشق سے کچھ فاصلہ پر ایک شہر تھا جہاں دشمن نے اکٹھا ہونا شروع کر دیا تھا۔ جب حضرت عبداللہؓ ابوالقدس کے پاس پہنچے تو معلوم ہوا کہ دشمن کی ایک بھاری فوج وہاں اکٹھی ہو چکی ہے۔ اِس سے پہلے کہ حضرت عبداللہؓ اپنی فوج کو وہاں سے سلامتی سے واپس نکال سکتے کہ دشمن نے اُنہیں گھیرے میں لے لیا۔ حضرت ابوعبیدہؓ کو خبر پہنچی تو آپنے حضرت خالدؓ بن ولید کو اُنکی مدد کیلئے بھجوانے کا ارادہ کیا۔ آپنے حضرت خالدؓ بن ولید کو بلوایا۔ اور بڑی معذرت کے ساتھ اس مہم پر جانے کیلئے کہا حضرت خالدؓ بن ولید نے حضرت ابوعبیدہ کی اِس ہچکچاہٹ کو دیکھتے ہوئے عرض کی اے اسلامی افواج کے سپہ سالار! آپ مجھے حکم دینے سے کیوں ہچکچائے۔ آپ تو حضرت رسولِ اکرمؐ کے اوّلین اور عظیم صحابہ میں سے، جنگی فنون کے ماہر اور عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں۔ خدا کی قسم اگر خلیفۂ وقت ایک کمسن بچے کو بھی میرا امیر مقرر کرتے تو میں اسکی بھی پوری پوری اطاعت کرتا۔ میں نے تو اپنی زندگی اِس دینِ متین کی خدمت کیلئے وقف کر رکھی ہے۔

سبحان اللہ! یہ تھے سیف اللہ، خالدؓ بن ولید۔ اللہ کی وہ تلوار جس نے ہزاروں کفار کو تہہ تیغ کیا۔ وہ تلوار جو نہ کبھی کفار کے سامنے جھکی۔ اور نہ ہی کفار کی عظیم سے عظیم طاقت کبھی اسکو توڑ سکی۔ مگر اطاعت خلافت میں ہمیشہ سرنگوں رہی۔ اے سیف اللہ تجھ پر ہزاروں رحمتیں اور ہزاروں سلام کہ تو نے اطاعتِ خلافت کے حق کو کما حقہٗ پورا کر دیا۔ اور ہمارے لئے اطاعت کی ایک عظیم الشان مثال ہمیشہ کیلئے چھوڑ گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اعلان از طرف قائد تحریکات

زعیم صاحب مجلس انصار اللہ

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ

امید ہے کہ آپ خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ بخیریت ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اسلام اور احمدیت کی مقبول خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ تحریک جدید کا مالی سال 31 اکتوبر 2002ء اور وقف جدید کا مالی سال 31 دسمبر 2002ء کو ختم ہو رہا ہے اور ہماری خواہش یہ ہے کہ اس سال آپ کی مجلس کے جملہ اراکین ان دونوں بابرکت تحریکات میں حصہ لینے سے محروم نہ رہیں۔ امید ہے کہ دفتر انصار اللہ کینیڈا سے ارسال کردہ رپوٹس آپ کو موصول ہو چکی ہوں گی۔ ان پر نظر ثانی کرتے ہوئے جائزہ لیں اور جن انصار بھائیوں نے ابھی تک ان دونوں تحریکات میں حصہ نہیں لیا ان سے وعدہ جات لیکر ساتھ ہی وصولی بھی کر لیں۔ جزاکم اللہ واحسن الجزاء۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم سب کو مقبول خدمات سلسلہ عالیہ احمدیہ کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

والسلام / خاکسار

چوہدری نظیف احمد

قائد تحریکات مجلس انصار اللہ کینیڈا

خلافت ایک مستحکم ڈھال

مکرم الحاج مولوی محمد صدیق صاحب امرتسری سابق مبلغ مغربی افریقہ و فجی

قرآن مجید میں اِس حقیقت کو نہایت واضح طور پر مسلمان کے سامنے رکھا گیا ہے کہ اُمّتِ مسلمہ میں جماعتی لحاظ سے اتحاد اور باہمی تعاون وتعاضد کو قائم کرنے اور قائم رکھنے نیز امت کو اندرونی اور بیرونی فتنوں سے محفوظ رکھنے کے لئے مسلمانوں میں خلافت کا وجود نہایت ضروری ہے۔

آج دنیا بھر میں مسلمانوں کی حالت مسلّمہ طور پر اِس قدر ناگفتہ بہ ہے کہ اُس کے علاج اور اصلاح کیلئے خلافتِ راشدہ اسلامیہ کے قیام و استحکام کے سوا اَور کوئی طریق کار صحیح معنوں میں مستقل طور پر کامیاب نہیں ہوسکتا۔

حضرت سرورِ کائنات محمد مصطفٰی صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جو خلافت راشدہ قائم ہوئی اس کی تاریخ مذکورہ بالا حقیقت کو بالکل واضح کر دیتی ہے کہ خلافت کا نظام مسلمانوں کیلئے جماعتی اور انفرادی ہر دو لحاظ سے ایک غیر متزلزل اور مضبوط ڈھال اور ایک مستحکم ومحفوظ قلعہ کا کام دیتا ہے۔ اور اہل اسلام کو ہر قسم کے شیطانی اور انسانی حملوں اور اندرونی اور بیرونی فتنوں سے نہ صرف محفوظ رکھتا ہے بلکہ نہایت کامیابی سے انکی بیخ کنی اور قلع قمع کرنے کا موجب ہوتا ہے۔سورہ نور میں مذکورہ آیتِ استخلاف میں اللہ تعالیٰ نے خلافتِ راشدہ کی اس خصوصیت کو خوب واضح کیا ہے فرمایا ہے **ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا** یعنی جب مسلمانوں پر کبھی کسی طرف سے یا کسی لحاظ سے خوف وگھبراہٹ یا جماعتی اتحاد کو توڑنے کیلئے کوئی فتنہ وفساد برپا کیا جائے تو ایسے اوقات میں خلافت سے صحیح رنگ میں وابستگی اور وفاداری اُن کیلئے امن تسکین اور حفاظت کا موجب ہوگی۔ کیونکہ نبوت کی نیابت کی وجہ سے خلافت ہمیشہ نصرت الٰہی اور تائید اتِ حقّہ الٰہیہ سے مشرف رہے گی اور جماعتِ مسلمین کے اندرونی و بیرونی دشمنوں کے دفاع اور حفاظت کیلئے ایک آسمانی ڈھال اور مضبوط قلعہ کا کام دیتی ہے۔

حدیث میں امامِ ربّانی اور خلیفہ کا ذکر

حدیث شریف میں بھی حضرت سیّد الخلق محمد مصطفٰی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک اسلامی خلیفۂ راشد اور امام وقت کو ڈھال کے نام سے موسوم کیا ہے چنانچہ حضور ﷺ فرماتے ہیں **الامام جنة یقاتل من ورائه** کہ مسلمانوں کے ربانی امام اور خلیفہ اُمتِ مسلمہ کیلئے ایک مؤیّد من اللہ ڈھال ہوتا ہے۔ جس کی حفاظت و رہنمائی میں جہاد کرنا خواہ وہ جہاد بالقرآن ہو، جہاد بالسیف ہو یا جہادِ اکبر یعنی علی النفس ہو مسلمانوں کی جماعتی ،انفرادی، روحانی جسمانی ، دینی اور دنیاوی غرضیکہ ہر قسم کی کامیابی اور فتح کا موجب ہوتا ہے۔ اِس حدیث شریف کی کئی تشریحیں اور مطالب ہیں۔سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمۃ اللہ علیہ اِس کا مفہوم یوں بیان فرماتے ہیں:

''حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ اسلام کی ساری جنگیں صرف امام کو ڈھال بنا کر لڑی جاسکتی ہیں۔ فرمایا **الامام جنة یقتل من ورائه** اس میں ایک بڑا ہی پیارا مفہوم ہے جو ادا ہوا ہے یہ ہے کہ اسلام کی ساری جنگیں (یعنی روحانی و مادی۔ تبلیغی و تربیتی سب) صرف امام کی ڈھال کے پیچھے کھڑے ہو کر لڑی جاسکتی ہیں۔ ہمارے کئی واقفِ زندگی ایسے ہیں جو انجام بخیر کو پہنچے یا جن کے انجام بخیر کی ہم توقع رکھتے

ہیں اور ان کیلئے دعائیں کرتے ہیں، کئی ٹھوکر بھی کھاتے ہیں ۔ آدم کے زمانے سے اِس وقت تک شیطان انسان کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ لیکن ٹھوکر کی ابتداء یوں ہوتی ہے کہ ہمیں وقف سے فارغ کر دیں ہم اسلام اور احمدیت کی خدمت میں ساری زندگی گزار دیں گے۔ مگر جب تم امام کی ڈھال کے پیچھے سے ہٹ جاؤ گے تو پھر یا تو نعوذ باللہ حضرت نبی کریم ﷺ کا فرمان غلط ہوگا یا تمہاری خواہشات پوری نہیں ہوں گی (صدق اللہ و رسولہٗ) کیونکہ اسلام کی جنگ، الٰہی سلسلہ کی جنگ تو امام کو ڈھال بنا کر اس کے پیچھے لڑی جاسکتی ہے ورنہ نہیں لڑی جاسکتی۔

اِس حقیقت کو سمجھ لینے کے بعد دو چیزیں سامنے آتی ہیں۔ ایک یہ کہ امام مصلحت بتائے گا اور کہے گا کہ یہ حکم ہے اس میں یہ مصلحتیں ہیں اسکے نتیجے میں تمہارے سامنے یہ پروگرام رکھتا ہوں اور کبھی کہے گا میں تمہیں مصلحتیں نہیں بتاتا تمہیں حکم ہے کہ مجھے ڈھال بنا کر پیچھے کھڑے ہو کر جنگ لڑو...... مصلحت بتانا ضروری نہیں ہوتا لیکن امام کے پیچھے پیچھے امام کی ڈھال کے نیچے کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ اور اسلام کی جنگیں لڑنا ضروری ہے۔ یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ چونکہ مصلحت نہیں بتائی گئی اِس لئے ہم ڈھال سے پرے چلے گئے۔ جانے میں اِس طرح تم اپنا نقصان کرو گے اِس طرح اسلام کی جنگ نہیں لڑی جاسکتی۔ اُمتِ محمدیہ پر ایک ایسا زمانہ بھی گزرا ہے کہ جب اُمت کو یہ ڈھال میسر نہ تھی یا چھوٹی چھوٹی ڈھالیں تھیں مگر اُمتِ محمدیہ بحیثیت اُمت اِس ڈھال کے پیچھے نہیں لڑسکتی تھی وہ تو ایک جگہ جمع ہی نہیں ہوسکتی تھی۔ کیا اس وقت مسلمانوں نے کوئی ترقی کی؟ اس زمانے کو مسلم اور غیر مسلم مورخین تنزّل کا زمانہ کہتے ہیں۔'' (الفضل ۴ نومبر ۱۹۷۳ء)

ڈھال والی حدیث کی تشریح میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمۃ اللہ علیہ کا مندرجہ بالا ارشادِ مبارک دائمی اور سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہے اور اس پر صحیح طور پر کار بند ہونے میں ہی اسلام اور احمدیت کی آئندہ ترقی اور غلبہ کا راز مضمر ہے۔ اور یہ امر نہایت خوشکن ہے کہ ہماری جماعت بحیثیت جماعت و افراد اس پر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پورے طور پر عمل پیرا ہے الّا ماشاء اللہ۔ میرے خیال میں عملی لحاظ سے ہمارے اور غیر از جماعت مسلمان بھائیوں کے درمیان یہ اہم ترین مابہ الامتیاز اور خصوصی نشان ہے جس کی برکات سے یہ الٰہی جماعت باوجود نسبتاً نہایت کمزور اور چھوٹی ہونے کے اشاعتِ اسلام اور تبلیغ پیغامِ رسالت اور قوموں کو حلقہ بگوشِ اسلام کرنے کا وہ کام کامیابی سے انجام دے رہی ہے جس کا عشرِ عشیر بھی ہمارے کثیر التعداد مخالفین نہیں کرسکتے۔ **وذلك فضل الله يوتية من يشاء و الله ذو الفضل العظيم۔**

آخری زمانہ میں خلافت کا قیام:

آخری زمانہ کے متعلق قرآن کریم اور احادیثِ صحیحہ کی بیان کردہ پیشگوئیوں پر غور کرنے سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ آخری زمانہ یعنی قربِ قیامت اور مسیح محمدیؑ کی بعثت کے وقت اسلام اور مسلمان نہایت کسمپرسی کی حالت میں ہوں گے۔ شیطان اپنے تمام لاؤ لشکر کے ساتھ اسلام کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کیلئے حملہ آور ہوگا اور مغربی اقوام خاص طور پر اُسکا دستِ راست بن کر اسلام کی بیخ کنی کرنے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگائیں گی۔ ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ حضرت مسیح محمدی کے ذریعہ اسلام اور مسلمانوں میں پھر بیداری اور زندگی پیدا کرے گا۔ اور پھر خلافتِ راشدہ اسلامیہ کا قیام عمل میں آئے گا جو مسلمانوں کیلئے ایک مضبوط اور مستحکم ڈھال کا کام دیگی اور اس کی قیادت میں اسلام کے خلاف طاغوتی لشکروں سے پھر ایک فیصلہ کن جنگ ہوگی جس میں اسلامی خلافت پُر امن روحانی ہتھیار اور جہاد بالقرآن کے ذریعہ دشمنانِ اسلام کو ہمیشہ کیلئے شکست دیکر اہل دنیا کے دل اسلام کیلئے جیت لے گی۔

مولانا ابو الکلام آزاد اور خلافت:

آخری زمانہ کے متعلق ان پیشگوئیوں کو نہ صرف جماعت احمدیہ سے تعلق رکھنے والے بلکہ غیر از جماعت علماء اور لیڈر بھی تسلیم کرتے اور ان کی صحت اور پورا ہونے کے اقراری ہیں۔ چنانچہ پاک و ہند کے مشہور دینی مفکر اور سیاسی لیڈر مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم اپنی کتاب ''مسئلہ خلافت اور جزیرۂ عرب'' میں لکھتے ہیں:

''احادیث میں نہایت کثرت کے ساتھ اسلام کے ایک آخری

دور کی خبردی گئی ہے جو اپنے برکات کے اعتبار سے دورِاول کے خصائص تازہ کرے گا اور جس کا حال یہ ہوگا کہ لایدری اولھا خیر ام اٰخرھا۔نہیں کہا جاسکتا کہ اُمّت کی ابتداء زیادہ کامیاب تھی یا اس کا اختتام ؟ یہی وہ آخری زمانہ ہوگا جب اللہ تعالیٰ کا یہ اعلان اپنے کامل مومنوں میں پورا ہو کر رہے گا کہ لیظھرہ علی الدین کلہ و لو کرہ المشرکون(۹:۲۲)یعنی دینِ اسلام اور اس کا رسول اسلئے آیا کہ تمام دینوں اور قوموں پر بالآخر غالب ہوکر رہے ۔ کیونکہ آخری غلبہ صرف اَصْلَح کیلئے ہے اور تمام دینوں میں اَصْلَح دین صرف اسلام ہی ہے۔''

''یہی وجہ ہے کہ مایوسیوں اور نامرادیوں کی اس عالمگیر تاریکی میں بھی جو آج چاروں طرف پھیلتی جارہی ہیں ایک مومن قلب کیلئے فتح و اقبال کی روشنیاں برابر چمک رہی ہیں بلکہ جس قدر تاریکی بڑھتی جارہی ہے اتنا ہی زیادہ طلوعِ صبح کا وقت قریب آتا جاتا ہے اور ان نصر اللہ قریب کی آواز سنائی دیتی ہے۔''(ص۲۰)

آگے ابوالکلام صاحب خلافت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اسلام کا قانونِ شرعی یہ ہے کہ ہر زمانے میں مسلمانوں کا ایک خلیفہ و امام ہونا چاہئے۔ جس کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے اور مثل اطاعت خدا اور رسول ہے تا وقتیکہ اس سے کفر بواح (صریح) ظاہر نہ ہو''۔(''خلافت'' صفحہ ۲۱۶)

ہمارے مسلمان بھائیوں کو مبارک ہو کہ مذکورہ بالا آیت و احادیث اور ان پیشگوئیوں کے مطابق جن کا ذکر کیا گیا ہے اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل و کرم سے حضرت مسیح موعودؑ کے ذریعہ شیطان کو آخری شکست اور اسلام کی آخری فتح و غلبہ کے سامان پیدا فرمادیئے ہیں اور وہ خلافتِ راشدہ یعنی ''ڈھال'' بھی خلافتِ احمدیہ کی صورت میں عطا فرمادی ہے جس کی پیروی اور جس کی رہنمائی میں حق و باطل کی آخری جنگ لڑی جارہی ہے اور اسلام کی فتح مبین کا روزِ روشن قریب آ رہا ہے۔ مبارک ہیں وہ سعید روحیں جو آنحضرت ﷺ کے حکم کے مطابق اللہ تعالےٰ کے مقرر کردہ خلیفہ و امام کی بیعت میں داخل ہوکر اسلام کیلئے اِس جہادِ اکبر یعنی جہاد بالقرآن میں حصہ لے کر سعادتِ دارین حاصل کریں۔

(بقیہ از صفحہ: 41)

ہو گئے مگر بعض لوگ ایسے ہیں جو ۶۴ سال سے متواتر ہر سال جلسہ سالانہ (خاکسار و راقم کے دادا جان) فوت ہوئے ہیں انہوں نے ۱۸۹۵ء میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ جس پر اب ۶۱ سال گزر چکے ہیں۔۔۔ ان کے ایک لڑکے نے بتایا کہ والد صاحب کہا کرتے تھے کہ میں نے جس وقت بیعت کی اس کے قریب زمانہ میں ہی میں نے ایک خواب دیکھا جس میں مجھے اپنی عمر ۴۵ سال بتائی گئی۔ میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوا اور رو پڑا اور میں نے کہا حضور بیعت کے بعد میرا خیال تھا کہ احمدیت کو جو ترقیات نصیب ہونے والی ہیں انہیں دیکھوں گا۔ مگر مجھے تو خواب آئی ہے کہ میری عمر ۴۵ سال ہے اس پر حضور نے فرمایا گھبراہٹ کی کوئی بات نہیں اللہ تعالیٰ کے طریق نرالے ہوتے ہیں۔ شاید وہ ۴۵ کو ۹۰ کر دے۔ چنانچہ کل جو وہ فوت ہوئے تو ان کی عمر پورے ۹۰ سال کی تھی۔ اس طرح احمدیت کو جو ترقیات ملیں وہ بھی انہوں نے دیکھیں اور ۶۱ جلسے بھی دیکھے۔ ان کے چار بچے ہیں جو دین کی خدمت کر رہے ہیں'' یہ ذکر آ چکا ہے کہ فی الحال کسی خاص حکمت الٰہی سے ہمارا یہ انتہائی بابرکت جلسہ ربوہ میں منعقد نہیں ہو رہا مگر دنیا کے ساتوں براعظموں میں اس جلسہ کے افضال روایتی طریق پر ان برکتوں کو پھیلانے کا باعث بن رہے ہیں جن کی حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے دعا کی تھی اور حضور کا یہ ارشاد کہ ''اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائیدِ حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ خدا کی عجیب در عجیب قدرتوں اور فضلوں کو دیکھتے ہوئے یقین ہے کہ پاکستان میں بھی پہلے کی طرح بلکہ پہلے سے بڑھ کر پرعظمت جلسے پھر منعقد ہونے لگیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سکھلا دیئے اسلوب بہت صبر و رضا کے
اب اور نہ لمبے کریں دن کرب و بلا کے
اُکسانے کی خاطر تیری غیرت تیرے بندے
کیا تجھ سے دعا مانگیں ستم گر کو سنا کے

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام
کے
علم کلام کی برتری کا اعتراف ۔ غیراز جماعت مصنفین کا بے لاگ تجزیہ

مکرم مرزا خلیل احمد صاحب قمر

گذشتہ دنوں ٹورانٹو کے ایک مقامی صحافی نے اپنے اردو اخبار میں جماعت احمدیہ کے علمِ کلام کی بابت اپنے کالم میں لکھا کہ:

''اگر جماعت احمدیہ کا لٹریچر پڑھا جائے تو تاثر یہ ملتا ہے کہ کسی مدرسہ کے مولوی نے اسے تیار کیا ہے۔ ناقص تحریر، بکھرے خیالات، بے ربط فقرے۔ لیکن اس جماعت کے کام دیکھے جائیں تو یہ ایک جدید کارپوریٹ پلاننگ کی طرح ہے۔''

(ہفت روزہ پاکستان اسٹار، ٹورانٹو۔ ۱۵۔۲۱ مئی ۲۰۰۲ء)

مذکورہ کالم نگار نے جماعت احمدیہ کے لٹریچر کے متعلق مندرجہ بالا ریمارکس نامعلوم کس ترنگ میں آکر لکھ ڈالے۔ حالانکہ جماعت احمدیہ بالخصوص سلطان القلم حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کا پیدا کردہ بلند پایہ لٹریچر زبردست جامعیت کا حامل ہے، جسے بے شمار اکابرِ ملت نے خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ زیرِ نظر مضمون اسی حقیقت کا عکاس ہے۔ (ایڈیٹر)

انیسویں صدی کے آغاز میں ہی غیر مذاہب والے اپنے پرانے اور فرسودہ اعتراضات سے مسلح ہو کر اسلام پر نئے سرے سے حملہ آور ہوئے۔ وہ اس زمانہ کے مسلمان مذہبی عالموں کی تصنیف کردہ قرآن کریم کی تفاسیر اور روحانیت سے یکسر خالی اسلام کی دور از کار تشریحات کو مسلمانوں کے سامنے پیش کر کے کہتے کہ یہ ہے تمہارا اسلام! اس کے نتیجے میں اہل اسلام کو غیر مذاہب کے سامنے شرمندگی اٹھانی پڑتی۔ یہ غیر مذاہب والے اپنے ان حربوں سے مسلمانوں کو اپنے اپنے مذاہب میں سمیٹنے میں مصروف تھے۔ ایک طرف تو یہ حالات تھے۔ دوسری طرف مسلمانوں کے مذہبی لیڈروں کی یہ حالت تھی کہ وہ مسلمانوں کی دینی، اخلاقی اور روحانی اصلاح کا فریضہ سرانجام دینے سے غافل تھے۔ کسی سے ذرا سا اختلاف برداشت نہیں کر سکتے تھے اور وہ باہم دست و گریباں رہتے تھے۔ مسلمانوں میں کوئی ایسا شخص موجود نہیں تھا جو ان غیر مذاہب کے اعتراضات کے مدلّل و مسکت جواب دے سکے۔

۱۸۵۷ء کی جنگ کے بعد مسلمانوں کی پسماندگی اپنی انتہا پر پہنچ گئی تھی۔ مسلمانوں کے ہاتھوں سے صرف عنانِ اقتدار ہی نہیں گئی تھی بلکہ اقتصادی، سیاسی، اخلاقی، تعلیمی اور روحانی قدریں بھی ایک ایک کر کے چلی گئی تھیں۔ اور مسلمانانِ ہند مذلت کی طرف رواں دواں تھے۔

بعض علماء کو ان حالات نے بہت متاثر کیا وہ اسلام کی اس پسماندگی کو دیکھ کر کڑھتے تھے مگر بے دست و پا تھے۔ کیونکہ وہ زمانہ کے اعتراضات کو نہ سمجھنے کی وجہ سے ان کے اصولی جواب دینے سے قاصر تھے۔ جس سے غیر مذاہب کے حوصلے کچھ اور بڑھے۔ اس وقت کے حالات کے متعلق ایک مشہور صحافی جناب عبداللہ ملک لکھتے ہیں:

''جس زمانے میں مرزا غلام احمد اسلامی علوم کے حصول اور عبادت و ریاضت میں مصروف تھے وہ زمانہ ذہنی طور پر مسلمانوں اور اسلام کے لئے بڑے کرب کا زمانہ تھا۔ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت ختم ہوئی تو اس صورت حال نے اُس طبقے کو پریشان کیا جو مغل اور دیگر حکومتوں سے وابستہ تھے۔۔۔۔ اب نئی حکومت میں وہ پریشان حال ہو رہے تھے۔ ایک طرف مادی زندگی کا کرب ان کو ستا رہا تھا تو دوسری طرف انگریز اپنی حکومت کی توسیع کے ساتھ ساتھ اپنے مذہب کی تبلیغ پر بھی بہت مُصر تھے۔ ایسی دستاویزی شہادتیں لاانداز مصنفین نے جمع کی ہیں جن

ے یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ اُس دور میں عیسائی پادریوں اور انکی تبلیغ میں زبردست قسم کی جارحیت تھی۔ اور انگریزی سرکار کے اہلکار کھلم کھلا ان پادریوں اور ان کے تبلیغی کارناموں کی سرپرستی فرماتے تھے۔ پنجاب میں اس امر کا شدت سے احساس انگریزی عملداری کے بعد ہونا شروع ہوا۔۔۔ اسی کرب کے دور میں مرزا غلام احمد کی تحریک احمدیت نے جنم لیا۔ لطف یہ ہے کہ سرسید اور غلام احمد دونوں عیسائیت کی یلغار سے بہت بُری طرح متاثر ہوئے اور اس کے خلاف مزاحمت کے طریقے ڈھونڈنے شروع کئے۔"

("پنجاب کی سیاسی تحریکات" صفحہ ۲۲۸)

ان حالات کے نتیجہ میں ایک ایسا طبقہ منظرِ عام پر آیا جو جدید علم کے ساتھ ساتھ دینِ اسلام کا بھی دعوے دار تھا۔ وہ جدید فلسفہ کو اپنانے اور ہر چیز پراس فلسفہ کو لاگو کرنے میں اس قدر آگے بڑھ گیا کہ غیر مذاہب والے اسلام کے جس عقیدہ پر اعتراض کرتے تو جدید علوم کا دلدادہ یہ طبقہ سرے سے ہی ان عقائد کا انکار کر دیتا۔ یا یہ لوگ ان کی ایسی دوراز کار تاویلات کرتے کہ وہ اسلامی عقیدہ اپنی حقیقت اور افادیت کھو بیٹھتا۔ دوسری صورت یہ ہوتی کہ جب غیر مذاہب والے اسلام پر اعتراض کرتے تو یہ گروہ ایسا معذرت خواہانہ رویّہ اختیار کرتا کہ دینِ اسلام کا سارا حُسن ختم ہو کر رہ جاتا۔ اس تاریک زمانہ میں جب تمام مذاہب عالم اسلام کو ایک کمزور اور مردہ مذہب تصوّر کر کے اس پر حملہ آور تھے اور عیسائیت خانہ کعبہ پر یسوع مسیح کا جھنڈا گاڑنے کا دعویٰ کر رہی تھی۔ خدا تعالیٰ نے اپنی قدیم سُنّت اور گذشتہ انبیاء کی پیشگوئیوں کے مطابق اس زمانہ میں اسلام کی صداقت اور دین محمد ﷺ کے باغ کی آبیاری کے لئے حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السّلام کو مبعوث فرمایا۔ اور آپ کو مسیح موعود، امام مہدی اور حکم و عدل کے مقام پر فائز فرمایا۔ آپ نے جہاں مسلمانوں کے عقائد کی اصلاح فرمائی وہاں غیر مذاہب کے گندے اور باطل اعتراضات کے برخلاف مدلّل جوابات کے ذریعے اس طرح پر پرخچے اڑا دیئے کہ مخالفین اسلام کو سامنے آنے کی جرأت نہ رہی۔ بلکہ آپ نے ایسا جارحانہ انداز اختیار فرمایا کہ ان کو اپنے مذاہب کی صداقت ثابت کرنا مشکل ہو گیا۔ اسلام کا یہ بطلِ جلیل ہر ایسے موقعہ پر جہاں اسلام پر اعتراضات ہوئے فوراً کمر ہمت کس کر میدان کارزار میں پہنچا اور اپنے خداداد دلائل سے اسلام کے دشمنوں کو شکست فاش دی اور فتح وظفر کا پرچم لہراتا ہوا اس میدان سے لوٹا۔ پھر یہی نہیں آپ نے غیر مذاہب کے اعتراضات کے جواب میں ایسا لٹریچر پیدا کیا اور ایک ایسا جدید علم الکلام دنیا کے سامنے پیش کیا جس میں دنیا کے تمام مذاہب کے اسلام پر کئے گئے اعتراضات کا جواب موجود ہے۔ جہاں آپ نے غیر مذاہب والوں کے اعتراضات کا جواب دیا وہاں آپ نے ان کی اپنی مذہبی کتب کی رو سے ان کے عقائد کے خلاف اعتراضات کئے جو ان مذاہب کی تعلیمات کے خلاف تھے۔

غرضیکہ آپ نے ایسا عظیم الشان علم الکلام دنیا کے سامنے رکھا جسے اسلام کے تمام مکتبہ ہائے فکر کے لوگوں نے سراہا اور آپ کی وفات کے وقت اخبارات نے غیر مذاہب کے اعتراضات کے جواب دینے اور آپ کی دیگر اسلامی خدمات کی وجہ سے آپ کو اسلام کا ایک فتح نصیب جرنیل قرار دیا۔

اس زمانہ میں مسلمانوں کی پسماندگی کو دور کرنے کے لیے مسلمانان ہند کے مشہور لیڈر سرسید احمد خان صاحب اٹھے۔ انہوں نے دو قومی نظریے کی بنیاد رکھی اور مسلمانانِ ہند کی سیاسی، اقتصادی اور تعلیمی ترقی کے لیے نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ نیز غیر مذاہب کے حملوں کا اپنے رنگ میں اسلام کا دفاع کرنیکی بھی کوشش کی لیکن ان کا اندازِ فکر اور طریق کار کیا تھا اس کا ذکر کرتے ہوئے عبداللہ ملک صاحب لکھتے ہیں:

"سرسید نے جدید علم الکلام کی بنیاد ڈالی جس کے متعلق انہوں نے ایک مفصل تقریر میں کہا ہے اُس زمانے میں۔۔۔۔ ایک جدید علم کلام کی حاجت ہے جس سے یا تو ہم علوم جدیدہ کے مسائل کو باطل کر دیں یا مشتبہ ٹھہرا دیں۔ یا اسلامی مسائل کو ان کے مطابق کر کے دکھائیں۔"

یہ تفسیر اب چھ سات جلدوں میں ملتی ہے اور اس کے مضامین کا

ایک نہایت جامع خلاصہ حالی نے حیاتِ جاوید میں درج کیا ہے۔ اس تفسیر میں سرسیّد نے قرآن کے تمام اندراجات کو عقل اور سائنس کے مطابق ثابت کیا ہے۔ اور جہاں کہیں سائنس کی معلومات اور کلام مجید کے درمیان اختلاف معلوم ہوتا ہے وہاں معتزلہ طریقے کے مطابق آیات کی نئی تاویل اور تشریح کر کے اس اختلاف کو دور کیا ہے۔ سرسید نے معراج، شقِ صدر کو رؤیا کا فعل مانا ہے۔ حساب کتاب، میزان، جنت، دوزخ کے متعلق تمام قرآنی ارشادات کو بطریق مجاز و استعارہ وتمثیل قرار دیا ہے۔ ابلیس اور ملائکہ سے کوئی خارجی وجود مراد نہیں لیا۔ حضرت عیسیٰؑ کے متعلق کہا ہے کہ قرآن مجید کی کسی آیت سے ثابت نہیں ہوتا کہ وہ بن باپ کے پیدا ہوئے۔۔۔۔ دوسری طرف انہوں نے عیسائی مشنریوں کے اعتراضات کو ردّ کرنے کے لیے اسلام کی ایسی توجیہہ کی جس پر عمل کیلئے عقل اور جدید فلسفے کی رو سے کوئی اعتراض نہ ہو سکے۔ جس کے مطابق مسلمانوں کو موجودہ زمانے میں بالخصوص اپنے عیسائی حاکموں سے ربط ضبط رکھنے اور بڑھانے میں کوئی امر مانع نہ ہو۔ رسالہ ''طعام اہل کتاب'' میں انہوں نے ثابت کیا ہے کہ عیسائی یا دوسرے اہل کتاب کا پکا ہوا کھانا مسلمان شرفاء کھا سکتے ہیں۔ یہ تمام کوششیں بنیادی طور پر انگریزی حکومت اور مسلمان امراء کے درمیان خوشگوار تعلقات پیدا کرنے پر منتج ہوئی تھیں۔ مذہب کی توجیہہ اور تاویل کی ضرورت اس لئے تھی کہ مذہب کی بنیاد پر علماء کے ایک مقتدر گروہ نے تعلقات کی خوشگواری میں جو روک کھڑی کی تھی اسے دور کیا جا سکے۔ چنانچہ یہی کام مرزا غلام احمد نے پنجاب میں کیا۔ لیکن دونوں کے طریق کار میں بنیادی فرق تھا۔ اس فرق کا ذکر بعد میں کیا جائے گا۔ لیکن یہ واقعہ ہے کہ سرسید کی تعلیمات ہوں یا مرزا غلام احمد کی، ان دونوں کی تعلیمات کا اثر عامتہ المسلمین سے کہیں زیادہ تعلیم یافتہ افراد پر ہوا۔ کیونکہ یہی وہ تعلیم یافتہ طبقہ تھا جو عیسائی پادریوں کے پراپیگنڈے اور تبلیغ کی وجہ سے اسلام کے بعض عقائد کے متعلق شا کی ہو رہا تھا''۔

(''پنجاب کی سیاسی تحریکات'' صفحہ ۲۴۴ تا ۲۴۶)

سرسید کے ایجاد کردہ علم کلام کی کمزوری

سرسید نے اپنی تعلیمات کے لئے علم الکلام کا سہارا لیا اور عقل و دلیل کو اپنا ہتھیار بنایا اور جس بات کو وہ عقل اور دلیل کی کسوٹی پر پرکھنے میں کامیاب نہ ہو سکے اس کو سرے سے ردّ کر دیا۔ اس کے لئے ان کو بعض آیات کی دور از قیاس تاویلیں بھی کرنا پڑیں اور ان ہی کوششوں کی وجہ سے ان کے حامیوں کے دل میں خلش پیدا ہوئی۔ کیونکہ اسلام کی بعض بنیادی صداقتیں ان تاویلات کی زد میں آئے بغیر نہ رہیں۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ سرسید نے اس کوشش نا تمام میں جو معذرت خواہانہ علمِ کلام ایجاد کیا وہ اسلام میں خود ان کے ہاتھوں ہونے والی توڑ پھوڑ کے ملبہ تلے دب گیا۔

چنانچہ سرسید کے اس علم الکلام کی ناکامی کے بارے میں معروف سکالر شیخ محمد اکرام اپنی کتاب ''موجِ کوثر'' میں لکھتے ہیں:

''جدید علم الکلام کی ناکامی کی ایک اصولی وجہ ہے کہ متکلمین عقل کو ہر چیز پر مقدم رکھ کر دلائل اور قیاسات کے ذریعے سے اسلام کی حقیقت واضح کرتے ہیں۔ بظاہر تو یہ طریق کار ٹھیک ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ عقائد اور ایمان کی بنیاد عقل پر اتنی نہیں ہوتی جتنی قلبی مشاہدے اور ذاتی تجربے پر۔ جب آدمی اپنے تجربے اور مشاہدے کی مدد سے یا بقول غزالی باطن کی آنکھوں سے اللہ کی قدرت دیکھ لیتا ہے تو اسے خود بخود خدائے تعالیٰ کی ہستی پر یقین آ جاتا ہے۔ اس یقین سے اسے مصائب میں تسکین ملتی ہے اور زندگی کی جدوجہد میں تقویت پہنچتی ہے۔ پھر اسے اس بات کی ضرورت نہیں رہتی کہ جزوی مسائل کو سائنس یا عقل کے ترازو میں تولے۔ مذہبی زندگی کی بناء روحانی تجربہ اور مشاہدہ پر ہے عقل اور قیاس پر نہیں۔ متکلمین خشتِ اوّل ہی ٹیڑھی رکھتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان کے دلائل خواہ کس قدر مؤثر ہوں ان سے متشکّکین کی روحانی تسکین

نہیں ہوتی۔ اور سرسید کی قابلیت، محبت اور مذہبی ہمدردی کے باوجود یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کے علم الکلام نے تعلیم یافتہ طبقے یا ارباب شک والحاد کو ایمان کی دولت بہم پہنچائی ہے۔۔۔۔۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی فرد یا کسی قوم کی ترقی کے لئے جُزوی عقائد یا مسائل کو سائنس کے مطابق ناقابلِ اعتراض ثابت کرنے کی اتنی ضرورت نہیں ہوتی جتنی ایمان بالغیب ویقینِ کامل اور ان اخلاقی وروحانی خوبیوں کی، جو مذہب حقہ کا عطیہ ہیں''

(''موج کوثر'' صفحہ ۱۶۳۔۱۶۴)

حضرت بانی سلسلہ احمدیہؑ کے علم کلام کی فوقیّت کا اعتراف۔

سرسید کے مقابلہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السّلام کے علم کلام کی برتری اور فوقیت اور اس کے ہمہ گیر اثر کا ذکر کرتے ہوئے جناب عبداللہ ملک اپنی کتاب ''پنجاب کی سیاسی تحریکات'' میں رقمطراز ہیں:

''اس علم الکلام نے سرسید کے پیروکاروں میں ایک گونہ تلخی پیدا کر دی تھی ۔کیونکہ ایک طرف وہ ان تعلیمات کو سچا بھی جانتے تھے ان کی ضرورتوں کا بھی ان کو پورا پورا احساس تھا۔دوسری طرف وہ روائتی مذہب پر بھی غیر شعوری طور پر دل و جان سے فریفتہ تھے۔ چنانچہ سچ یہ ہے کہ اس دور میں جن لوگوں کو سرسید نے متأثر کیا۔ ساتھ ہی ان کو اپنی تعلیمات سے ایک گونہ آزردہ بھی کیا۔

ان ہی آزردہ دلوں کو بہت حد تک مرزا غلام احمد نے اپنے طور طریقوں سے سمیٹا۔ سرسید نے عقل کی بنیاد پر قرآنی آیات اور مذہبی تعلیمات وعبادات کی جتنی توجیہات اور تاویلات کی تھیں ،مرزا غلام احمد نے ان کے پرخچے اڑا دیئے۔ سرسید نے رسولِ خدا کے معجزات کو رؤیا کا فعل بتا کر تاویل کرنے کی کوشش کی ۔لیکن مرزا غلام احمد نے ان معجزات کو عقل اور دلائل کی بنیاد پر درست ثابت کیا۔چنانچہ مرزا غلام احمد اپنی کتاب ''آئینہ کمالاتِ اسلام'' میں لکھتے ہیں:

''اور اس درجہ لقا میں بعض اوقات انسان سے ایسے امور صادر ہوتے ہیں کہ جو بشریت کی طاقتوں سے بڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ اور الہٰی طاقت کا رنگ اپنے اندر رکھتے ہیں جیسے ہمارے سید و مولیٰ سیّدالرسل حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلّم نے جنگِ بدر میں ایک سنگریزوں کی مٹھی کفار پر چلائی۔ اور وہ مٹھی کسی دعا کے ذریعہ سے نہیں بلکہ خود اپنی روحانی طاقت سے چلائی۔ مگر اس مٹھی نے خدائی طاقت دکھلائی اور مخالف کی فوج پر ایسا خارق عادت اس کا اثر پڑا کہ کوئی ان میں سے ایسا نہ رہا کہ جس کی آنکھ پر اس کا اثر نہ پہنچا ہو اور وہ سب اندھوں کی طرح ہو گئے۔ اور ایسی سراسیمگی اور پریشانی ان میں پیدا ہو گئی کہ مدہوشوں کی طرح بھاگنا شروع کیا اس معجزہ کی طرف اللہ جلشانہ اس آیت میں اشارہ فرماتا ہے:

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى یعنی جب تو نے اس مٹھی کو پھینکا وہ تو نے نہیں پھینکا بلکہ خدا تعالیٰ نے پھینکا یعنی درپردہ الٰہی طاقت کام کر گئی۔ انسانی طاقت کا یہ کام نہ تھا۔۔۔۔کئی دفعہ تھوڑے سے پانی کو جو صرف ایک پیالہ میں تھا اپنی انگلیوں کو اس پانی میں داخل کرنے سے اس قدر زیادہ کر دیا کہ تمام لشکر اور اونٹوں اور گھوڑوں نے وہ پانی پیا اور پھر بھی وہ پانی ویسا ہی اتنی مقدار پر موجود تھا اور کئی دفعہ دو چار روٹیوں پر ہاتھ رکھنے سے ہزار ہا بھوکوں پیاسوں کا ان سے شکم سیر کر دیا اور بعض اوقات تھوڑے سے دودھ کو اپنی لبوں سے برکت دے کر ایک جماعت کا پیٹ اس سے بھر دیا۔ اور بعض اوقات شور آب کنوئیں میں اپنے منہ کا لعاب ڈال کر اس کو نہایت شیریں کر دیا۔ اور بعض اوقات سخت مریضوں پر اپنا ہاتھ رکھ کر ان کو اچھا کر دیا۔ اور بعض اوقات آنکھوں کو جن کے ڈیلے لڑائی کے کسی صدمہ سے باہر جا پڑے تھے اپنے ہاتھ کی برکت سے درست کر دیا۔ ایسا ہی اور بھی بہت سے کام اپنی ذاتی اقتدار سے کئے جن کے ساتھ ایک چھپی ہوئی طاقت الہیٰ مخلوط تھی۔

حال کے برہمو اور فلسفی اور نیچری اگر ان معجزات سیانکار کریں تو وہ معذور ہیں کیونکہ وہ اس مرتبہ کو شناخت نہیں کر سکتے جس میں ظلّی طور پر الٰہی طاقت انسان کو ملتی ہے۔ پس اگر وہ ایسی باتوں پر ہنسیں تو وہ اپنے ہنسنے میں بھی معذور ہیں۔ کیونکہ انہوں نے بجز طفلانہ حالت کے اور کسی درجہ روحانی بلوغ کو طے نہیں کیا۔ اور نہ صرف اپنی حالت ناقص رکھتے ہیں بلکہ اس بات پر خوش ہیں کہ اس حالت ناقصہ میں مریں بھی۔"

(آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۶۵ تا ۶۶)

اب مرزا غلام احمد کی ان تعلیمات نے ان کے حق میں فضا پیدا کی اور ان کے علم و فضل، زہد و تقویٰ، عبادت و ریاضت نے مل کر ان کا ایک حلقہ قائم کر دیا۔ ان کے حلقے کی توسیع میں دوسرا سب سے بڑا عمل ان کا آریہ سماج کے حملوں کا منہ توڑ جواب ہے۔ کیونکہ یہ وہ زمانہ تھا جب ایک طرف عیسائی پادریوں کی یورش ہو رہی تھی تو دوسری طرف ہندوؤں کی ایک تحریک بھی حملہ آور ہو رہی تھی کیونکہ ہندوؤں میں بھی ایک خاص قسم کا سیاسی و سماجی عمل جاری تھا۔۔۔۔۔

ان تمام سرگرمیوں نے مرزا غلام احمد کو اپنے متشدد پیروکاروں کا ایک مضبوط اور مؤثر حلقہ پیدا کرنے میں مدد دی۔ چنانچہ آریہ سماج کے خلاف مرزا غلام احمد نے جو تصنیف و تالیف کی، جو مناظرے اور مباحثے ترتیب دیئے ان سبھی اقدام نے پڑھے لکھے مسلمانوں کو متاثر کیا اور ان میں اچھی خاصی تعداد میں چھوٹے موٹے سرکاری ملازمین بھی تھے۔ کیونکہ ہندوؤں میں بالعموم آریہ سماج کی تحریک پنجاب میں سرکاری ملازمین اور وکیل اور ڈاکٹروں میں ہی پھل پھول رہی تھی۔ اور ان سرکاری دفاتر میں کام کرنے والے مسلمان بھی آریہ سماج کا مقابلہ کرنے کے لئے دلائل اور منطق کے متلاشی تھے۔ چنانچہ اس محاذ پر بھی مرزا غلام احمد نے ہی ان مسلمانوں کی تشفی کی"۔

(''پنجاب کی سیاسی تحریکات'' صفحہ ۲۴۶ تا ۲۵۴)

الغرض! حضرت مسیح موعود علیہ السّلام نے جو زبردست علم کلام پیدا فرمایا اس کی برتری کا اعتراف اپنوں کو ہی نہیں بلکہ غیروں کو بھی ہے۔ اور یہی وہ علمِ کلام ہے جو آنے والے وقت میں بڑی تیزی سے اپنی برتری منوائے گا۔

ہے یہ تقدیر خداوند کی تقدیروں میں

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز

دیدۂ تر سے کوئی سَیلِ رَواں لے کے چلو

دیدۂ تر سے کوئی سَیلِ رَواں لے کے چلو
اُن سے ملنا ہے تو پھر ہدیۂ جاں لے کے چلو

بارشِ سنگِ حوادث ہی سہی، ، ہونے دو
جو نہ شکوہ سے ملوّث ہو، زباں لے کے چلو

دوستو تُم کو محمدؐ کی غُلامی کی قسم
تُم کو چلنا ہے تو پیغامِ اماں لے کے چلو

نالۂ نیم شب و آہِ سحر گاہی سے
اُن تک اِک سِلسلۂ شور و فغاں لے کے چلو

ہم براہین کے قائل ہیں، ہمیں جیتیں گے
آزمانا ہے تو شمشیر و سناں لے کے چلو

ہم تو برسائیں گے گُلہائے محبت تُم پر
تُم جو چاہو تو کوئی سنگِ گراں لے کے چلو

یہ بھی ممکن ہے کہ آئینہ مکدّر ہو جائے
پیشِ جاناں نفسِ شیشہ گراں لے کے چلو

﴿ ڈاکٹر محمود الحسن صاحب ایمن آبادی ﴾

درود شریف کے کثرتِ ورد کی برکات

چند ذاتی و آنکھوں دیکھے مشاہدات

مرسلہ: صوبیدار (ریٹائرڈ) بشیر محمود صاحب۔ ویسٹن ساؤتھ

آج سے تقریباً پچاس ساٹھ برس قبل جب میں نے بزرگان سلسلہ سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی درودشریف کی برکات کے متعلق ایک رویاء سنی اور ملفوظات میں بھی پڑھی تو میں نے بھی درود شریف کا ورد کثرت سے شروع کر دیا۔ حضور کی رویاء یہ تھی۔ آپنے دیکھا کہ فرشتے حضور کے گھر نور کی مشکیں بھر بھر کر صحن میں انڈیل رہے ہیں۔ حضور پُر نور نے فرشتوں سے پوچھا۔ کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فضل کس وجہ سے ہو رہا ہے؟ فرشتوں نے بتایااس لئے کہ آپ کثرت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجد تے ہیں۔

کثرت سے درود شریف پڑھنے کی برکات کا مشاہدہ یہ عاجز بھی کر چکا ہے۔ جن میں سے ایک دوعرض کرتا ہوں ۔راقم فوج میں تھا اور جب کبھی گھر سے کسی بچے یا اہلیہ کی بیماری کا خط ملتا تو بندہ رخصت لیکر چل پڑتا۔ دورانِ سفر بندہ کسی سے بات نہ کرتا بلکہ درود شریف پڑھنا شروع کر دیتاحتیٰ کہ بندہ گھر پہنچ جاتا۔ جب بندہ گھر میں داخل ہوتا تو دیکھتا کہ وہ بچہ یا اہلیہ محض خدا کے فضل وکرم سے بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں۔ یہ واقعات کئی دفعہ ہوئے۔ اگر کوئی چیز گم ہو جاتی تو بندہ درود شریف پڑھنا شروع کر دیتا اور خدا کے فضل وکرم سے وہ چیز مل جاتی۔

ایک واقعہ جو کہ حیرت انگیز اور ایمان افروز بھی ہے عرض کئے دیتا ہوں۔ میرے بڑے بھائی صاحب جو کہ جنرل پوسٹ آفس لاہور میں اسسٹنٹ پوسٹ ماسٹر تھے، اُن کی شادی ہمارے چچا صاحب، جو کہ غیر احمدی تھے کی بیٹی سے ہوئی تھی۔ وہ بغیر اولاد کے وفات پا گئیں۔ اُن کی وفات کے بعد بھائی صاحب ملازمت سے ریٹائر ہوئے تو شادمان لاہور میں اپنی جائیداد فروخت کر کے ربوہ میں ایک مکان خرید لیا اور وہاں رہائش پذیر ہو گئے۔ میرے بڑے بھائی صاحب محلّہ دار النصر شرقی میں ''مسلم کالونی'' کے سامنے اکیلے رہائش پذیر تھے۔ دل کے مریض تھے ایک رات پانی پینے کے لئے اُٹھے تو دل کا دورہ پڑا اور اندر بیٹھک والے کمرے میں فرش پر گر گئے اور پھر وہاں ہی انکی وفات ہوگئی۔ ان کے پڑوسی فضل محمود صاحب جو آجکل کینیڈا میں ہیں کو پتہ چلا تو انہوں نے صدر محلّہ کو اطلاع دی۔ صدر صاحب نے یہ حالت دیکھ کر میرے دونوں بیٹوں مسعود احمد واقفِ زندگی ربوہ اور مقصود ثاقب (حال برامپٹن) کو اطلاع دی تو وہ دونوں بھی آ گئے۔ صدر صاحب نے میرے بڑے بیٹے کو پولیس چوکی بھیجا۔ وہ ایک سب انسپکٹر کو ساتھ لے آیا۔ انہوں نے بھائی صاحب کو اٹھوا کر چارپائی پر لٹا دیا۔ اور کمرہ میں دوائیں اور کچھ میڈیکل سرٹیفکٹ وغیرہ دیکھ کر کہا کہ یہ بیماری سے فوت ہوئے ہیں لہٰذا ان کو دفن کر دیا جائے۔

جنازہ کے بعد اُن کو عام قبرستان میں دفن کر دیا گیا۔مرحوم بھائی مسلم کالونی کے نزدیک رہائش پذیر تھے لہٰذا مسلم کالونی کے دیگر مخالف مولوی بشمول مولوی اللہ یار ارشد وغیرہ مولوی منظور چنیوٹی کے پاس گئے اور کہا کہ فلاں فلاں آدمی فوت ہو گیا ہے اسکو اسکے دو بھتیجوں نے زہر دے کر مارا ہے۔ لہٰذا میرے دونوں بیٹوں کے خلاف تھانہ میں رپورٹ لکھوا دی۔ اور ڈی ۔سی جھنگ سے پوسٹ مارٹم کی منظوری لے لی جس نے لالیاں کے ڈاکٹر شاہ صاحب کو پوسٹ مارٹم کے لئے آرڈر دے دیئے۔ قدرتی طور پر جس دن پوسٹ مارٹم ہونا تھا میں رخصت لیکر گھر پہنچ گیا۔ میں اُن دنوں چترال میں ہوتا تھا۔ گھر والوں نے بتایا کہ غیر احمدی ملّاؤں نے دونوں لڑکوں کے خلاف رپورٹ کی ہے کہ انہوں نے اپنے تایا صاحب کی جائیداد پر قبضہ کرنے کی خاطر اُنکو زہر دے دیا ہے۔ اور آج چار بجے اُن کا پوسٹ مارٹم ہوگا۔ ہمیں تھانہ میں بلایا گیا۔ تھانہ دار نے مجھ سے پوسٹ مارٹم کے واسطے میّت وصول کرنے کی باقاعدہ تحریری اجازت

لی۔ اِسی دوران ملاّ اللہ یار ارشد تھانہ پہنچ گیا جس نے تھانہ دار کو کہا کہ پوسٹ مارٹم کے بعد میّت ہمیں دی جائے۔ تھانہ دار نے اسکو گالی دے کر کہا کہ تم کو کس نے بلایا ہے دفع ہو جاؤ یہاں سے جن رشتہ داروں سے میّت وصول کر رہا ہوں انہی کو میّت واپس کروں گا۔

خیر چار بجے ہم سب بمع ڈی ایس پی، ڈاکٹر صاحب، تھانہ دار جبکہ ناظر امور عامہ ہمارے بھائی مولوی محمد شفیع صاحب اشرف نے دفتر سے مکرمی جناب مولوی عبدالعزیز بھانبڑی صاحب مرحوم مغفور اور چوہدری رشید احمد صاحب کو دفتر سے بھیجا۔ میّت کو قبر سے نکال کر ڈاکٹر صاحب نے پوسٹ مارٹم کیا اور کچھ اجزا نکال کر دو بوتلوں میں بند کر کے سیل کر کے پولیس کے حوالے کئے۔ تا کہ وہ لاہور لیبارٹری میں ٹسٹ کے لئے بھجوائے جاسکیں۔ ہمیں بڑی فکر ہوئی کہ آجکل ملاؤں کا زور ہے رشوت وغیرہ دے دلا کر فیصلہ ہمارے خلاف نہ کروالیں۔

میں نے گھر آ کر حضور کو خط میں ساری تفصیل لکھ دی۔ حضور کا جواب آیا کہ فکر نہ کریں اور جھوٹ سے کام نہ لیں گھر میں میں نے بیگم اور بچوں کو نماز تہجد کی تاکید کی۔ بیگم تو خیر پہلے بھی تہجد گذار تھیں میں بھی کبھی کبھی پڑھ لیا کرتا تھا لیکن اس واقعہ کے بعد تو میں بلاناغہ تہجد گزار بن گیا۔ اب نتیجہ کا انتظار تھا۔ ڈیڑھ ماہ کے بعد میں چھٹی لیکر گھر آیا تو پوچھا کہ کوئی اطلاع آئی۔ تو بیگم نے بتایا کہ ابھی تک کوئی خبر نہیں آئی ایک دن میں مسجد یادگار جو کہ فضل عمر ہسپتال کے اندر ہے، تہجد کی نماز پڑھکر صبح کی نماز کے انتظار میں بیٹھا تھا کہ اونگھ آ گئی اور اونگھ میں ایک آواز سنائی دی کہ ''No Poison'' میں نے کوئی خیال نہ کیا لیکن جلد ہی پھر اونگھ آ گئی۔ پھر وہ آواز آئی کہ ''No Poison'' میں یہ آواز سنکر کھڑا ہو گیا۔

چاروں طرف دیکھا کہ شائد کوئی آدمی ہو لیکن کوئی نہ تھا۔ تھوڑی دیر کے بعد اللہ تعالیٰ نے میری توجہ اس کیس کی طرف پھیر دی میں نے خدا کا شکریہ ادا کیا۔ صبح کی نماز ادا کی اور خوشی خوشی گھر جا کر سب کو مبارکباد دی۔ بیگم صاحبہ مرحومہ نے پوچھا کہ کس بات کی مبارکباد دے رہے ہیں۔ میں نے کہا تھوڑی دیر میں بتاتا ہوں میں نے بڑے بیٹے سے کہا کہ بیٹے جاؤ اور مجسٹریٹ کے ریڈر سے رپورٹ کی نقل لیکر آؤ۔ لڑکے نے کہا کہ ابو آپکو کیسے پتہ ہے کہ رپورٹ آ گئی ہے آپ تو کل آئے ہیں۔ میں نے کہا کہ تم پہلے جاؤ، پھر بتاؤں گا۔ میرا بیٹا ریڈر کے پاس گیا اس نے کہا کہ وہ تو ایک ماہ سے آ گئی ہوئی ہے بیٹے نے کہا کہ ہمیں کیوں اطلاع نہیں دی۔ ریڈر نے کہا کہ اطلاع تو تب کرتے اگر آپکے خلاف ہوتی وہ تو آپکی Favour میں ہے۔ اسمیں لکھا ہے کہ وفات طبعی ہے۔ یعنی بیماری سے ہوئی ہے۔ میرے بیٹے نے اُن سے نقل مانگی تو انہوں نے کہا کہ آپکو نقل دینے کی اجازت نہیں کہیں آپ ملاؤں کے خلاف مقدمہ نہ کر دیں۔ میرے بیٹے نے گھر آ کر بتایا۔

پھر میں نے سکو آواز کے متعلق بتایا کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے حضور کی دعاؤں اور کثرت درود شریف کی برکت سے مجھے رپورٹ کے نتیجہ کے متعلق بتا دیا تھا کہ زہر نہیں۔ تب میں نے حضور کو اطلاع کی۔ حضور نے جواباً مبارک باد دی اور اس واقعہ کے بعد دعا بھی فرمائی۔

اللہ تعالیٰ نے کثرت سے درود شریف پڑھنے کی بہت توفیق دی۔ اور اب بھی توفیق دیتا چلا جا رہا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دُرود شریف کی اہمیت

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَیَّ رُوْحِیْ اَرُدُّ عَلَیْهِ السَّلَامَ۔

(ابوداؤد کتاب المناسك باب زیارة القبور)

حضرت ابوہریرۃ رضؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بھی مجھ پر سلام بھیجے گا اس کا جواب دینے کیلئے اللہ تعالیٰ میری رُوح کو واپس لوٹا دیگا تاکہ میں اس کے سلام کا جواب دے سکوں۔ (یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنے والے کو اس درود کا ایسا اجر اور ثواب ملے گا جیسے خود حضورؐ سلام و درود کا جواب مرحمت فرما رہے ہوں)

قادیان و ربوہ کے جلسہ ہائے سالانہ۔۔چند یادیں، چند تاثرات

مرسلہ: مکرم کرنل (ر) دلدار احمد صاحب

ہمارا گاؤں ادرحمہ ضلع سرگودہا (پاکستان) حضرت مولوی شیر علی صاحبؓ جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ایک جلیل القدر صحابی تھے کا گاؤں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے گاؤں کی بیشتر آبادی احمدی ہے۔

میری بچپن کی یادوں کی سب سے زیادہ حسین یاد، وہ سفر ہیں جو ہم تمام ساکنانِ ادرحمہ سردیوں میں جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت کی غرض سے کیا کرتے تھے۔ جلسہ سالانہ کی تاریخ انعقاد سے دو یا تین روز قبل گاؤں کی خاصی بڑی تعداد بشمول جوان۔ بوڑھے، بچے و مستورات گاؤں سے باہر شاہراہ پر مختلف نوعیت کی سواریوں یعنی اونٹ۔ گھوڑا۔ گدھا۔ سائیکل وغیرہ کے ساتھ پوری تیاری سے مجمع کی صورت میں اکٹھے ہو جاتے۔ خاصی تعداد پیدل چلنے والے حضرات کی بھی ہمراہ ہوتی۔

دعا کے بعد قافلہ اِن مختلف انواع کی سواریوں پر سفر کا آغاز کرتا۔ سفر کا پہلا مرحلہ گاؤں سے پنڈی بھٹیاں تک تھا۔ سردیوں کے دن چھوٹے ہونے کے باعث یہ بیس کوس کا سفر شام تک طے ہوتا۔ اِس سفر کا ایک دلچسپ اور مشکل مرحلہ دریائے چناب کو عبور کرنا تھا جو کشتی کے ذریعہ پار کیا جاتا۔ کشتی پر آدمی۔ اونٹ۔ گھوڑے۔ گدھے۔ سائیکل غرضیکہ سب سواریاں اور مسافر سوار ہو جاتے اور ان تمام سواریوں کا کشتی پر چڑھانا اور اتارنا دلچسپ منظر پیش کرتا۔ پنڈی بھٹیاں میں اس زمانہ میں ایک سرکاری سرائے ہوتی تھی۔ ہمارے قافلے کا عموماً اِسی میں قیام ہوتا۔ جنگ عظیم دوم (1939 سے 1945) کے زمانہ میں چونکہ پٹرول جنگی ضروریات کیلئے محفوظ کر لیا گیا تھا اس لئے بسیں کوئلہ سے چلا کرتیں۔ ہر بس کے پیچھے بھاپ پیدا کرنے کے لئے گرم حمام کی مانند فٹنگ ہوتی۔ یہی بھاپ بسوں کو چلاتی۔ پنڈی بھٹیاں سے لاہور کا سفر ہم اِن بسوں پر کرتے اور وہ گھوڑے اور اونٹ وغیرہ یہاں سے واپس کر دیئے جاتے۔ لاہور سے قادیان کا سفر بذریعہ ریل ہوتا۔

بچپن کے زمانہ میں قادیان کے جلسہ سالانہ کی یاد اتنی خوشگوار ہے کہ دل و دماغ اب بھی اس کی لذّت سے سرور حاصل کرتے ہیں۔ تعلیم الاسلام کالج کی بہت ہی خوبصورت اور شاندار عمارت کے سامنے ایک وسیع و عریض میدان میں اینٹوں کی سیڑھیوں کے اوپر تختوں پر ہم بیٹھا کرتے اور جلسہ کے نظارہ سے لطف اندوز ہوتے۔ میرے بچپن کے تصوّر میں حضرت المصلح موعودؓ کے خطاب کے علاوہ حضرت مفتی محمد صادق صاحبؓ اور مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھریؒ کی تقاریر دماغ میں موجزن ہیں۔

پھر میں خود بھی 1943ء سے تعلیم کی غرض سے قادیان میں ہی مقیم ہو گیا۔ جلسہ کے دنوں میں میری ڈیوٹی ہمیشہ ''معاون مہمان نوازی'' ہوتی تھی۔ جلسہ سالانہ کی ڈیوٹی دینے کا کیا لطف ہے، اس کی حقیقت اور کیفیت کچھ وہی کارکنان جانتے ہیں جو یہ ڈیوٹی انجام دیتے ہیں۔ اسے لفظوں میں بتانا ممکن نہیں۔ چنانچہ ان دنوں میں دن کو بھی جلسہ سالانہ کے مہمانوں کو کھانا پہنچانے پر مامور ہوتا اور رات کو بھی حتّٰی کہ مجھے پتہ بھی نہ چلتا کہ میرے گاؤں سے کون کون جلسہ پر آیا تھا۔ میرے گاؤں سے جلسہ سالانہ پر آنے والے آ کر چلے بھی جاتے اور میں محوِ مہمان نوازی ہی رہتا۔

جلسہ سالانہ ربوہ پر حفاظتی انتظامات

ربوہ میں جلسہ سالانہ میں شامل ہونے کی توفیق خاکسار کو تقریباً ہر سال ملتی رہی۔ خاکسار عموماً سٹیج کے عین سامنے کسیر (پرالی) پر وقت سے کافی دیر قبل جا کر بیٹھ جاتا اور جلسہ کا پورا وقت تقاریر سننے میں محو رہتا۔ 1980ء سے خاکسار کی ڈیوٹی جلسہ سالانہ ربوہ میں بطور نائب افسر خدمت خلق مقرر ہوئی اور 1983ء تک قائم رہی۔ اِن فرائض میں مندرجہ ذیل مقامات کی حفاظت شامل تھی:۔

۱۔ ربوہ شہر

۲۔ **قصرِ خلافت:** عموماً ضلع لاہور کے خدّام اِن کی حفاظت پر متعیّن ہوتے تھے۔

۳۔ **دارالضیافت:** عموماً ضلع لاہور کے خدّام اِن کی حفاظت پر متعیّن ہوتے تھے۔

۴۔ **مسجد اقصیٰ:** عموماً ضلع کراچی کے خدّام اس حفاظت پر مقرر ہوتے۔

۵۔ **جلسہ گاہ:** عموماً ضلع کراچی کے خدّام اس حفاظت پر مقرر ہوتے۔

اِن مقامات کے علاوہ ربوہ شہر میں داخل ہونیوالے بیرونی راستوں کی حفاظت کی خاطر ربوہ کی بیرونی حدود پر 12 پوسٹیں قائم کی جاتیں اور اِن پوسٹوں پر ضلع سرگودہا و فیصل آباد کے خدّام متعیّن ہوتے تھے۔

ربوہ کے اندرون کی حفاظت کیلئے ضلع شیخوپورہ کے خدّام موٹر سائیکلوں پر دن رات تمام محلوں میں پٹرولنگ کرتے رہتے۔ جماعت احمدیہ کینیڈا کے موجودہ نیشنل سیکریٹری تربیت ملک خالد محمود صاحب اِس ٹیم کے انچارج تھے۔ ضلع گوجرانوالہ کے خدّام کے ذمّہ سامعین شماری تھی۔ اور وہ ہر تقریر کے دوران اُس وقت کی مکمل حاضری سٹیج پر پہنچا دیتے۔

فوج میں کسی مقام کی حفاظت کی غرض سے اس کی بیرونی سرحدوں پر پوسٹیں یا پکٹیں لگائی جاتی ہیں۔ اِسی طرح ربوہ کے تمام اطراف پر پوسٹیں مقرر کی جاتی تھیں۔ اِس بات کا جائزہ لینے کے لئے کہ تمام پوسٹوں پر خدّام مستعدی سے ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں فوج میں رائج ''پترہ سسٹم'' کے مطابق دفتر خدام الاحمدیہ سے ایک کارڈ جس پر وقت روانگی درج ہوتا روانہ کیا جاتا اور ہر انچارج پوسٹ کا فرض ہوتا کہ وہ اِس کارڈ کو اگلی پوسٹ تک پہنچائے۔ اِس طرح اِس کارڈ کا تمام ربوہ کا چکر لگا کر ڈیڑھ گھنٹہ میں واپس دفتر خدّام الاحمدیہ پہنچنا ضروری ہوتا۔ اگر کارڈ ڈیڑھ گھنٹہ میں نہ پہنچتا تو اِس کا مطلب ہوتا کہ کہیں ڈیوٹی صحیح طور پر نہیں دی جارہی۔ چنانچہ اِس کا سدِّ باب کیا جاتا۔

اصل حفاظت کرنے والی ہستی تو اللہ تعالیٰ کی ہی ہے۔ البتہ جہاں تک انسانی کوشش کا تعلق ہے بفضل اللہ تعالیٰ نہایت منضبط انتظام قائم تھا۔ 1984 سے ربوہ میں جماعتِ احمدیہ کے سالانہ جلسہ پر مسلسل پابندی عائد ہے ۔ (گو ربوہ میں ہی مخالفین احمدیت کو سال میں کئی کئی کانفرنسیں کرنے اور وہاں احمدیوں کو کھلے عام دشنام طرازیاں کرنے کی مکمل آزادی و تحفظ حاصل ہے)۔ بیرونِ پاکستان جہاں جہاں جماعتِ ہائے احمدیہ قائم ہیں وہاں ہر سال سالانہ جلسوں کا انعقاد روائتی جوش وخروش سے ہوتا ہے۔ کارکنانِ جلسہ سالانہ بھرپور جذبوں سے اپنی ڈیوٹیاں دیتے اور شامل ہونے والے مہمانانِ جلسہ اِن رضاکاروں کی مہمان نوازیوں سے مستفیذ ہوکر انہیں دعائیں دیتے اور اگلے سال پھر شامل ہونے کے عزم کیساتھ گھروں کو لوٹتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان روائتی جذبوں کو اسی طرح تا قیامت قائم و دائم رکھے۔ آمین۔

مبارک باد

ہماری مندرجہ ذیل مجالس جن کو خدا تعالیٰ کے فضل سے امسال بیعتوں کے حصول میں کامیابی حاصل ہوئی مجلس انصار اللہ مرکزیہ ان مجالس کے جملہ داعیانِ الی اللہ کو مبارک باد پیش کرتی ہے اور دعا گو ہے کہ مولیٰ کریم اپنے فضل سے اُن کو اِس سے بڑھ کر اپنے فضلوں کا وارث بنائے اور مزید کامیابی کی راہیں ان پر کھولے۔ آمین۔

(۱) وینکوور۔ (۲) مانٹریال۔ (۳) ویسٹرن نارتھ۔ (۴) ایڈمنٹن۔ (۵) سکاربرو۔ (۶) نارتھ یارک۔ (۷) بریمپٹن۔ (۸) پیس ولیج۔

علاوہ ازیں مندرجہ ذیل مجالس جو دعوت الی اللہ کے کام میں مصروف عمل ہیں امید کی جاتی ہے کہ پہلے سے بڑھکر تبلیغ کے میدان میں قدم مارنے کی توفیق پائیں گی: ویسٹرن ساوتھ۔ مسی ساگا۔ کیلگری۔ ہملٹن۔ آٹواہ۔ ٹورنٹو ایسٹ۔ ٹورنٹو سینٹرل۔

قائد تبلیغ مجلس انصار اللہ کینیڈا

تحریر: شاہد جاوید برکی (روزنامہ ڈان)

ترجمہ: عاصم جمالی

.....ایم ایم احمد صاحب کے ہمراہ:

معرکتہ الآراء ماہ وسال

جس کا اکثر حصہ ملک کی خدمت میں گزرا

دامن میں جو کچھ بھی تھا پاکستان کی نذر کر دیا۔

مرزا مظفر احمد۔ جو اپنے دوستوں اور مداحوں میں ایم ایم احمد کے نام سے مشہور ہیں۔ ۲۲ جولائی کو واشنگٹن کے ایک مضافاتی ہسپتال میں چل بسے آپ کئی مہینوں سے علیل چلے آرہے تھے۔ جو کسی بیماری کی وجہ سے نہ تھا۔ یہ عمر کا تقاضا تھا۔ اور آپ کی پاکستان کیلئے تشویش تھی۔ (جس ملک کے لئے آپ ٹوٹ کر محبت کرتے تھے۔ جس کی خدمت کے لئے اپنی تمام انتہائی بارآور زندگی وقف کر رکھی تھی) جس نے آپ کو گھیر رکھا تھا۔

ایم ایم احمد صاحب ۲۸ فروری ۱۹۱۳ء کو قادیان (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کے مراحل آپ نے گورنمنٹ کالج لاہور سے طے کئے اور آکسفورڈ یونیورسٹی سے تعلیم پائی۔ آپ نے ۱۹۳۹ میں انڈین سول سروس میں شمولیت کی۔ ۱۹۳۹ء کا بیج آخری تھا۔ جو برطانوی حکمرانوں کے پرئمیر ایڈ منسٹریٹیو سروس کیلئے بھرتی کیا گیا تھا۔ ہندوستانیوں کو ''آئی سی ایس'' میں بھرتی کرنے کا مقصد برطانوی حکمرانوں کا یہ تھا کہ انتظامی ڈھانچے کو ہندوستان کے رنگ ڈھنگ میں ڈھالا جائے۔ ہندوستان پر حکمرانی کیلئے اس انتظامی ڈھانچے کو ''فولادی پنجہ'' سمجھا جاتا تھا۔ یہ ہندوستانی بنانے کا عمل دوسری جنگ عظیم میں بکھر گیا۔ جنگ کے بعد جب اسے دوبارہ شروع کیا گیا تو اس کی ایک دوسری صورت سامنے آئی۔ جس میں اسے دوسری سروس کیلئے بھی کھول دیا گیا۔ ۱۹۴۷ء میں جب برطانیہ نے ہندوستان کو چھوڑا تو آئی سی ایس کو ختم کر دیا گیا اس کے ممبران کو دعوت دی گئی۔ جس سے بعد میں بننے والی ریاستوں میں شمولیت کا اختیار دیا گیا۔ یا تو ہندوستان میں خدمات سرانجام دیں جس کی اکثریت ہندو آبادی پر مشتمل تھی۔ یا پاکستان چلے جائیں جو ایسا ملک تھا جسے برطانوی ہندوستان کے مسلمان شہریوں کیلئے بالخصوص معرض وجود میں لایا گیا تھا۔ اکاسی (۸۱) ''آئی سی ایس'' افسروں نے بہ شمول ایم ایم احمد صاحب پاکستان میں خدمات سرانجام دینا پسند کیا۔ جنہوں نے پاکستان آنا پسند کیا۔ اُن کی ایک سنٹرل سروس کور بنائی گئی۔ جسے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کا نام دیا گیا۔ بعد میں پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کا نام سول سروس آف پاکستان (سی ایس پی) رکھا گیا۔

ان مخصوص افراد کی اکثریت نے جو نہایت قابل اور تربیت یافتہ سول سرونٹس تھے۔ جنہوں نے پاکستان میں خدمت کرنا پسند کیا تھا۔ ان کو قیام پاکستان کیلئے بہت اہم خدمات سرانجام دینی تھیں۔ ملک کے پہلے دارالخلافہ کراچی میں ان میں سے اکثر چلے گئے۔ ایم ایم احمد صاحب نے لاہور جانے کا انتخاب کیا۔ وہ عہدے جن پر ایم ایم احمد صاحب نے کام کیا اُن میں سے ایک سیکرٹری آف فنانس کا عہدہ بھی تھا۔ بعد میں آپ پاکستان کے دوسرے دارالخلافہ اسلام آباد چلے گئے تھے۔ وہاں آپ نے بہت سے اعلیٰ عہدوں پر کام کیا جن میں سیکرٹری آف کامرس، سیکرٹری آف فنانس اور ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن شامل تھے۔ جب جنرل یحییٰ خان نے صدر ایوب خاں کا تختہ الٹا اور پاکستان پر مارشل لاء لگا دیا تو ایم ایم احمد صاحب کو نئے صدر مملکت کے مشیر کے طور پر تعینات کیا گیا اور آپ کو وفاقی وزیر کے برابر رتبہ دیا گیا۔

اس حیثیت میں ایم ایم احمد صاحب نے مشرقی اور مغربی پاکستان کے درمیاں خانہ جنگی چھڑنے تک کام کیا۔ اس فیصلہ کن واقعہ کے تھوڑے عرصے بعد آپ واشنگٹن چلے گئے اور

ورلڈ بینک میں بحیثیت ایگزیکٹوڈائریکٹر برائے امور پاکستان اور بہت سے مسلمان ممالک کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ جب بنگلہ دیش آزاد ہوا اور اُس نے فیصلہ کیا کہ انڈیا کی زیرِ سرکردگی کام کیا جائے تو پاکستان کو بینک بورڈ کی سیٹ سے ہاتھ دھونے پڑے۔

ایم ایم احمد صاحب واشنگٹن میں ٹھہرے رہے اور آپ کا انتخاب ورلڈ بینک کے ڈپٹی ایگزیکٹو سیکرٹری آف جائنٹ منسٹرل کمیٹی اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) (جسے عرف عام میں ڈوپلمنٹ کمیٹی کہا جاتا ہے) ہوگیا۔ آپ اس عہدے سے ۱۹۸۴ء میں ریٹائر ہوئے۔

میں ایم ایم احمد کو ایک عرصے سے جانتا ہوں۔ میں بطور سی ایس پی آپ سے ۲۱ سال جونیئر تھا مجھے آپ کے ساتھ بہت سے مواقع پر کام کرنے کا موقعہ ملا۔ پہلی بار آپ سے ۱۹۶۹ء میں ملا جب جنرل یحییٰ خان کی مارشل لاء حکومت نے ون یونٹ کو توڑنے کا فیصلہ کیا تو مجھے آپ کے ساتھ کام کرنے کا موقعہ ملا۔ یہ ایک بہت اہم فیصلہ تھا۔ جس کی اہمیت کا فوجی حکومت کو اندازہ نہیں تھا۔

مغربی پاکستان میں ون یونٹ کا قیام اُس نازک توازن کا حصہ تھا جو قیام پاکستان کے بعد غالب سیاسی طاقتوں کے درمیان قائم تھا۔ مغربی پاکستان کے لیڈروں نے آئین کی تشکیل کو مشکل بنا دیا تھا۔ بالخصوص جن کا تعلق پنجاب سے تھا۔ اور وہ یہ نہیں چاہتے تھے۔ کہ اختیارات میں کسی تقسیم کو قبول کریں۔ جو مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان کی جائے کیونکہ اس طرح مشرقی پاکستان ملک کے سیاسی ڈھانچے میں ایک غالب طاقت بن جاتا تھا۔ یہ وقوع پذیر ہو جاتا اگر صوبوں کو قومی مقننہ میں آبادی کی بنیاد پر نمائندگی کی اجازت دے دی جاتی۔ اس صورت میں چونکہ مشرقی پاکستان کی آبادی تمام صوبوں بشمول مغربی پاکستان سے زیادہ تھی۔ اس طرح مشرقی پاکستان کو قومی پارلیمنٹ میں سیٹوں کی اکثریت مل جاتی تھی۔

یہ صورتحال پنجاب کو قابل قبول نہیں تھی ایک سمجھوتہ طے پا گیا جسے پریٹی فارمولا parity formula کہا جاتا ہے۔ اس کے مطابق ملک کے دو یونٹ مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان تھے۔ ہر ایک یونٹ کو قومی مقننہ میں برابر کی نمائندگی حاصل ہوتی تھی۔ اس صورت حال کے پیش نظر ۱۹۵۶ء میں مغربی پاکستان کے ون یونٹ کا قیام عمل میں آیا۔ ۱۹۵۸ء میں پاکستان نے اپنے آئین کا نفاذ کیا۔

پیریٹی فارمولا سے ۱۹۵۶ء کا آئین ٹوٹنے سے بچ گیا اور ۱۹۶۲ء کے آئین کے تحت نیا سیاسی نظام قائم ہوگیا۔ تاہم فوجی حکومت کے تحت انتہائی مرکزیت کے سیاسی نظام نے بہت سے مسائل کھڑے کر دیئے۔ ایوب خاں مکمل طور پر مرکزی حکومت پر چھا گئے اور گورنر امیر محمد خاں آف کالا باغ اور عبدالمنعم خاں مغربی اور مشرقی صوبوں پر برابر کے اختیارات سے حکومت کرنے لگے۔ صرف تینوں ہاتھوں میں طاقت کا ارتکاز عوام کے لئے آرام کا باعث نہ بنا۔

مشرقی پاکستان میں اسلام آباد کے تسلط کے خلاف آگ بھڑکی اور مغربی پاکستان کے چھوٹے صوبوں میں نواب آف کالاباغ کی مطلق العنانیت کے خلاف کوئی ہمدردی نہ رہی۔ اقتدار سنبھالنے پر یحییٰ خاں نے ان پریشانیوں کا مداوا مشرقی پاکستان کے ون یونٹ کو توڑ دیا۔ ون یونٹ کے توڑنے کے کٹھن کام کو ایک کمیٹی کے سپرد کیا گیا۔ جس کے سربراہ ایم ایم احمد صاحب تھے۔ ایم ایم احمد صاحب نے پنجاب کی نمائندگی کی۔ جبکہ غلام اسحاق خاں نے سرحد کی اور اے۔جی قاضی نے سندھ کی اور یوسف اچکزئی نے بلوچستان کی۔ کمیٹی کے سیکرٹریٹ میں چار ارکان تھے۔ ظہور اظہر، ڈاکٹر ہمایوں خاں، ڈاکٹر صدیقی اور راقم الحروف کمیٹی کا کام بڑا پیچیدہ تھا۔ اسے نہ صرف ون یونٹ توڑنے کے انتظامات کرنے تھے۔ بلکہ چار نئے صوبوں کا قیام پرانی نوابی ریاستوں کا ادغام براہ راست چلائے جانے والے علاقوں سے بھی کرنا تھا۔

ایم ایم احمد صاحب اس کام کے تقاضوں پر پورا اترتے تھے۔ کئی ہفتوں تک صبر و وقار اور قابلیت سے (جو کہ آپ کی شخصیت کی صفات تھیں) آپ نے ون یونٹ توڑنے والی کمیٹی کی راہنمائی اُن تمام امور میں کی جن کی نشاندھی یحییٰ خاں کی حکومت نے کی تھی۔ کمیٹی کے منصوبے پر عمل درآمد یکم جولائی ۱۹۷۰ سے شروع ہوا۔ جب مغربی پاکستان کا ون یونٹ توڑ دیا گیا۔ اور تمام اختیارات

بلوچستان نارتھ ویسٹ فرنٹیئر پنجاب اور سندھ کے صوبوں کو منتقل کر دیئے گئے۔

میرا دوسرا قریبی رابطہ ایم ایم احمد صاحب کے ساتھ ان ہی دنوں میں ہوا جب آپ کے ذمہ مشرقی اور مغربی پاکستان کی حکومتوں کے میکرو اکنامکس Macroeconmic کے نازک کام کو قابل قبول بنانے کا پلاننگ کمیشن کے زیر اہتمام چوتھے پانچ سالہ منصوبے کے تحت کیا گیا اس منصوبے کا عرصہ ۱۹۷۰ء سے ۱۹۷۵ء تک تھا۔ جس وقت تک پلاننگ کمیشن نے اپنی حکمت عملی واضح کی مشرقی پاکستان کے شہری اس بات کے قائل ہو چکے تھے کہ مغربی پاکستان کی نمایاں کارکرگی اُن کے صوبے کے وسائل کے جمع جتھے کی بدولت ہے۔ وہ اس جانبداری کو چوتھے پانچ سالہ منصوبہ میں درست کروانا چاہتے تھے۔

ماہرین معاشیات کے دو پینل بنائے گئے۔ ایک مغربی پاکستان کے چیف اکانومسٹ ڈاکٹر پرویز حسن کی سربراہی میں تھا۔ اور دوسرا پروفیسر نوالاسلام کی زیر سرکردگی تھا۔ آپ ایک بنگالی ماہر معاشیات تھے۔ اور مقصد یہ تھا کہ دونوں صوبوں کے درمیاں اختلاف دور کئے جائیں۔ یہ خلاف توقع نہ تھا کہ دونوں پینل مختلف نتائج پر پہنچے۔ حسن صاحب کے پینل نے اس بات کی تردید نہ کی کہ مغربی پاکستان میں پبلک سیکٹر اخراجات نے تیز رفتار معیشت کی ترقی میں کردار ادا کیا ہے۔ تاہم اس پینل نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پرائیویٹ سیکٹر نے فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے۔ بنگالی ماہرین معاشیات نے دلائل دیئے کہ مغربی پاکستان کی بہتر کارکردگی پبلک سیکٹر کی بھاری سرمایہ کاری کی بدولت ہے جو کہ بیرونی سرمایہ کے آنے سے ہوئی ہے۔ جسے مرکزی حکومت نے اس صوبے کی طرف منتقل کیا ہے۔

ایک دفعہ دوبارہ ایم ایم احمد صاحب کو دونوں صوبوں کے ماہرین اقتصادیات کے درمیان جھگڑے کو حل کروانے کے لئے دخل اندازی کرنی پڑی گورنر نور خاں کے اقتصادی مشیر کی حیثیت سے میں اس کی بہت سی نشستوں میں شامل ہوا۔ جن کی صدارت ایم ایم احمد صاحب نے ملک کے دونوں صوبوں کے درمیان اتفاق رائے قائم کرنے کے لئے کی۔ آپ نے ایک معاہدے پر پہنچنے کے لئے سخت محنت کی لیکن کامیابی نہ ہوئی۔ کیونکہ سیاسی فضا بدستور کشیدہ ہوتی جارہی تھی۔ مشرقی پاکستان کے ساحلی علاقوں کی ۱۹۷۰ء میں تباہی ایک طوفان سے آئی جس نے ایک لاکھ آدمیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس انسانی لمیہ کی طرف مرکزی حکومت بعد ازوقت توجہ نے دونوں صوبوں کے تعلقات کو مزید خراب کر دیا۔ اور بعد کے حالات تو تاریخ میں محفوظ ہیں۔

میری ایم ایم احمد صاحب کے ساتھ انتہائی قریبی رفاقت ۱۹۸۱ء میں ہوئی جب ورلڈ بینک ڈویلپمنٹ کمیٹی کے سیکرٹریٹ میں نمائندگی کا ذمہ دار بنایا گیا تھا۔ ایم ایم احمد صاحب اس وقت کمیٹی کے ڈپٹی ایگزیکٹو سیکرٹری تھے۔ کمیٹی اس وقت ورلڈ بینک اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ کے درمیان تذبذب کا شکار تھی۔ ممبروں کی طرف سے اس پر بوجھ ڈالا گیا کہ وہ ڈھیر سارے امور میں ترقی پذیر ممالک کی حکومتوں اور ترقی پذیر دُنیا کے حصوں کے درمیان مفاہمت پیدا کرے۔ ۱۹۸۰ء عشرہ کے وائل میں بہت سے ترقی پذیر ممالک کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ لاطینی امریکہ کا بہت سا حصہ اُن مسائل سے غارت ہو گیا۔ جو درآمدات کو برقرار رکھنے کے لئے خرچ کر دیا گیا تھا۔ جب کہ تیل کی قیمتوں میں چوگنا اضافہ ہو چکا تھا عالمی تجارت نے ترقی پذیر دُنیا کی ترقی کے اہم وسائل کی تعین کی۔ جو کہ ترقی پذیر دُنیا کے مال کی برآمد میں معمولی کردار ادا کر رہی تھی۔ سرکاری سطح پر ترقی کے لئے امداد سے ایک بار رجحان ظاہر ہوا کہ وہ نمایاں اور بتدریج ترقی کرے گی لیکن منجمد ہو گئی۔ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا ایجنڈا پھیلتا ہی جارہا تھا۔ جس میں بہت سے مشکل امور بھی شامل ہوئے تھے۔

ایم ایم احمد صاحب نے حکومتوں کو باور کرانے میں ایک اہم کردار ادا کیا کہ اُسے اکٹھے کام کرنا ہوگا تا کہ پوری دنیا میں دیرپا ترقی لائی جا سکے۔

ایم ایم احمد صاحب اور مجھ پر بہت جلد واضح ہو گیا کہ ہمیں ایک مضبوط ترقی پذیر ملک کیلئے ایسی شخصیت کی ضرورت ہے۔ جو کمیٹی کی صدرات اور مذاکرات میں راہنمائی کرے۔

ہم نے غلام اسحاق خان کی طرف رجوع کیا جو اس وقت وزیر مالیات تھے۔

اسحاق خاں اور ایم ایم احمد صاحب اچھے دوست تھے۔ اور یہ اس دوستی کی بدولت تھا کہ اسحاق خان اس بات پر ایم ایم احمد صاحب نے تمام حکومتوں کے نمائندوں کو اس بات پر راضی کیا کہ وہ اسحاق خاں کو بطور اُمیدوار کامیاب کریں۔ اس طرح پاکستان کے وزیر مالیات نے اس حیثیت میں بڑا موثر کام کیا۔ انہوں نے نہ صرف ترقی یافتہ بلکہ ترقی پذیر ملکوں سے بھی عزت و توقیر حاصل کی۔ آپ دوسری مرتبہ بھی اس عہدے پر منتخب ہو گئے۔ اور اس وقت بھی اس حیثیت میں کام کرتے رہے جب آپ وزیر مالیات نہ رہے۔ اور پاکستان کے سینٹ کے چیئر مین بن گئے تھے۔

میں اپنی ان یادوں کا نذارانہ قارئین ڈان کے حضور جناب ایم ایم احمد صاحب کی یاد تازہ کرنے کے لئے پیش کرتا ہوں۔

جس کا اکثر حصہ ملک کی خدمت میں گزرا

ایم ایم احمد صاحب نے اپنے دامن میں جو کچھ بھی تھا پاکستان کی نذر کر دیا۔

مرزا سیف اللہ خان صاحب فاروق صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب کی امتحان میں کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہتے ہیں:

دی صدا فاروق نے تجھ کو مبارک باد کی
گود میں ہے آج تیری کامیابی کھیلتی
پردۂ امروز میں مضمر نشانِ برتری
دو جہاں میں سرخرو ہو اے مظفر ہر گھڑی
تُو جہان رنگ و بو میں ہر طرح سے شاد ہو
ارتقاء میں گامزن مانند برق و باد ہو

(مجموعہ: "مز مُور عجم" جون ۱۹۳۳ء)

سحر دَم موجِ دریا کس ادا سے گنگناتی ہے
تھرکتے ناچتے لمحات کی آواز آتی ہے
خروشِ زندگی کا کارواں بڑھتا ہی جاتا ہے
نکل آتا ہے جب خورشید تو چڑھتا ہی جاتا ہے
توقف کی اجازت کون دیتا ہے ستاروں کو
خزاں کب روک سکتی ہے جوانی کی بہاروں کو
ارادے مستقل ہیں اور استقلال رکھتے ہیں
شعورِ ارتقا کو سالم و سیال رکھتے ہیں
پُرانی ٹہنیاں نوخیز شاخوں میں بدلتی ہیں
شکستہ ماڑیاں مربوط کاخوں میں بدلتی ہیں
ذرا سا جذب راسخ بھی تجلّی گاہ ہوتا ہے
بھڑک اٹھے تو جگنو بھی دلیل راہ ہوتا ہے
صلاحیت بروئے کار آجائے تو سونا ہے
تحمل کے لیے کانٹا بھی ریشم کا بچھونا ہے
بڑھے جاؤ خلوصِ کار کی سچی حرارت سے
نکل آتی ہے جوئے شیر بھی پتھر کی فطرت سے

بنی آدم کے جو بے لوث خدمتگار ہوتے ہیں
وہی اقوام کی تقدیر کے معمار ہوتے ہیں

عبدالحمید عدمؔ

قائداعظم محمّد علی جناح

کا

تصوّر پاکستان اور عدیم المثال اُولُو العزمی

جیسا کہ ہاورڈ یونیورسٹی امریکہ کے مشہور پروفیسر مسٹر ولیم ایل لینگر نے انسائیکلو پیڈیا تاریخ عالم میں اعتراف کیا ہے پاکستان کا معرض وجود میں آنا ایک معجزہ ہے جو برّصغیر پاک و ہند کے نامور مسلم لیڈر قائداعظم محمد علی جناح کے ہاتھوں رونما ہوا۔

اس معجزہ پر تاریخ کا ایک طالبعلم جس درجہ غور کرے ورطہء حیرت میں گم ہو جاتا ہے۔ اور اسے تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ اس اعجازی واقعہ کے پیچھے یقیناً خدا کی مشیت اور اس کی نصرت اور تائید غیبی کارفرما تھی جس کی دو وجوہ بالکل نمایاں ہیں۔

اوّل قائداعظم وحدت امّت کے علمبردار کی حیثیت سے میدان عمل میں اترے تھے اور آپ کا عمر بھر کا مشن یہ تھا کہ مسلمان قوم ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائے اور ایک مستقل مملکت کے آزاد شہریوں اور باشندوں کی صورت میں اقوام عالم میں اپنا منفرد مقام حاصل کرے۔ اور ایمان، اتحاد اور تنظیم کی بدولت عہدرفتہ کی شوکت کو پھر سے پالے اور مساوات، اخوّت اور رواداری کی شاندار قومی اور ملّی روایات کو دوبارہ اس شان سے تازہ کر دکھلائے کہ پوری دنیا عش عش کر اُٹھے۔ یہی وہ تصور پاکستان تھا جس کو نقشہ عالم پر جگہ دینے کے لئے قائداعظم نے کمال بے نفسی، خلوص اور لگن کے ساتھ ایک طویل اور سرفروشانہ جدوجہد فرمائی۔ جسے خدانے اپنی جناب سے شرف قبولیت بخشا اور آپ اپنی زندگی میں ہی منزل مقصود تک پہنچنے میں کامیاب و کامران ہو گئے۔

دوم جہاد پاکستان کی راہ میں آپ کی سیاسی اور مذہبی حلقوں کی طرف سے زبردست مزاحمت کی گئی۔ مگر آپ آخر دم تک اپنے مئوقف پرایک مستحکم چٹان کی طرح ڈٹے رہے اور صبر واستقامت اور پامردی کا ایسا شاندار نمونہ دکھایا کہ خدا کی رحمت جوش میں آ گئی اور وہ مظلوم قوم جو اپنوں اور بیگانوں کے حملوں سے نڈھال ہو چکی تھی سیاسی طور پر پھر سے زندہ ہو گئی اور اس کی رگوں میں پھر سے آزادی کا خون دوڑنے لگا۔

قائداعظم کی زبردست مردانگی اور قوّتِ ارادی

قائداعظم کی زبردست شجاعت، مردانگی اور بے پناہ قوت ارادی اور غیر معمولی فراست و ذہانت کا واقعاتی اعتبار سے اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو گا کہ انہوں نے عین الیکشن کے دنوں میں خود ہی اُس ''بدنام فرقہ'' سے ربط ضبط کا انکشاف ایک پریس ریلیز جاری کر کے فرما دیا۔ جس کی طرف ذراسی نسبت مذہبی حلقوں میں ہمیشہ طوفان بپا کرتی چلی آتی تھی۔ چنانچہ تحریک پاکستان کے ترجمان خصوصی اخبار'' ڈان'' نے ۸۔ اکتوبر ۱۹۴۵ء کی اشاعت میں حسبِ ذیل خبر شائع کی:۔

جماعت احمدیہ مسلم لیگ کی حمایت کرے گی

امام جماعت احمدیہ قادیان کی ہدایت

کوئٹہ ۷، اکتوبر، قائداعظم محمد علی جناح نے درج ذیل خط وکتابت پریس کو بھجوائی ہے۔ ناظر امورعامہ جماعت احمدیہ قادیان کا خط جناح (قائداعظم) کے نام:

جناب عالی!

محمد سرور دانی ساکن مالگزار پردہ ضلع رائے پور کا حضرت امام جماعت احمدیہ کی خدمت میں ایک خط اور (حضور کی طرف سے) اس کا جواب آں محترم کے ملاحظہ کے لئے ملفوف ہے۔

آپ کا مخلص

محمد سرور دانی کے متذکرہ بالا خط کا متن:

''ہمیں ایک معاملہ میں حضور کی رہنمائی کی ضرورت ہے۔ اس قصبہ میں ہم چند ایک احمدی رہتے ہیں۔ موجودہ انتخابی مہم میں مُسلم لیگ اور کانگرس دونوں نے ہم سے رابطہ قائم کیا ہے کہ ہم چندوں کے ذریعہ اور (دیگر ذرائع سے) ان کی پارٹی اور ان کے امیدواروں کی امداد وحمایت کریں۔

ازراہ نوازش ہماری رہنمائی فرمائیں کہ ہمیں کس پارٹی کی حمایت کرنی چاہیئے''

امام جماعت احمدیہ کا جواب

''آپ کو موجودہ انتخابات میں مسلم لیگ کی حمایت کرنی چاہیے۔ جس طرح بھی ممکن ہو مسلم لیگ سے تعاون کریں اور مسلم لیگ کی ہر ممکن مدد کریں۔ مسلمانوں کو موجودہ بحران میں ایک متحدہ محاذ کی شدید ضرورت ہے۔ اگر ان کے اختلافات موجود رہے تو صدیوں تک ان کے بُرے اثرات کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔''

تصوّرِ پاکستان کا چارٹر

قائداعظم نے جس پاکستان کے لئے ایسی زبردست جدوجہد کی اُس کو وہ کس قسم کا ملک بنانا چاہتے تھے اس کا اظہار آپ نے ۱۱،اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کے صدر کی حیثیت سے کراچی میں ایک ولولہ انگیز خطاب میں فرمایا۔ جسے تصورّ پاکستان کا چارٹر کہا جائے تو قطعاً مبالغہ نہیں ہوگا۔ آپ نے اپنی شستہ اور برجستہ تقریر کے شروع میں متعدد اہم سیاسی نکات پر بلیغ روشنی ڈالی۔ بعد ازاں ارشاد فرمایا:

''آج تم آزاد ہو۔ اس مملکتِ پاکستان میں تم اپنے مندروں میں آزادانہ جاسکتے ہو اور مساجد اور دوسری عبادت گاہوں میں بھی جانے میں آزاد ہو۔ تمھارا مذہب، تمہاری ذات، تمہارا عقیدہ کچھ بھی ہو کاروبارِ مملکت سے اس کا کچھ تعلق نہیں ہے۔

تم جانتے ہو تاریخ شاہد ہے کہ کچھ مدّت پیشتر انگلستان کے حالات آج کل کے ہندوستان کے حالات سے بدتر تھے، رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ ایک دوسرے کو آزار پہنچانیمیں مصروف تھے۔ آج کل بعض ایسی مملکتیں موجود ہیں۔ جن میں ایک خاص طبقے کے خلاف امتیازات اور قیود عائد کی جارہی ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ہم ایسے ایام میں اپنی مملکت کا آغاز نہیں کر رہے۔ ہمارا آغاز ایسے ایام میں ہو رہا ہے جب ایک قوم اور دوسری قوم، ایک ذات اور مسلک اور دوسری ذات اور مسلک کے درمیان کوئی فرق وامتیاز نہیں رہا۔

ہم اس بنیادی اصول کی بناء پر آغاز کا رکر رہے ہیں کہ تمام شہری ایک مملکت کے مساوی شہری ہیں۔ انگلستان کے لوگوں کو بھی ایک زمانے میں صورتِ حالات کے حقائق کا سامنا کرنا پڑا تھا اور ان ذمہ داریوں اور گرانباریوں سے بھگتنا پڑا تھا جو ان کی حکومت نے اُن پر عائد کی تھیں اور وہ اس آگ میں سے قدم بقدم گزر چکے ہیں۔ آج تم بجا طور پر کہہ سکتے ہو کہ رومن کیتھولک اور پراٹسٹنٹ کا کوئی وجود باقی نہیں رہا۔

آج صرف یہ حقیقت موجود ہے کہ ہر شخص برطانیہ عظمیٰ کا شہری ہے۔ ہر شہری کی حیثیت مساوی ہے اور تمام شہری ایک قوم کے افراد ہیں۔ میرے نزدیک اب ہمیں اسی نصب العین کو پیش نظر رکھنا چاہیئے پھر تم دیکھو گے کہ کچھ زمانہ گزرنے کے بعد نہ ہندو ہندو رہیں گے نہ مسلمان مسلمان رہیں گے۔ مذہبی معنوں میں نہیں کیونکہ وہ تو ہر فرد کا ذاتی عقیدہ ہے بلکہ سیاسی معنوں میں سب ایک مملکت کے شہری ہوں گے۔''

ایک نشری پیغام

قائداعظم نے فروری ۱۹۴۸ء میں دنیا بھر کے ممالک کو اس تصور پاکستان سے متعارف کرانے کے لئے حسب ذیل نشری پیغام دیا:

''پاکستان آئین ساز اسمبلی نے ابھی پاکستان کا آئین مرتب کرنا ہے۔ میں نہیں جانتا کہ اس آئین کی آخر کار شکل کیا ہوگی لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ جمہوری طرز کا آئین ہوگا جس میں اسلام کے بنیادی اصول متشکل ہوں گے۔ یہ اصول آج بھی اسی طرح عملی زندگی میں قابلِ عمل ہیں، جس طرح تیرہ سو سال پہلے تھے۔ اسلام اور اس کی مثالیت نے ہمیں جمہوریت کا درس دیا ہے۔ اس نے انسانی مساوات، عدل اور ہر شخص سے

منصفانہ برتاؤ سکھایا ہے۔ ہم ان درخشاں روایات کے وارث ہیں اور پاکستان کا آئندہ آئین بنانے والوں کی حیثیت میں ہمیں اپنی ذمہ داریوں اور فرائض کا پورا احساس ہے۔ بہرحال پاکستان ایک ایسی مذہبی مملکت نہیں ہو گا۔ جس میں مذہبی پیشوا مامور من اللہ کے طور پر حکومت کریں گے۔ ہمارے ہاں بہت سے غیر مسلم ہیں۔ ہندو، عیسائی اور پارسی۔۔ لیکن وہ سب پاکستانی ہیں۔ وہ بھی تمام دوسرے شہریوں کی طرح یکساں حقوق اور مراعات سے بہرہ ور ہوں گے اور پاکستان کے معاملات میں کما حقہ، کردار ادا کریں گے''

The Muslim Community of the Indo-Pakistan Sub-continent. p25 By Ishtiaq Hussain Qureshi 1962)

بحوالہ ''ظہور پاکستان'' مؤلفہ چوہدری محمد علی صاحب وزیر اعظم پاکستان
ناشر مکتبہ کاروان کچہری روڈ لاہور طبع دوم ۱۹۷۲ء

بسترِ مرگ سے بیان

قائد اعظم نے اپنی وفات سے چند روز قبل اپنے معالج کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

'' میں نے آج تک کبھی اپنی صحت کی پرواہ نہیں کی اور نہ آئندہ کے لئے خیال کرنے کو تیار ہوں۔ موت اور زندگی سب خدا کی طرف سے ہے موت وقتِ معیّن سے پہلے نہیں آ سکتی۔ یہ میرا ایمان ہے۔ میں خداوندِ قدوس کی ذات کے سوا اس دنیا میں کسی طاقت سے نہیں ڈرتا۔ موت کا خوف مجھ پر طاری نہیں۔ جب موت کو آنا ہے اور ضرور آنا ہے تو پھر موت سے ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں۔ میں اپنا کام ختم کر چکا۔ اب مجھے مرنے کا افسوس نہ ہو گا۔

چند سال قبل یقیناً میری آرزو تھی کہ میں زندہ رہوں اس لئے نہیں کہ مجھے دنیا کی تمنا تھی یا میں موت سے خوف کھاتا تھا بلکہ اس لئے کہ قوم نے جو کام میرے سپرد کیا تھا اور قدرت نے جس خدمت کے لئے مجھے چُنا تھا۔ میں اُسے پایۂ تکمیل تک پہنچا سکوں وہ کام پورا ہو گیا ہے۔ میں اپنا فرض ادا کر چکا ہوں۔ پاکستان بن گیا ہے۔ اس کی بنیادیں مضبوط ہیں۔ اب چند ماہ سے مجھے ایسے خیالات آتے رہتے ہیں کہ میں اپنا فرض ادا کر چکا ہوں۔ قوم کو جس چیز کی ضرورت تھی وہ اسے مل گئی۔ اب یہ قوم کا کام ہے کہ وہ اس کی تعمیر کرے۔ اسے ناقابل تسخیر اور ترقی یافتہ ملک بنائے۔ حکومت کا نظم و نسق دیانت داری اور محنت سے چلائے میں طویل سفر کے بعد تھک گیا ہوں۔

آٹھ سال تک مجھے قوم کے اعتماد تعاون کے بل پر عیّار اور مضبوط دشمنوں سے لڑنا پڑا ہے۔ میں نے خدا کے بھروسہ پر ان تھک کوشش کی ہے اور اپنے جسم کے خون کا آخری قطرہ تک حصول پاکستان کے لئے صرف کر دیا ہے۔ میں تھک گیا ہوں۔ آرام چاہتا ہوں۔ اب مجھے زندگی سے زیادہ دلچسپی نہیں۔ حالات کے مطابق قدرت کوئی نہ کوئی آدمی ضرور پیدا کر دیتی ہے۔ گھبراؤ نہیں خدا کی ذات پر کامل بھروسہ رکھو اور اپنے ذاتی مفادات کو قومی اور ملکی مفادات پر ترجیح نہ دو۔ خدا تمہیں مجھ سے بھی زیادہ کوئی لائق رہنما عطا کر دے گا۔ گو میں آپ کے درمیان موجود نہیں ہوں گا لیکن آپ دیکھیں گے کہ اگر مسلمانوں نے خلوص، دیانت داری اور نظم و نسق سے کام لیا تو چند ہی سال میں پاکستان دُنیا کے عظیم ترین ملکوں میں شمار ہو گا۔ اس کی ترقی اور طاقت دنیا کو ورطۂ حیرت میں ڈالے گی اور کرّہ ارض کی ہر قوم اس کی دوستی کی خواہاں ہو گی۔''

خالقِ کائنات کے حضور آخری التجا

(پرنم آنکھوں سے اپنا مُنہ کمبل سے ڈھانپ کر بھرّائی ہوئی آواز میں)

'' اے خُدا! تو نے ہی مسلمانوں کو یہ نعمت عطا کی ہے۔ تُو ہی اس کی حفاظت کرنے والا ہے۔ میری قوم کمزور ہے اور ابھی ابتدائی مراحل میں ہے ابھی تو اس کی کجی بھی دور نہیں ہوئی۔ تُو ہی اس کا حامی و ناصر ہو۔''

(''نقوش'' آپ بیتی نمبر صفحہ ۱۴،۱۳)

وصال

آہ ! الفت و عزیمت کا یہ آفتاب جو قریباً پون صدی تک چمکتا رہا ۱۱، ستمبر ۱۹۴۸ء کو غروب ہو گیا۔ (ماخوذ)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تبخیرِ معدہ اور اس کا علاج

از قلم: ہومیو ڈاکٹر مظہر (ٹورنٹو)

ہمارے ہاں تبخیر معدہ و گیس کا تذکرہ اکثر پڑھنے سننے میں آتا رہتا ہے اور اِس عارضہ میں مبتلا مریضوں کی عمومی علامات بھی جو درج ذیل ہیں دیکھنے میں آتی رہتی ہیں۔

''تیزابیت کی زیادتی کے نتیجہ میں سینہ جلتا ہے۔ سر بھاری اور حواس مکدر ہو جاتے ہیں۔ جسم اور اعصاب سست اور تھکے تھکے رہتے ہیں بعض اوقات جسم کے بعض اعضاء میں تھرتھراہٹ سی محسوس ہوتی ہے۔

نیند غیر قدرتی ہو جاتی ہے۔ طبیعت میں چڑچڑاپن آ جاتا ہے۔ غصہ بڑھ جاتا ہے۔ بعض اوقات شدید گھبراہٹ اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔ طبیعت میں وہم اور وسوسہ کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ موہوم قسم کے خیالات آتے ہیں۔ بلاوجہ کا خوف طاری رہتا ہے۔ طبیعت پر جذباتیت غالب ہو جاتی ہے۔ قوتِ ارادی کمزور ہو جاتی ہے۔

جب مرض غلبہ کرتا ہے تو سر چکراتا ہے۔ دِل کی دھڑکن نبض اور خون کا دباؤ وغیرہ بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ بعض اوقات قبض ہو جاتی ہے یا تھوڑی اجابت قبض کے ساتھ کئی بار ہوتی ہے۔ یا اسہال کے باوجود ہوا خارج نہیں ہو پاتی۔۔ غیر حقیقی بھوک لگتی ہے۔ ترش اور بدبودار ڈکاریں آتی ہیں۔ سر کی چوٹی یا ہاتھ پاؤں جلتے یا ٹھنڈے ہو جاتے ہیں وغیرہ مگر ہوا کے اخراج سے مذکورہ بالا تمام علامات میں کمی محسوس ہوتی ہے۔''

آج کے جدید دور کے انسان نے صحت کے فطری اصولوں سے انحراف کر کے جو نظامِ زندگی اپنا رکھا ہے۔ وہ بعض نفسیاتی عوامل، معدہ کی خرابیوں بطور خاص ورمِ معدہ، امعاء معدہ، انتڑیوں کے السر، قبض، بدہضمی، نفخ شکم (اپھارہ) وغیرہ کا باعث بنتا ہے۔

پس مذکورہ بالا اسباب کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے ''مجموعہ علامات'' کو تبخیر معدہ کہا جاتا ہے۔

ضروری ہدایات:

تبخیر معدہ کے مریض درجِ ذیل ہدایات کے ایک ایک لفظ بلکہ ایک ایک حرف کو غور سے پڑھیں ویسے تو ان سب پر عمل کرنا ضروری ہے، لیکن اگر آپ سرِ دست ہمارے ساتھ صرف پہلی (5) ہدایات پر من وعن عمل کرنے کا پکا وعدہ کریں اور جو نسخہ جات آخر میں درج کئے گئے ہیں حسب مزاج و طبیعت استعمال کریں تو ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ شافی خدا آپ کو شفا بخشے گا۔

دیگر ہدایات پر بھی عمل کرنے کی کوشش جاری رکھیں تا کہ زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں اگر کوئی شخص ان پانچ ہدایات پر بھی عمل نہ کر سکے تو کم از کم پہلی دو ہدایات پر تو لازماً ہی عمل کرے اس سے بھی انشاء اللہ اسے بہت فائدہ ہو گا ورنہ بد پرہیزی کا انجام نقصان دہ ہو سکتا ہے۔

1- حقیقی بھوک کے بغیر کچھ کھائیں نہ پئیں:

جب تک بھوک خوب نہ چمکے کچھ کھائیں نہ پئیں۔ اگر سچی بھوک پر کھانا جینے کے لئے ضروری ہے تو جھوٹی بھوک پر دل للچانے پر، محض حصولِ لذت کی خاطر منہ چلانا گویا اپنی قبر اپنے ہی منہ سے کھودنا ہے۔

2- کھانا کھاتے وقت معدہ کا تیسرا حصہ لازماً خالی رکھیں:

جب دستر خوان پر کھانا کھانے بیٹھیں تو اس قدر کھائیں کہ آپ کے معدہ میں 1/3 حصہ کھانا۔ 1/3 حصہ پانی اور 1/3 حصہ سانس لینے کے لئے خالی ہو۔ پُرخوری (معدے کو پورا بھرنا) کبھی نہ کریں۔ یاد رکھیں پُرخوری کرنا گویا مرض اور بیماری کو دعوت دینا ہے۔ دسترخوان پر صرف اتنا کھانا رکھیں جو آپ کی بھوک کا 1/3 ہو باقی کھانا دور ہٹا دیں پُرخوری سے بچنے کا یہ سنہری گُر ہے۔

3-دو کھانوں کے درمیان اناپ شناپ سے کلیتہً پرہیز کریں:

آج کل پُر خوری کی ایک بدترین قسم دو کھانوں کے درمیان اناپ شناپ کھانا ہے۔ مثلاً چائے، بوتل، آئسکریم، جوس، سکنجبین (سکنجوی) ملک شیک پھل، فرٹ چاٹ، مٹھائی، سموسے، بسکٹ، پکوڑے، کیک چاکلیٹ وغیرہ۔ اگر آپ نے یہ چیزیں کھانی ہی ہوں تو اس وقت کے کھانے سے ناغہ کریں اور ان چیزوں کو ''کھانا'' ہی سمجھیں۔

ہمارے ہاں ایک بڑی قباحت یہ ہے کہ ہم روٹی چاول کے علاوہ خوردونوش کی دیگر تمام اشیاء کو ''کھانا'' سمجھتے ہی نہیں۔ یہ اشیاء ہم خواہ جتنی مقدار میں بھی استعمال کریں۔ کسی شمار میں نہیں آتیں۔ حالانکہ یہ چیزیں بھی ہمارے معدے میں ہی جاتی ہیں اور معدے کو ہضم کرنا پڑتی ہیں اور معدے پر مسلسل بوجھ بنتی چلی جاتی ہیں۔

زائد از ضرورت خوراک جرمن ڈاکٹر مسٹر لوئی کوہنی کے مطابق معدے پر بوجھ ہے اور بیماریاں پیدا کرتی ہے۔ ہمارا مشاہدہ ہے آپ بھی تجربہ کر کے دیکھ لیجئے کوئی شخص یہ تسلیم کرنے پر کبھی تیار نہ ہوگا کہ وہ پُر خوری کرتا ہے۔ اکثر جواب ملے گا کہ اس کی خوراک تو بہت معمولی ہے۔ بس ایک ہلکی سی چپاتی صبح و شام۔۔۔بس!۔۔۔

مگر جب اس کی سارے دن کی اناپ شناپ کی کیلوری ویلیو (Calorie Value)(درجہ توانائی یا مقدار توانائی) کو جمع کیا جائے تو اس کی مجموعی مقدار ہمارے اصل کھانے (روٹی، چاول) سے کئی گنا بڑھ چکی ہوتی ہے۔ ہماری یہ کس قدر ناانصافی ہے کہ کھانے پینے کے معاملے میں جہاں تک ہمارا بس چل سکے سب کچھ ہی کھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر جب گننے کا سوال ہو تو ہماری گنتی صرف چند ہلکی چپاتیوں تک آ کر ختم ہو جاتی ہے۔

اس طرح اگرچہ ہم حقائق سے آنکھیں بند کر کے نہ صرف دوسروں کو بلکہ خود کو بھی دھوکہ دے لیتے ہیں۔ مگر قانونِ صحت جو نہ تو بے انصاف ہے اور نہ ہمارے دھوکے میں آتا ہے۔ بالآخر ایک دن ہماری گرفت کرتا ہے اور ہمیں ہماری غلطیوں کی سزا دے کر ہی چھوڑتا ہے۔

بڑے غوروخوض کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ پُر خوری اور اناپ شناپ پر مکمل کنٹرول حاصل کرنا مشکل ترین کاموں میں سے ایک کام ہے مگر جو شخص خود پر کنٹرول حاصل کر لیتا ہے وہ بفضلہٖ تعالیٰ صحت وتندرستی سے بھرپور زندگی کا صحیح معنوں میں لطف اٹھاتا ہے۔

ہلکا کام کرنے والے مرد کے لئے 2500 کیلوریز اور ایک ہلکا کام کرنے والی عورت کے لئے یومیہ 2100 کیلوریز درکار ہوتی ہیں۔

ذیل میں ہم مختلف اشیاء کی مقدارِ توانائی درج کر رہے ہیں تا کہ ہر شخص کو اندازہ ہو سکے کہ وہ زائد از ضرورت خوراک کھا کر کس قدر بیماریاں اپنے اندر داخل کرتا ہے؟

نام اشیاء	مقدار اشیاء	مقدار توانائی	نام اشیاء	مقدار اشیاء	مقدار توانائی
روٹی میدہ	28 گرام وزنی ایکعدد	28 کیلوریز	آئس کریم	ایک کپ	200 کیلوریز
آلو بخارا	درمیانہ ایک عدد	30 کیلوریز	چاکلیٹ	2انچ سائز	420 کیلوریز
انگور	100 گرام	85 کیلوریز	بسکٹ میٹھا	عام سائز1 عدد	110 کیلوریز
امرود	ایک عدد	80 کیلوریز	کریم رول درمیانہ سادہ	ایک عدد	130 کیلوریز
بادام	100 گرام	255 کیلوریز	سبزیاں دالیں بغیر گھی یا تیل کے بنی ہوئی	ایک کپ	320 کیلوریز
تربوز	"8 لمبی "4 پھانک	120 کیلوریز	کیلا	درمیانہ ایک عدد	85 کیلوریز
ٹماٹر	درمیانہ	30 کیلوریز	کشمش خشک	100 گرام	460 کیلوریز
خربوزہ	"8 لمبی "4 موٹی پھانک	120 کیلوریز	لیموں	درمیانہ ایک عدد	20 کیلوریز
سیب	درمیانہ ایک عدد	80 کیلوریز	مالٹا کا جوس	250ایم۔ایل ایک پاؤ	110 کیلوریز
سیب کا جوس	250ایم ایل یا ایک پاؤ	125 کیلوریز	مالٹا	ایک عدد	80 کیلوریز
سکنجبین	ایک گلاس	260 کیلوریز	سادہ کیک کا ٹکڑا	"5 لمبا ایک عدد	180 کیلوریز
بالائی اترا دودھ	250ایم۔ایل یا ایک پاؤ	90 کیلوریز	ڈبل روٹی توس	ایک عدد	60 کیلوریز
انڈا	ایک عدد	80 کیلوریز	دلیہ	ایک کپ	105 کیلوریز

نام اشیاء	مقدار اشیاء	مقدار توانائی	نام اشیاء	مقدار اشیاء	مقدار توانائی
آلو کے چپس	دو انچ کا ٹکڑا ایک عدد	11 کیلوریز	بالائی	کھانے کا ایک چمچ	50 کیلوریز
آلو ابلا ہوا	ایک عدد درمیانہ	90 تا 105	گیہوں	100 گرام	348 کیلوریز
چینی	ایک چمچ	51 کیلوریز	گڑ	100 گرام	383 کیلوریز
چاول اُبلے ہوئے	ایک کپ	200 کیلوریز	گوشت گائے	100 گرام	210 کیلوریز
چنا	100 گرام	361 کیلوریز	دہی بغیر بالائی	ایک کپ	120 کیلوریز
کوکا کولا، پیپسی وغیرہ جیسے مشروبات	ایک عدد	105 کیلوریز	بناسپتی گھی	100 گرام	900 کیلوریز

ماشاء اللہ یوں تو ہمارے معاشرے میں ایسی مثالوں کی کمی نہیں۔ بہر حال ایک دلچسپ تمثیلی قصہ سنئے۔ ایک ایسے صاحب کا جو تبخیر معدہ کے مریض بھی تھے اور بہت ہی کم خوری کے دعویدار بھی۔ وہ صبح ہلکا ناشتہ دو پہر اور شام کو ایک ہلکی سی چپاتی تناول فرماتے تھے۔ جب ایک دن میں ان کی سارے دِن کی اناپ شناپ کا سرسری جائزہ لیا گیا تو یہ محض اُن کی کم خوری ہی کا قصور تھا۔

پیپسی	3 مرتبہ	x105 کیلوریز	=350 کیلوریز
آئس کریم	2 کپ	x200 کیلوریز	=400 کیلوریز
کیلا	4 عدد	x85 کیلوریز	=340 کیلوریز
سیب	3 عدد	x80 کیلوریز	=240 کیلوریز
امرود	3 عدد	x80 کیلوریز	=240 کیلوریز
چائے	5 مرتبہ	x105 کیلوریز	=525 کیلوریز
کریم رول	2 عدد	x130 کیلوریز	=260 کیلوریز
بسکٹ میٹھے	4 عدد	x110 کیلوریز	=440 کیلوریز
چاکلیٹ	2 عدد	x420 کیلوریز	=840 کیلوریز
سکنجبین	ایک گلاس	x260 کیلوریز	=260 کیلویز
کل میزان		3860 کیلوریز	

3860 کیلوریز تو وہ ہیں جنہیں یہ صاحب غذا سمجھ کر معدہ میں داخل نہیں کرتے۔ ان میں اگر وہ کیلوریز بھی شامل کر لیں جو وہ غذا کی نیت سے معدہ میں داخل فرماتے ہیں اور اس مجموعہ سے یومیہ مطلوبہ 2500 کیلوریز نکال دیں تو بقیہ زائد از ضرورت خوراک ہے۔ جو معدے پر زائد بوجھ ہے اور یہ بیماریاں پیدا کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے بھی تو ہماری زبان کو لذت کی حس عطا کر کے ہمارے لئے آزمائش کے عجیب سامان پیدا کر دیئے ہیں۔ ایک طرف لذیذ سے لذیذ تر نعماء دوسری طرف عمر ناپائیدار، تیسری طرف معدے کا وسیع و عریض برتن جس میں (کم و بیش) ڈیڑھ دو کیلو تک چیز سما سکتی ہے۔۔۔۔ آخر ہم بھی کیا کریں، مجبور ہیں۔ جب کھانا نہیں تو کماتے کس لئے ہیں۔۔۔؟ کاہے کے لئے سارا دن مارے مارے پھرتے ہیں۔۔۔؟ یہ دولتیں یہ جائیدادیں کس کام۔۔۔؟ ہم چاہتے ہیں کہ یہ بھی کھالیں وہ بھی کھالیں اور کھائیں بھی خوب ڈٹ کر۔۔۔؟

بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست!۔۔۔

اسی اثناء میں محترمہ تبخیر معدہ صاحبہ (جانشین محترمہ پر خوری صاحبہ قدیمی پیشہ تن آسانی و ورزش سے چوری) بھی آ دھمکتی ہیں اور ڈانٹ کر کہتی ہیں۔ تمہیں بہت موقع دیا اصلاح کا، مگر تم نہ سمجھے اور اگر اب بھی درست نہ ہوئے تو بُرا حشر کروں گی تمہارا۔۔۔ ہم دست بستہ عرض کرتے ہیں۔۔۔ اچھا میڈم! آئندہ ایسا نہ ہو گا۔۔۔ اب جانے دو۔۔۔ مگر جب ذرا میڈم کی توجہ ادھر اُدھر ہوئی تو ہم نے پھر آنکھ بچا کر داؤ لگا لیا۔

کاش کہ ہم اس قرآنی ارشاد پر ہمیشہ عمل کریں ''کھاؤ پیو مگر اسراف نہ کرو نیز حضرت رسولِ مقبول ﷺ کے اِس زریں ارشاد پر عمر بھر گامزن رہیں:-

''انسان کی کمر سیدھی رکھنے کے لئے چند لقمے ہی کافی ہیں اور اگر لازماً زیادہ ہی کھانا پڑے تو معدہ میں ایک تہائی کھانا ہو، ایک تہائی پانی ہو اور ایک تہائی جگہ سانس لینے کے لئے خالی ہو۔'' خدا تعالیٰ ہمیں توفیقِ عمل دے۔

4۔ <u>ورزش یا سیر کو معمول زندگی بنائیں:</u>

آپ کی زندگی بہت مصروف بھی ہے تو بھی ورزش (کم از کم اس قدر کہ ہلکا سا پسینہ آ جائے) کے لئے یا صبح کی سیر کے لئے لازماً وقت نکالئے۔ مسلسل زیادہ بیٹھنے سے احتراز کیجئے۔ جس قدر ہو سکے موٹر سائیکل اور موٹر کار بھی کم استعمال کیجئے۔ اس سے بھوک خوب لگے گی۔ کھانا ٹھیک سے ہضم ہو گا۔ دورانِ خون صحیح ہو گا اور رات کو نیند بھی کھل کر آئے گی۔

5۔ <u>کھانے میں سبزیاں اور پھل بکثرت استعمال کریں:</u> کھانے میں سبزیاں اور پھل بکثرت استعمال کریں۔ پھل مالی استطاعت سے باہر ہوں تو صرف سبزیوں کا کثرتِ استعمال ہی کافی ہے۔ ہلکا نمک

مرچ اور ہلکا گھی ڈال کر سبزیاں پکائیں مگر یاد رہے کہ زیادہ گلانے سے افادیت کم ہو جائے گی۔ ذائقے کی طرف توجہ نہ دیں۔ اگر حقیقی بھوک ہو گی تو سادہ کھانا بھی بہت لذت دے گا اور کم لذیذ ہونے کی وجہ سے کم کھایا جائے گا اور اس طرح پُرخوری سے بچا جاسکے گا۔

صرف سبزی پر ہی گزارہ کریں تو بہتر ہے۔ لیکن اگر بغیر روٹی کے تسلی نہ ہو یا گزارہ نہ ہو سکے تو زیادہ سے زیادہ نصف چپاتی کے چھوٹے چھوٹے بھورے (ٹکڑے) بنا کر سالن میں ڈالیں اور چمچ کے ساتھ تھوڑا تھوڑا کر کے کھائیں یا ایک ایک بھورا منہ میں ڈالتے جائیں اور چمچ کے ساتھ سبزی کھاتے جائیں۔ خوب چبا چبا کر نہایت اطمینان کے ساتھ جس قدر منہ کا لعابِ ہاضم زیادہ شامل غذا کریں گے اتنا ہی بہتر ہے۔ ایک طریقہ اور بھی ہے، تھوڑے سے اُبلے ہوئے چاولوں یا (الگ پھیکے پکے ہوئے) دلیے کے اُوپر (پکی ہوئی) سبزی ڈال لیں اور اچھی طرح ملا کر تھوڑا تھوڑا کر کے کھائیں۔

کھانا کھانے کے دوران ساتھ ساتھ پانی بھی پیتے رہیں۔ مگر پانی معدے کے تیسرے حصے سے زیادہ ہرگز نہ ہو۔ جب کھانا کھائے ہوئے ایک گھنٹہ گزر جائے تو پیاس لگنے پر صرف سادہ تازہ پانی وافر مقدار میں پیتے رہیں۔

بادی، دیر ہضم اور باسی سبزیوں سے احتراز فرمائیں۔ ریشہ دار سبزیاں اور پھل زیادہ قبض کشاء تاثیر رکھتے ہیں۔ ہرے پتے والی سبزیاں مثلاً مولی، شلغم (بمعہ پتے) پکائیں۔ ساگ، پالک اور سلاد کے پتے بے حد مفید ہیں۔ انہیں ترجیحاً استعمال کریں۔

سبزیاں کھائیں یا پھل بہر صورت معدے کا 1/3 حصہ خالی رکھنا کبھی نہ بھولیں۔ یہ غلط فہمی کبھی نہ ہو کہ روٹی کے علاوہ دیگر اشیاء جس قدر بھی کھالیں ان سے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

6- میدہ والی اشیاء انتڑیوں میں چپک کر قبض پیدا کرتی ہیں۔ اِن سے پرہیز کیجئے۔ موٹے اَن چھنے آٹے کی خشک روٹی یا دلیہ قبض کشاء اثر رکھتے ہیں۔

7- ناشتہ جس قدر ہلکا ہو اور جلدی کیا جائے اتنا ہی بہتر ہے۔ دوپہر کے کھانے کے بعد تھوڑا سا آرام کیجئے۔ شام کا کھانا لازماً غروب آفتاب کے ساتھ کھا لیجئے۔ مگر شام کا کھانا بہت ہلکا اور کم کھائیں۔ بس اس قدر کہ رات گزر جائے۔ شام کے کھانے کے بعد ٹہلنا اپنے اوپر فرض سمجھیں اور جب تک کھانا بخوبی ہضم نہ ہو جائے نہ سوئیں۔

8- تمام کھانوں کے اوقات مقرر کریں اور ان مقررہ اوقات پر کھانا کھائیں۔

9- اگر زیادہ کھانا افراط ہے تو بہت کم کھانا (بے جا قسم کی ڈائٹنگ یا فاقہ کشی وغیرہ) تفریط ہے دونوں معدہ کے لئے نقصان دہ ہیں لہذا میانہ روی ہی بہتر ہے۔

10- کھانا کھاتے وقت ٹی۔وی دیکھنا یا مطالعہ کرنا فعل ہضم کو خراب کرتا ہے۔

11- کوشش کریں کہ دستر خوان پر ایک وقت میں ایک ہی قسم کا کھانا ہو۔ انواع و اقسام کے کھانے اکٹھے کرنے سے پُرخوری کے امکانات بڑھ جائیں گے۔

12- جب تک کھانا بخوبی ہضم نہ ہو جائے فعلِ مباشرت سے اجتناب کیا جائے۔

13- تازہ ترین طبی تحقیق کے مطابق چائے صحت کے لئے مضر ہے لیکن اگر لازماً پینی ہی پڑے تو ایک دو مرتبہ سے زیادہ ہرگز نہ پیجئے۔ برف کے کثرتِ اِستعمال سے پرہیز کیجئے کہ یہ معدہ کے لئے مضر ہے۔

14- بیت الخلاء میں جانے کا ایک وقت مقرر کریں اور اس وقت پر خواہ حاجت ہو یا نہ بیت الخلاء ضرور جائیں۔ چاہے ویسے ہی بیٹھ کر واپس آجائیں۔

15- ہوا، پیشاب اور پاخانہ وغیرہ میں سے جس کی حاجت ہو فوراً رفع کیجئے ورنہ ایک کو روکنے سے قوتِ ماسکہ ساتھ ہی دوسری کو بھی روک دے گی۔ اس کے برعکس ایک کو دفعہ کرنے سے قوتِ دافعہ ساتھ دوسری کو بھی دفعہ کر دے گی۔

16- تقوی وطہارت اور خیالات کی پاکیزگی سے دورانِ خون یکساں طور پر معدہ اور دیگر اعضائے جسم میں جاری رہتا ہے، لیکن اس کے برعکس

صورت ہو تو اعصابی تناؤ Nervous Tension کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے اور دورانِ خون کا رُخ بدل جاتا ہے اور کھانا وغیرہ بخوبی ہضم نہیں ہوتا۔

17۔ موجودہ مادی دور کے تقاضے اس قدر ہیں کہ کوئی شخص ذہنی تفکرات سے آزاد نظر نہیں آتا۔ تسکین قلب و روح کے لئے رجوع الی اللہ ضروری ہے۔ اس کے لئے پنجگانہ نماز کا التزام کریں۔ تسبیح وتحمید اور دُرود شریف کو وردِ زبان بنائیں۔ نیز حضور پاک ﷺ کے اس فرمان پر ہمیشہ عمل فرمائیں کہ ''اپنے مرضوں کا علاج صدقات کے ذریعہ کرو۔'' سکون آور ادویات کھا کر دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو جانا کبھی حقیقی سکون نہیں پہنچا سکتا۔ خدا کی طرف رجوع اور اس کا ذکر ہی دِلوں کو اطمینان بخشا ہے۔ (قرآنِ حکیم)

18۔ حرام کمائی طرح طرح کی روحانی اور جسمانی بیماریاں پیدا کرتی ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے حلال اور طیب رزق کھانے کا ارشاد فرمایا ہے۔ پس حرام کمائی سے بکلی اجتناب کیا جائے کہ یہ جسمانی بیماریاں بھی پیدا کرتی ہے۔

19۔ تبخیر معدہ کے مریض کو جب تک کہ وہ سو نہ جائے اکیلا نہ چھوڑیئے۔ اکیلا چھوڑیں گے تو وہ اپنی بیماری کے بارہ میں سوچ کر اور بھی پریشان ہو گا۔ اس کے ذہن کو غلط سوچ سے ہٹانے کے لئے اسے بعض دوسرے مشاغل میں مصروف رکھئے اگر وہ اپنی بیماری کے موضوع پر بات بھی کرے تو اس کی توجہ کسی دوسری طرف بدل دی جائے۔ مریض سے بار بار اس کی بیماری کا حال نہ پوچھیں۔ ہمیشہ اس کی توجہ دوسری طرف بدلنے کی کوشش کریں اور اس کو تسلی دیں کہ وہ اب بظاہر بہت صحت مند ہوتا جا رہا ہے۔

20۔ جس طرح آپ ستانے کی غرض سے ہفتہ میں کم از کم ایک چھٹی کرتے ہیں۔ اسی طرح بے چارے معدہ کو بھی ہفتہ میں ایک یا دو وقت کے کھانے سے مکمل چھٹی کرائیں۔ اس سے معدہ کی استعدادِ کار بہت بڑھ جائے گی۔

21۔ ان، تمباکو نوشی اور منشیات کا استعمال معدہ کے لئے بہت مضر ہے۔ ان سے ہمیشہ پرہیز کیجئے۔

22۔ چونکہ بعض ڈاکٹری ادویات معدہ میں سوزش پیدا کرتی ہیں۔ لہٰذا انہیں ڈاکٹری مشورہ کے بغیر استعمال نہ کریں۔ خصوصاً دافع درد جوڑوں کے درد و سوزش کو رفع کرنے والی ادویات مثلاً اسپرین، فینائل بوٹازون، آئیبو پروفن، انڈومیتھاسین، ڈکلوفینک سوڈیم وغیرہ۔

ہمارا بارہا کا مشاہدہ ہے کہ اگر انتڑیوں سے فضلہ مکمل طور پر خارج ہوتا رہے تو نفخ معدہ یا گیس کا مرض نہیں ہوتا یہ اسی وقت ہوتا ہے جب اسکا کچھ حصہ خواہ وہ کتنا ہی تھوڑا کیوں نہ ہو انتڑیوں میں رک جائے

تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو آئیندہ اشاعت میں ہمارا مضمون ''قبض بیماریوں کی ماں ہے''

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مفت ''فلو شاٹ'' کی سہولت

سردیوں کا موسم شروع ہو چکا ہے۔ اس موسم میں نزلہ و زکام کی شکایت بہت بڑھ جاتی ہے۔ ایک مرتبہ فلو ہو جائے تو کئی روز تک بخار اور بدن ٹوٹنے جیسی کیفیات سے دو چار ہونا پڑتا ہے۔ جس کے نتیجہ میں عمومی صحت کے ساتھ ساتھ کام کاج اور دیگر روزمرہ مشاغل کا متاثر ہونا بھی لازمی امر ہے۔

لہٰذا اس سے محفوظ رہنے کیلئے مناسب ہو گا کہ حفظِ ماتقدم کے طور پر ''فلو شاٹ'' لگوا لئے جائیں۔ اس ضمن میں ٹورنٹو پبلک ہیلتھ پروگرام (سرکاری ادارہ) نے گریٹر ٹورنٹو ایریا کے ۳۱ مقامات پر ۶۷ فری فلو شاٹ کلینکس کا انتظام کیا ہے۔ یہ سہولت ایک محدود مدت (صرف چندہفتوں) کیلئے ہے۔ احباب کو چاہیئے کہ اس سرکاری پروگرام سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھائیں اور قبل از بیماری فلو شاٹ ضرور لگوالیں۔ اپنے نزدیکی کلینک کا ایڈریس معلوم کرنے کیلئے فون نمبر 1-866-flu-n-you(1-866-358-6968) پر رابطہ کریں یا ٹورنٹو پبلک ہیلتھ کی ویب سائٹ www.Toronto.ca/health سے بھی مذکورہ کلینکس کے پتہ جات معلوم کئے جا سکتے ہیں۔ گریٹر ٹورنٹو ایریا کے علاوہ دیگر شہروں میں بسنے والے احباب وہاں کے مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

(قائد صحتِ جسمانی۔ مجلس انصار اللہ کینیڈا)

مکتوباتِ گرامی

مجلّہ ''نحن انصاراللہ'' ہمارے زعیم صاحب محترم غالب مہار صاحب نے مجھے گزشتہ اتوار عنایت فرمایا۔ انصار بھائیوں کے اس ترجمان مجلّہ کو شروع سے آخر تک پڑھا۔ اُردو حصہ کے آغاز میں یہ درج نہیں تھا کہ یہ کس سہ ماہی کا پرچہ ہے۔ صرف اتنا درج ہے ''جلد نمبر۳، شمارہ نمبر۔۱'' گویا تیسرے سال کی سہ ماہی کا پہلا شمارہ ہے۔

انگریزی کے حصہ کو دیکھتے ہی املاء میں ایک تضاد نظر آیا۔ سرورق پر ''نحن انصاراللہ'' انگریزی میں ''NAHNO'' لکھا گیا ہے البتہ اندر کے صفحات پر ''نحن'' کو انگریزی میں ''Nahnu'' لکھا گیا ہے۔

اب آپ کہیں گے کہ میں آپ کے جریدہ کو نہیں بلکہ اپنے انصار بھائیوں کے جریدہ کو عمیق نظر سے دیکھ رہا ہوں۔ اور شاید اسی بہانہ سے میرا نام آپ کے دفاتر میں تنقید کرنیوالوں میں نہ درج ہو جائے۔ اس بات کا خدشہ ضرور ہے۔ ہاں یاد آیا۔ ۱۹۴۶ء کی بات ہے ہمارے کورس میں ایک کتاب بنام '' تنقیداتِ عبدالحق'' شامل ہوا کرتی تھی ۔اس نام کو ہم مذاقاً ایک دوسرے پر چسپاں کرتے ہوئے آپس میں بھی پکارا کرتے تھے۔ کہیں اس زمانے کا کوئی چھپا ہوا شخص نہ نکل آوے اور مجھے بھی ''تنقیدؔ'' کا نام نہ بخش دے (کوئی بعید نہیں ؟) خیر یہ تو جملہ معترضہ بیچ میں آ گیا۔ لیکن اگر ہمارا نام تنقید کرنیوالوں میں درج بھی ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں کہ کم از کم ''نام تو ہوگا'' چاہے کسی زمرہ میں اندراج ہو جائے!

اب میں اس مجلّہ کے'' ظاہری حُسن'' کے متعلق یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے اس رسالہ کا معیار، لا رَیب پہلے سے بہت خوب ہے۔ اللّھم زد فزد۔

مضامین کا انتخاب مثلاً جناب ثاقب صاحب زیروی مرحوم کو خراجِ تحسین (اداریہ) صفحہ:۹۔ بدرسوم کے بارہ میں سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کے ارشادات صفحہ:۱۱۔ حضور انور کا ۲۶ دسمبر ۱۹۹۵ء کا لندن سے قادیان کے سالانہ جلسہ کا افتتاحی خطاب صفحہ: ۱۲۔ مجلسِ علم و عرفان ۱۹ فروری ۸۴ء از حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بابت ''جہاد کا غلط تصور اور اسکے خطرناک مضمرات'' صفحہ: ۱۴۔ منظوم کلام از حضرت مصلح موعودؓ صفحہ: ۱۸۔ اسم اعظم صفحہ: ۲۵۔ عزمِ نو، حیات قدسی سے ایک ورق کا انتخاب صفحہ: ۲۸۔ ثاقب زیروی صاحب کا نعتیہ کلام صفحہ: ۳۰۔ قبولیت دعا کا واقعہ صفحہ: ۳۱۔ ہر لحاظ سے قابل ستائش تحریرات ہیں ماشاء اللہ۔

اب ذرا غلطیوں اور خامیوں کا بھی جائزہ لے لیا جائے۔ اس ضمن میں چند بنیادی امور کی نشان دہی کرانی مقصود ہے۔ ان غلطیوں اور خامیوں کی تفصیل میں جانے کی بجائے مختصراً اتنا لکھنا کافی ہے کہ بعض صفحات پر اِملا، بعض پر غیر ضروری اموراور بعض پر واقعاتی لحاظ سے غیر مستند باتوں کا اندراج ہے۔ امید کہ آئندہ پرچہ مرتب کرتے ہوئے ان ظاہری خامیوں کو بھی پیشِ نظر رکھا جایا کرے گا۔

میں نے یہ سطور تحریر کر کے محسوس کیا ہے کہ میں نے بہت بڑی جسارت کی ہے۔ نہ معلوم ادارہ کے جملہ کارکنان کا کیا ردِعمل ہو؟ خیر لکھ دیا ہے۔ اب انجام خدا جانے۔

والسلام

آپ کا مخلص، محمد سعید (مانٹریال)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

''نحن انصاراللہ'' کا شمارہ نظر نواز ہوا۔ یوں تو تمام مضامین بھرپور معلوماتی مواد سے مزیّن تھے۔ تا ہم ۱۱ستمبر کے واقعہ کے بعد ''جہاد'' کے متعلق مغربی دنیا میں جو تصور راسخ پا چکا ہے اسکے حوالے سے جماعت احمدیہ کے مؤقف کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ایک مجلس عرفان (سوال جواب) کے ذریعے پڑھ کر معلومات میں از حد اضافہ ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ آج جماعت احمدیہ کے مؤقف کی بیشتر مسلمان دانشور بھی تائید کرتے نظر آتے ہیں۔ میری تجویز ہے کہ ایسے تمام دانشوروں کے مضامین اکٹھے کر کے انہیں بھی ''حاصل مطالعہ'' کے طور پر ہی سہی وقتاً فوقتاً شاملِ اشاعت کرتے رہیں۔ تا کہ دنیا پر حاکم عدل حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے عِلم کلام کی اہمیت اور اسلام کے پر امن مذہب ہونے کی حقیقی تصویر اجاگر ہو سکے۔

والسلام سعید احمد مجید (وان)

یادِ رفتگان

سیّد علی احمد صاحب المعروف ''پیرجی'' کا ذکرِ خیر

تحریر: سید منیر احمد شاہ۔ پیس ویلج

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

''گزشتہ چند سالوں میں میں نے جماعتوں کو بار بار نصیحت کی کہ وہ سارے خاندان جن کے آباؤ و اجداد میں کوئی رفیق یا تابعی تھے ان کو چاہیئے اپنے خاندان کے بزرگوں کا ذکر خیر اپنی آئیدہ نسلوں میں جاری کریں''

خطبہ جمعہ ۳۰ اپریل ۱۹۹۳ء

جب کبھی میں ماضی کے آئینہ میں جھانکتا ہوں۔ ایک طویل سفر اپنے روشن ناموں سے میرے ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ غرض کہ بہت سے ناموں میں سے ابھر کر ایک نام والدِ محترم سیّد علی احمد صاحب مرحوم و مغفور المعروف ''پیرجی'' میرے سامنے آ جاتا ہے۔ میں خود کو ازحد خوش نصیب سمجھتا ہوں کہ حضرت والد صاحبؓ خانقاہی نظام کو خیر آباد کہہ کر حلقہ بگوش احمدیت ہو گئے۔

ایک زمانہ تھا کہ خانقاہی نظام کی پاک و ہند میں بہت اہمیت و قدر تھی۔ ان خانقاہوں کے سجادہ نشین و متولی خاندانوں کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ پیری مریدی کیوجہ سے نذرونیاز کا سلسلہ بھی جاری رہتا تھا جسکی وجہ سے یہ خاندان متمول اور آسودہ حال ہوا کرتے تھے۔ خانقاہ حضرت سیّد محمد پناہ بمقام۔ رجولی ایک چھوٹا سا گاؤں بے نام سا۔ تحصیل و ضلع انبالہ مشرقی پنجاب ہندوستان میں ہے۔ میری دونوں والدائیں سنّور ریاست پٹیالہ کی تھیں۔ احمدیت کا چمکتا دمکتا نور سیّدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ میں سنور پہنچا۔ میری بڑی والدہ محترمہ لطیف النساء صاحبہ کو بہت کم سنی میں قادیان اپنے والد صاحب کے ساتھ جانے کا شاندار موقعہ ملا جہاں حضرت اقدس مسیح موعودؑ کو دیکھنے اور بات چیت کرنے کا شرف حاصل ہوا۔

والد صاحب کو ۱۸۸۶ء کے لگ بھگ قادیان جانے کا حسین اتفاق سنور والوں کی معیت میں ہوا۔ حضرت اقدسؑ کا دیدار ہوا۔ لیکن ابھی عمر کم تھی لہذا بیعت نہ ہوسکی۔ غالباً ۱۹۰۶ء میں تحریری بیعت کی اور اُس وقت سے ان کا دل دنیاوی چاہتوں سے اُکتاہٹ محسوس کرتا رہا اور خانقاہ سے بھی دل برداشتہ ہونے لگے اور یہ ایاّم بہت مشکل اور کشمکش میں گزارے۔ آخر ۱۹۲۰ء کے قریب رجولی ضلع انبالہ کی اُجڈ، دین سے بے بہرہ آب و ہوا کو خیر آباد کہہ کر احمدیت کے مرکزِ اوّل قادیان میں ہجرت کر لی بوقتِ ہجرت آپکی دنیاوی حیثیت کی تفصیل کچھ اسطرح تھی کہ:

والد محترم پیر جی سید علی احمدؓ مہاجر انبالوی خاندان کے مورثِ اعلیٰ حضرت سیّد محمد پناہ (جو حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کی اولاد میں سے تھے) کی چھٹی پشت سے تھے۔ اور خانقاہ حضرت سیّد محمد پناہ واقع رجولی کے متولی سجادہ نشین تھے۔

اس مورثِ اعلیٰ کی خانقاہ کے نام کم وبیش پانچ صد (۵۰۰) بیگھے زرعی زمین ہمارے گاؤں رجولی سے قرب مواضعات شرق پور۔ داور پور۔ سجن ماجری۔ راجو کھیڑی اور براڑہ وغیرہ میں تھی جس کا معاملہ لگان وغیرہ مغلیہ دَور سے معاف چلا آتا تھا۔ اور انگلش حکومت نے بھی اسے معاف کر رکھا تھا۔ ایک شہادت کے مطابق ۲۰۰ بیگھے زمین بھی صرف خانقاہ کے متولی کے نام الگ تھی یعنی کُل زمین سات سو (۷۰۰) بیگھے تھی۔

ان تمام دنیاوی آسائشوں کو لات مار کر قادیان ہجرت کی تو کسمپُرسی نے آلیا۔ لاچاری اور بے بسی نے زندگی میں دُکھوں کو اکٹھا کر دیا۔ پریشان حال وقت گزارنا مشکل ہوتا تھا۔

وقت گزاری کے لئے ملازمت کرنی پڑی۔ تھوڑی سی قلیل تنخواہ پر دو وقت کی روٹی بھی میسّر نہ آتی تھی۔ گیسٹ ہاؤس کی تعمیر ہونے پر والد صاحبؓ کو اسکی نگرانی پر لگا دیا گیا۔ اُس زمانے میں حضرت مولوی شیر علیؓ

صاحب اور غالباً ملک غلام فرید﷜ صاحب قرآن کریم کا انگلش ترجمہ کیا کرتے تھے اور والدہ محترمہ بادام ملا دودھ کا گلاس روزانہ شام کو خاکسار کے ہاتھ حضرت مولوی صاحب﷜ کو بھجواتی تھیں۔

ایک دن میں نے اماں جی سے بھولپن میں پوچھ ہی لیا۔ ''ہمارے گھر کھانے کی روٹی پوری نہیں ہوتی۔ پھر انہیں بادام ملا دودھ سے بھرا گلاس کیوں دیا جاتا ہے''؟ اماں جی نے بتایا یہ ان کے پیسوں سے آتا ہے جو یہ دیتے ہیں۔

مولوی امام الدین﷜ صاحب، والد محترم قاضی ظہورالدین اکمل ہمارے گھر میں اُس وقت رہائش پذیر ہوئے جب مسجد دارالانوار بنی اور والد صاحب﷜ کو وہاں گھر دیا گیا۔ مسجد کی دیکھ بھال اِن کے سُپرد تھی۔ جب یہ علم ہوا کہ مولوی صاحب﷜ کا بیٹا اہل وعیال کے ساتھ شہر میں ہے تو والد صاحب﷜ سے سوال کیا۔ کہ یہ یہاں کیوں۔ جبکہ شہر میں ان کا مکان بیٹا اور بچے بہو کے ساتھ ہیں۔ تو ابا جیؓ نے بتایا شہر کی گھٹن، گندگی سے یہاں کی کھلی اور تازہ ہوا بیمار کے لئے بہت اچھی ہے۔ تب بات میری سمجھ میں آئی۔ اسی مسجد دارالانوار کے محلّہ میں بہت سے بزرگ صحابی رہائش پذیر تھے۔ اور جب بھی نماز کا وقت ہوتا، والد صاحب﷜ کو امامت کے فرائض سونپے جاتے۔ جبکہ والد صاحب کی آواز محراب سے باہر نہ جاتی تھی۔

ان بُزرگ حضرات میں چوہدری فتح محمد صاحب سیّال﷜، مولانا عبدالرحیم صاحب دردؓ، حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب (بعد میں خلیفۃ المسیح ثالثؒ ہوئے)، مولوی ظہور حسین صاحب بخاری﷜ شامل تھے۔ مولوی شیر علی صاحب﷜ کی رہائش اس محلّہ میں نہ تھی۔ دارالعلوم میں تھے۔ البتہ ترجمہ قرآن کریم کے لئے صبح تشریف لاتے۔ اور مغرب کے وقت یا بعد واپس تشریف لے جاتے۔ عصر کے بعد عموماً حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ بھی سیر کی غرض سے دارالحمد کوٹھی میں تشریف لاتے اُس وقت ہم بچوں کی تو گویا موج ہو جاتی۔ آگے پیچھے کھیل کود اور پھر حضور سے بار بار ملنا، ہاتھ ملانا اور عجیب آزادی کے شب و روز تھے، کوئی روک ٹوک نہ تھی۔

خاکسار، والدہ محترمہ، چھوٹی ہمشیرہ تین چھوٹے بھائیوں کے ساتھ ستمبر ۱۹۴۷ء میں پاکستان آ گئے۔ لاہور رتن باغ میں حضرت اقدس المصلح موعودؓ نے قیام و طعام کا خاطر خواہ انتظام کیا ہوا تھا۔ کچھ ایّام وہاں ٹھہر کر سندھ نوکوٹ کے قریب بڑی بہن کے ہاں چلے گئے۔ تین ماہ کی طویل مدت کے بعد والد صاحب اور بھائی جان کی قادیان سے آنے کی خبر آئی تو وہاں سے پھر لاہور آ گئے۔

والد صاحب کو ٹوبہ ٹیک سنگھ جماعت کا امام الصلوٰۃ مقرر کیا گیا۔ یہاں دل نہ لگا۔ اُدھر بڑے بھائی نے حافظ آباد میں مکان اور زمین عارضی طور پر الاٹ کرایا تھا۔ والد صاحب اہل و عیال کے ساتھ یہاں آ گئے۔ مرکز احمدیت کی بنیاد پڑی تو بڑی بے تابی و بے چینی اور خلیفہ وقت کے ساتھ رہنے کی تڑپ تھی کہ جلد مرکزِ احمدیت ربوہ، حضور اقدسؓ کے پاس حاضری دی جائے۔ بالآخر حافظ آباد چھوڑ کر ربوہ آ گئے۔

ربوہ آ کر کچھ دیر بعد بیمار رہنے لگے۔ علاج معالج کے لئے خاکسار وقتاً فوقتاً نوکری سے چھٹی لے کر آتا رہا۔ بڑے بھائی ان ایّام میں سندھ میں تھے دوسرے بڑے بھائی سیالکوٹ میں تھے۔ حضرت ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب جو میرے استاد اور افسر نور ہسپتال ربوہ (اب فضل عمر ہسپتال) کے انچارج تھے۔ (ان کے ماتحت خاکسار نے ایک مدت تک کام بھی کیا۔

والد صاحب کو علاج کے لئے ان کے پاس لے گیا۔ فرمایا منیر! انہیں کوئی بیماری نہیں بس مرغن غذا کی کمی ہے۔

بالآخر یکم نومبر ۱۹۵۵ء کو اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔ والد صاحب کی وصیت بہت پرانی تھی مگر ناگزیر حالات کی بناء پر منسوخ ہوگئی۔ حضرت اقدس المصلح موعودؓ کے علم میں وفات کے وقت لایا گیا۔ فرمایا۔ انہیں بہشتی مقبرہ میں دفن کیا جاوے اور صندوق یعنی تابوت میری طرف سے۔ جنازہ بھی حضور اقدسؓ نے پڑھایا۔ اور فرمایا: ''تم مال کو دیکھتے ہو میں ایمان کو دیکھتا ہوں'' چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

کچھ وصیت کا بقایا میرے علم میں لایا گیا جسکی ادائیگی بعد از وفات خاکسار نے کر دی۔ اللہ تعالیٰ ایسے فدائی، متقی، پرہیزگار، مخلص، دین کی خاطر دنیاوی عزتوں، وجاہتوں اور مالی آسائشوں کو تیاگ کر اپنے روحانی آقا کی بستی میں دھونی مار کر بیٹھنے والوں پر برکتیں اور رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین

ہمارا جلسہ سالانہ

از قلم: مولانا عبدالباسط صاحب شاہد۔ مربی سلسلہ

حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے جلسہ سالانہ کی بنیاد کم وبیش ایک سو سال قبل رکھی۔ اس جلسہ کے لئے اپنی ایک ابتدائی تحریر میں حضور نے فرمایا۔

''اس جلسہ میں ایسے حقائق و معارف سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔۔۔تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے اور ان کی خشکی اور اجنبیت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کے لئے بدرگاہ حضرت عزت جل شانہٗ کوشش کی جائے گی۔۔۔اس روحانی جلسہ میں اور بھی کئی روحانی فوائد اور منافع ہوں گے'' (اشتہار ۳۰ دسمبر ۱۸۹۱ء)

ہم میں سے ہر وہ خوش قسمت احمدی جسے جلسہ سالانہ قادیان یا کسی بھی اور جماعتی جلسہ سالانہ میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی وہ اس بات کا گواہ ہے کہ جلسہ سالانہ کی وہ برکات و اغراض جو حضور نے بیان فرمائی ہیں کس شان وعظمت سے برابر حاصل ہو رہی ہیں۔ حضرت فضلِ عمر نے ابتدائی جلسوں کی یاد تازہ کرتے ہوئے قادیان کے ایک جلسہ سالانہ کے افتتاح کے موقعہ پر فرمایا:

''پہلے قادیان میں چند سو آدمی تھے۔ جماعت محدود تھی۔ لیکن اب تو جماعت پہلے سے کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ حضرت (مولانا نورالدینؓ) کے آخری جلسہ سالانہ کے موقع پر ۱۸۰۰ آدمی شریک ہوئے تھے (حضرت بانی سلسلہ احمدیہ) کے آخری جلسہ سالانہ میں ۷۰۰ آدمی شامل تھے اور اب تیس چالیس ہزار آدمی ہمارے جلسہ سالانہ میں شامل ہوتے ہیں۔۔۔آخری جلسہ سالانہ میں جب آپ (حضرت بانی سلسلہ احمدیہ) سیر کے لئے نکلے تو لوگوں کا اس قدر ہجوم تھا کہ لوگوں کے پیر لگنے کی وجہ سے کبھی آپ کی چھڑی گر جاتی اور کبھی آپ کی جوتی اتر جاتی۔ آپ ریتی چھلہ تک تشریف لے گئے اور آپ نے فرمایا معلوم ہوتا ہے کہ اب ہمارا کام ختم ہوگیا۔۔۔''

تیس، چالیس ہزار کا جو اندازہ حضور نے بیان فرمایا ہے یہ تقسیم ملک سے قبل قادیان کے جلسوں کا تھا تقسیم ملک کے بعد ایک علامتی جلسہ سالانہ لاہور میں ہوا۔ اس کے بعد جلسہ سالانہ کا انعقاد ربوہ میں ہونے لگا اور خدا تعالیٰ کے فضل سے حاضری اور برکات کے لحاظ سے یہ جلسے جماعتی ترقی کا سنگ میل بن گئے۔ آخری جلسہ جو ربوہ میں ہوا۔ اس میں اڑھائی لاکھ سے زیادہ حاضری تھی۔ سامعین جلسہ میں پاکستانی احمدیوں کے علاوہ ہندوستان کے احمدی بھی پاسپورٹ اور ویزا کے حصول کے بعد شامل ہوئے اسی طرح ہمارے جلسوں میں امریکہ۔ یورپ اور افریقہ کے متعدد ممالک کے احمدی نمائندگان بھی شرکت کے لئے آنے لگے۔

ہمارے ابتدائی جلسے بیتِ اقصیٰ قادیان میں ہوتے رہے۔ مگر حاضرین کی تعداد کی زیادتی کی وجہ سے یہ جگہ ناکافی ہوگئی تو بیت نور کے وسیع صحن میں جلسے منعقد ہونے لگے مگر چند ہی سالوں میں یہ وسعت بھی کم نظر آنے لگی اور ہائی سکول کی وسیع و عریض گراؤنڈ میں جلسہ گاہ تعمیر ہونے لگی۔ جلسہ گاہ کے چاروں اطراف میں شہتیریوں سے اس طرح گیلریاں بنادی جاتی تھیں کہ ہزاروں افراد اس عارضی سٹیڈیم میں سما جاتے۔

ایک جلسہ سالانہ کے موقع پر حضرت فضلِ عمر جلسہ سالانہ کے افتتاح کے لئے تشریف لائے تو آپ نے دیکھا کہ جلسہ گاہ تنگ پڑ رہی ہے اور اس وجہ سے حاضرین جلسہ کو مشکل پیش آ رہی ہے تو آپ نے فرمایا کہ مہمانوں کو جگہ کی تنگی کی وجہ سے دقت پیش آ رہی ہے۔ اگر اس مشکل کو کل تک دور نہ کر دیا گیا تو میں جلسہ میں شریک نہیں ہوں گا۔ عشاقِ امام

کے لئے یہ ایک بہت بڑا چیلنج تھا۔ جلسہ ختم ہونے کے بعد شدید سردی کے موسم میں راتوں رات جلسہ گاہ کی گیلریاں گرا کر دور دور سے سامان عمارت سروں اور کندھوں پر ڈھو کر لایا گیا اور یوں دن چڑھنے تک، پہلے سے وسیع جلسہ گاہ تیار تھی۔ اس تیاری میں معاونین جلسہ جو دن بھر اپنی ڈیوٹیاں دیتے رہے تھے کے علاوہ قادیان کے بعض مخلص دکاندار اور معمر و بیمار حضرات بھی وفورِ شوق و جذبہ سے شامل ہوئے۔ حضور نے اگلے روز اس جذبہ فدائیت کو سراہتے ہوئے ایسے تمام کارکنوں کو سند خوشنودی وتمغہ دینے کا اعلان فرمایا۔ جنہیں اس غیر معمولی وقارِ عمل میں شرکت کی سعادت حاصل ہوئی تھی۔ راقم الحروف نے یہ واقعہ سلسلہ کے اخبارات میں پڑھنے کے علاوہ اپنے والد مکرم عبدالرحیم دیانت درویش سے بھی متعدد دفعہ سنا۔ انہیں بھی اس کار خیر میں شامل ہونے کی وجہ سے سند خوشنودی وتمغہ کا مستحق سمجھا گیا تھا۔

جلسہ گاہ کی تیاری کے سلسلہ میں ہی ایک اور واقعہ بھی یاد آیا (جو ربوہ میں بہت عرصہ بعد پیش آیا) حضور جلسہ گاہ میں افتتاح جلسہ کے لئے تشریف لائے تو دیکھا کہ منتظمین نے غالباً حفاظتی نقطۂ نظر سے سٹیج اور باقی جلسہ گاہ کے درمیان بہت زیادہ فاصلہ کر دیا تھا۔ حضور نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ کسی حد تک حفاظت کا خیال رکھنا تو ضروری ہے مگر اس انتظام کی وجہ سے جماعت اور میرے درمیان اتنا فاصلہ کردیا گیا ہے کہ میں انہیں اچھی طرح دیکھ نہیں سکتا اور وہ بھی مجھے دیکھ نہ سکتے ہوں گے اور فرمایا کہ میں کل کے جلسہ میں اسی صورت میں شامل ہوں گا کہ اس نقص کو دور کردیا گیا ہو۔ حضور کے جماعت سے پیار ومحبت کے اس اظہار سے تمام حاضرین بے خودو وارفتہ ہو گئے۔ جماعتی اخبارات کے علاوہ دوسرے اخباروں میں بھی اس واقعہ کا ذکر آیا۔ مجھے یاد پڑتا ہے کہ مشہور صحافی 'م۔ش' نے اس واقعہ کی رپورٹنگ کرتے ہوئے لکھا تھا کہ مرزا صاحب کے مرید تو اس اعلان پر جھوم جھوم گئے مگر میرے جیسے لوگوں پر بھی اس کا بہت اثر ہوا۔

تقسیم ملک کے بعد ربوہ میں ہمارے جلسے نصرت ہائی سکول کے احاطہ میں ہوتے رہے مگر جلد ہی وہ جگہ ناکافی ہوگئی اور زنانہ جلسہ تو وہاں پر ہی ہوتا رہا مگر مردانہ جلسہ گاہ بیت اقصیٰ کے وسیع وعریض میدان میں منتقل ہوگئی۔ مگر یہ انتظام بھی ناکافی ثابت ہو رہا تھا اور جلسہ گاہ کے لئے کھلانے کی یہ منفرد اور انوکھی مثال ہے جلسہ سالانہ ہمیشہ ہی دسمبر کے آخری ہفتہ میں ۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر کو ہوتا رہا اور یہی وہ تاریخیں ہیں جو حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے اس جلسہ کے لئے مقرر فرمائی تھیں۔ بعض استثنائی صورتوں میں مثلاً رمضان کی وجہ سے کبھی کبھی ان تاریخوں میں تبدیلی بھی کی گئی مگر التزاماً مقررہ تاریخوں پر ہی جلسہ ہوتا رہا۔ علماء سلسلہ کی بہت محبت و دعاؤں سے تیار کی گئی علمی وتربیتی تقاریر کے علاوہ بنیادی اہمیت کی تقاریر آئمہ جماعت کی ہوتی تھیں۔ حضرت فضل عمرؓ کی شہرہ آفاق تقاریر حقیقت الرویا۔ تقدیر الٰہی۔ ملائکۃ اللہ۔ ہستی باری تعالیٰ۔ سیر روحانی۔ اقتصادی نظام۔ نظام نو۔ تعلق باللہ اور اس قسم کی نہایت بلند پایہ علمی تقاریر جلسہ سالانہ کی برکات میں سے ہی ہیں۔ قادیان کے زمانہ میں جبکہ بجلی کا مناسب انتظام نہیں تھا۔ عشاق کو موم بتی کی روشنی میں حضور کی تقریروں کے نوٹ لیتے ہوئے دیکھا جاتا تھا۔ یہ ایمان افروز نظارہ بھی ابھی تک خوب یاد ہے کہ سردیوں کی بارش کے دوران بھی کھلے میدان میں حاضرین پوری توجہ ودلجمعی اور شوق سے جلسہ کی کاروائی سن رہے ہیں جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے ان تقاریر میں بعض بنیادی اورمشکل مسائل بیان کئے جاتے تھے۔ مگر حضور کی تقاریر کا یہ بھی ایک عجیب حسن تھا کہ آپ مشکل سے مشکل مضمون کو نہایت سادہ دلنشیں انداز میں بیان فرماتے اور سامعین جن کی کثرت ان پڑھ دیہاتی افراد پر مشتمل ہوتی ان مضامین کو برابر سمجھتے اور ان سے علمی و روحانی فوائد حاصل کرتے۔

اس مضمون میں جلسہ سالانہ کی برکات وفوائد کا احاطہ کرنا تو کسی طرح بھی ممکن نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ تربیتی، علمی، اقتصادی و معاشرتی بے شمار فوائد اس جلسہ سے وابستہ ہو چکے ہیں۔

حضرت فضل عمرؓ جلسہ سالانہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''حضرت (بانی سلسلہ احمدیہ) نے جلسہ سالانہ کی اہمیت پر بہت زور دیا ہے آپ نے ایک موقعہ پر ایک بڑی دردناک بات کہی۔ فرمایا کہ دوست جلسہ پر ضرور آئیں پتہ نہیں انہیں اگلے سال کے بعد مجھے دیکھنا نصیب ہو یا نہیں وہ یہاں آئیں گے تو کم از کم مجھے دیکھ تو لیں گے۔ ۱۸۹۲ء میں پہلا جلسہ سالانہ ہوا تھا اور اب ۱۹۵۶ء آ گیا ہے گویا ۶۴ سال دیکھتے چلے آئے ہیں مثلاً کل ہی میاں فضل محمد صاحب ہرسیاں والے

(باقی صفحہ 21 پر)

رپورٹ سالانہ اجتماع

مجلس انصار اللہ کینیڈا 2002ء

یہ سالانہ اجتماع ہر سال کی طرح 21اور 22 ستمبر 2002ء کو بیت الاسلام مسجد میں منعقد ہوا ۔ اس اجتماع کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ انصار اللہ کو روحانی تربیت اور مشق کرائی جائے چنانچہ اسی کے مطابق پروگرام ترتیب دیئے گئے اس کے علاوہ جسمانی نشو ونما، تعلیمی اور ذہنی مقابلہ جات بھی اس اجتماع کی رونق بنائے گئے۔یہ اجتماع 21 ستمبر کو نو بجے صبح رجسٹریشن کے کام سے شروع ہوا ٹھیک دس بجے اس اجتماع کا آغاز قرآن مجید کی تلاوت سے ہوا جو مکرم محمد یعقوب خان صاحب نے (سورۃ الفتح کا آخری رکوع) کی اور اس کا انگریزی ترجمہ بھی پیش کیا۔بعد ازں مکرم میاں محمد نعیم صاحب نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاکیزہ کلام سے چند اشعار خوش الحانی سے پڑھ کر سنائے ان اشعار کا انگریزی ترجمہ مکرم طلعت ربانی صاحب نے پیش کیا۔

محترم امیر صاحب نے انصار اللہ کا عہد دہرایااور اجتماع کا افتتاح فرماتے ہوئے یوم آخرت پر ایک پُر مغز تقریر فرمائی جو اسلام کا ایک بنیادی رکن ہے اور جماعت کے اراکین کو نصیحت فرمائی کہ انسان کو آخرت پر کامل ایمان رکھنا چاہیے کیونکہ وہی ہمیشہ کی زندگی ہے ۔حالانکہ عام طور پر دنیوی جو عارضی زندگی ہے لوگ بڑی چاہت سے طلب کرتے ہیں جو ایک گھاٹے کا سودا ہے۔

اس کے بعد محترم ملک لعل خان صاحب نائب امیر جماعت دوم نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحیثیت عبد شکور کے موضوع پر خطاب فرمایا۔آپ نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مطہر زندگی کی مختلف مثالوں سے شکر کے انداز کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ خدا ہمیں بھی توفیق عطا فرمائے کہ ہم بھی خدا کے اسی طرح شکر گزار بندے بنیں۔

دوسری تقریر مکرم مرزا محمد افضل صاحب مربی سلسلہ مسی ساگا کی تھی جنھوں نے صحابی رسول حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔آپ نے فرمایا کہ یہ وہ صحابیؓ تھے جن کا شمار عشرہ مبشرہ میں ہوتا ہے۔ان تقاریر کے بعد مشاہدہ و معائنہ اور پیغام رسانی کے مقابلہ جات دوپہر کے کھا تک جاری رہے ۔ ایک بج کر تیس منٹ پر ظہر اور عصر کی نمازیں ادا کی گئیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد دوسرا اجلاس شروع ہوا ۔مکرم شیخ عبد الہادی صاحب نیشنل سیکرٹری تعلیم نے قرآن کریم کی تلاوت اور اس کا انگریزی ترجمہ بھی پیش کیا۔بعد ازاں محترم ڈاکٹر ناصر احمد پرویز پروازی صاحب نے سیرت صحابہؓ حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر خطاب فرمایا۔آپ نے حضرت اقدس کی ایک اعلیٰ صفت شرم وحیاء کے بارہ میں بتایا کہ حضور کی آنکھیں نیم وا اور نیچی ہوتی تھیں۔آپ نے بتایا کہ انہوں نے اپنے بچپن میں اکثر صحابہ کو دیکھا اور ان کی صحبت سے فائدہ اٹھایا۔انہوں نے ان تمام صحابہؓ میں ایک مشترکہ صفت کا مشاہدہ کیا کہ ان سب کی آنکھیں بھی نیم وا اور نیچی ہوتیں تھیں۔ وہ سب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نصائح پر عمل کرتے اور اپنی زندگیوں کو آپ کے نقش قدم پر چلانے کی کوشش کرتے رہے۔پروازی صاحب نے کہا کہ میں نئی نسل کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ وہ اپنی زندگیوں میں ہمیشہ جھک کر اور انکساری کے ساتھ لوگوں سے اسی طرح ملا کریں جس طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہ نے آپ کی پیروی کر کے عاجزانہ راہوں کو اختیار فرمایا۔

اس کے بعد دو بج کر پندرہ منٹ پر ''بزرگوں سے ملاقات'' کے عنوان پر دو بزرگ شخصیات محترم عبدالرحمن دہلوی صاحب اور مکرم مبارک احمد انصاری صاحب نے اپنی زندگیوں میں ہونے والے بعض واقعات ،جن میں خدا تعالیٰ کے نشان اور اس کی مدد شامل حال تھی سنائے جن کے سننے سے سامعین کے ایمان کو جلا ملی۔

تین بج کر پندرہ منٹ پر جسمانی کھیلوں کے مقابلہ جات باہر میدان میں شروع ہوئے اور رات کے کھانے تک جاری رہے۔ان مقابلہ جات کے بعد احباب کی

خدمت میں رات کا کھانا پیش کیا گیا۔مغرب اور عشاء کی نمازوں کی ادائیگی کے بعد علمی مقابلہ جات(تلاوت،نظم اور تقریر) کا انعقاد ہوا ۔ان مقابلہ جات میں صرف وہی انصار حصہ لینے کے اہل تھے جو اپنے مقامی اجتماعات میں اول رہے تھے ۔اور یہ مقابلہ جات رات گئے تک جاری رہے اور سامعین کی دلچسپی آخر وقت تک جاری رہی ۔

اجتماع کے دوسرے روز کا آغاز نماز تہجد سے ہوا جو محترم ملک لعل خان صاحب کی امامت میں ادا کی گئی۔ بعد ازاں نماز فجر محترم امیر صاحب نے پڑھائی اور پھر درس قرآن مجید بھی دیا۔ درس سے فراغت کے بعد تمام انصار سیر کے لئے نکلے اور اس کے بعد مضمون نویسی کا مقابلہ ہوا۔اس مقابلے کے اختتام پر ساڑھے سات بجے احباب کی خدمت میں ناشتہ پیش کیا گیا۔

دوسرے دن کا آغاز شوریٰ کے دوسرے اجلاس سے ہوا ۔تلاوت قرآن کریم کے بعد سب کمیٹیوں کے چیرمینوں نے اپنی اپنی گذشتہ شب کی کاروائی کی رپورٹ پڑھ کر سنائی اور اس پر ممبران کو دعوت دی گئی کہ وہ اپنی آراء کو مائیک پر آ کر پیش کریں۔ تینوں تجاویز اراکین کی متفقہ رائے سے پاس کی گئیں تاکہ منظوری کے لئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں پیش کی جائیں۔

چوتھے اجلاس کا آغاز چائے کے وقفے کے بعد دس بج کر پینتالیس منٹ پر قرآن کریم کی تلاوت سے ہوا اور اس کا انگریزی ترجمہ پیش کیا گیا۔ مکرم کرنل دلدار احمد صاحب نے درس حدیث دیا۔آپ نے آنحضرت صلی اللہ وآلہ وسلم کی بعض احادیث پڑھیں اور ان کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ آج کے پہلے مقرر مولانا مبارک احمد نذیر صاحب مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے ذکرِ حبیب کے موضوع پر اپنے زریں خیالات سے سامعین کو نوازا۔ آپ کی تقریر اردو اور انگریزی زبانوں پر مشتمل تھی۔ آپ نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سیرت طیبہ پر بھر پور روشنی ڈالی اور آپ کی زندگی کے ان پہلوؤں کو اجاگر کیا جو دین کی خاطر دکھوں اور تکالیف میں گزارتے ہوئے کمال صبر اور تحمل سے برداشت کئے۔ بنی نوع انسان کی اصلاح کیلئے ایک بیش قیمت روحانی خزائن (کتب) کا ذخیرہ چھوڑا۔ آپ نے فرمایا کہ آپ کی ذات میں ایسی مقناطیسیت تھی کہ جو ملتا آپ کا گرویدہ اور شیدا ہو جاتا ۔اس ضمن میں مخالفین کی جانب سے آپ کے خلاف متعدد مقدمات اور ان کے نتائج کو بھی بیان فرمایا کہ کس طرح دنیوی نگاہ یہ سمجھ رہی تھی کہ بعض مقدمات میں آپ کو سزا ہو جائے گی مگر ہر قدم پر خدا تعالیٰ نے آپ کی نصرت فرمائی اور ہر مقدمے میں آپ کو با عزت بری فرمایا۔

اس اجتماع میں کی جانے والی تقاریر ایسی تھیں جو سامعین کی کامل دلچسپی اور ان کے علم و ایمان میں اضافے کا باعث بنیں ۔الحمد للہ علیٰ ذالک۔

اس کے بعد محترم امیر صاحب کی صدارت میں مختلف احباب نے اپنی زندگیوں میں پیش آمدہ تجربات بیان کئے ۔جو کسی بھی مسئلہ یا مشکل کی دوری کے لئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں درخواستِ دعا کے لئے لکھے گئے۔اور اللہ تعالیٰ کے بے حد رحم اور فضل سے ان کی مشکلیں اور مسائل حل ہو گئے۔یہ واقعات بڑے دلچسپ اور ایمان کو تازہ کرنے والے تھے جن سے سامعین بڑے لطف اندوز ہوئے ۔یہ سلسلہ ظہر اور عصر کی نمازوں تک جاری رہا اور اس کے بعد دوپہر کے کھانے کا وقفہ ہوا۔

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل کے ساتھ اس اجتماع کا آخری اجلاس کھانے کے وقفے کے بعد تلاوت کلام پاک اور انگریزی ترجمہ کے ساتھ شروع کیا گیا۔بعد ازاں نظم کے چند اشعار اور اس کا ترجمہ پیش کیا گیا۔

اس کے بعد مذہبی اور معلومات عامہ کے انفرادی مقابلہ جات ہوئے۔ اس کے بعد مکرم ملک کلیم احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا نے حضرت مصعیب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت طیبہ پر خطاب فرمایا اور آپ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور آپ کے اخلاق فاضلہ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وفاداری محبت اور خلوص کی تفصیل بیان کی۔آخر میں

محترم امیر صاحب نے مقابلہ جات میں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انعامات سے نوازا۔جس کی تفصیل انگریزی حصہ میں درج ہے۔

چھ بج کر پانچ منٹ پر محترم امیر صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا اور اس اجتماع کے کامیاب انعقاد پر منتظمین اجتماع کی کارکردگی کو سراہا۔ آخر میں دعا کے ساتھ یہ روحانی اجتماع اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹتا ہوا اختتام پذیر ہوا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

(رپورٹ : عبدالماجد صدیقی و سید منیر احمد شاہ)

گزارش

کیا آپ نے اپنا چندہ انصار اللہ ادا کر دیا ہے؟

چندہ انصار اللہ کی شرح آپ کی ماہانہ آمد کا صرف ایک فیصد ہے

براہِ مہربانی اولین فرصت میں اپنا چندہ ادا کر کے عنداللہ ماجور ہوں

قائد مال مجلس انصار اللہ کینیڈا

مطالعاتی تاثرات

اے کاش!

ابنِ احمد

''یہاں سے شہر کو دیکھو!'' نامی کالم پر ایک تجزیاتی نگاہ

(ہفت روزہ پاکستان پوسٹ ٹورانٹو کو لکھا جانے والا ایک مراسلہ)

ارضِ وطن پاکستان میں ریفرنڈم کے اعلان کے خلاف اہلِ پاکستان کے آزمودہ اور اپنی اپنی باری لگا کر اس غریب ملک کی معصوم قوم کے وسائل کو لوٹنے، کھسوٹنے اور بھنبھوڑنے والے کرپٹ سیاستدانوں اور اُنہی کے پروردہ بعض لفافہ بردار صحافت کے بکاؤ ضمیر دانشوروں نے چائے کی پیالی میں جو عظیم طوفانِ نوح اٹھا رکھا تھا، برّ صغیر پر ایٹمی جنگ کے مہیب سایوں کی وجہ سے اب وہ جوار بھاٹا، دریائی جھاگ کی طرح کافی حد تک بیٹھ چکا ہے۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے قیامِ پاکستان کی ڈٹ کر مخالفت کی تھی وہی آج ریفرنڈم کے بائیکاٹ میں بھی پیش پیش نظر آ رہے ہیں۔ اسی طرح عورت کی حکمرانی پر پہلے تو حرام کا فتویٰ صادر کرنے اور پھر اچانک شرعی قلابازی لگا کر محترمہ فاطمہ جناح کو ایوب خان کے مقابل عہدۂ صدارت کیلئے آمادہ کرنے اور بعد ازاں جنرل ضیاء الحق کی فوجی ڈکٹیٹرشپ کے حوالہ سے ریفرنڈم کی پُرزور وکالت کرنے والوں کی جانب سے موجودہ فوجی حکومت سے اپنی موہوم مفاداتی امیدیں بھر نہ آنے کے پس منظر میں مخالفت یا بائیکاٹ کی وجہ تو سمجھ میں آتی ہے۔ لیکن کینیڈا کے کسی بزعمِ خویش ''حق پرست'' کی جانب سے اکا دکا ریفرنڈم کے خلاف ایک عدد کالم لکھ مارنا حیرت انگیز ضرور ہے۔ بات پھر بھی شائد اتنی حیرت انگیز نہ رہتی۔ مگر

''یہاں سے شہر کو دیکھو!''

نامی کالم کے ذریعے اپنی دانشوری کا منظرنامہ دکھلانے والے محترم دانشور اور کالم نگار کی جانب سے ریفرنڈم کی ہجو میں لکھے گئے کالم میں اپنے بعض پاکستانی ہموطنوں پر ''گروہ'' جیسے متعصّبانہ الفاظ کی فقرے بازی، نیز منافرت اور تشت و افتراق کو ہوا دینے والے معاندانہ ریمارکس، اس بات کے بہرحال متقاضی ہیں کہ ان کا قلمی تجزیہ بھی نذر قارئین کیا جائے۔

مگر مسئلہ یہ ہے کہ جن پاکستانیوں کو صاحبِ کالم نے اپنے کالم کا پیٹ بھرنے کیلئے بلاوجہ بیچ میں گھسیٹا ہے، ان کے خلاف معاندانہ اور منافرت انگیزی پر مبنی تحریرات کو تو بڑے طمطراق سے شائع کیا جاتا ہے۔ لیکن ان کی طرف سے کوئی فرد جوابی مُراسلہ (بالخصوص اردو اخبارات کو) بھجوائے تو بڑے بڑے بغدادری صحافیوں اور جرائد کا پتہ پانی ہونے لگتا ہے۔ چنانچہ زیرِنظر مُراسلہ کی اشاعت پاکستان پوسٹ کینیڈا کے نئے ریذیڈنٹ ایڈیٹر جناب عامر ارائیں کی صحافتی دیانتداری اور ان کے اس عزمِ صمیم کا گویا امتحان بھی ہے۔ جس کا اظہار جناب نے اپنے حالیہ تقرر کے ضمن میں اخبار کے صفحہ اول پر بایں الفاظ واضح فرمایا تھا کہ:

''میں کمیونٹی کو ساتھ لے کر چلوں گا!''

قونصلیٹ آفس، ٹورانٹو کے دفتر میں پاکستانی شہریوں کو مہیا کی گئی ووٹنگ کی سہولت، جسکی بابت ٹورانٹو کے بیشتر اُردو اخبارات میں اوقاتِ کار وغیرہ کی تفصیل چھپ چکی تھی، مذکورہ کالم نگار (جو اپنے سیاسی رجحان کے لحاظ سے ایم کیو ایم کے پرستار ہونے کے ناطے ''حق پرست'' بھی کہلوانا پسند فرماتے ہیں) رقمطراز ہیں کہ ''ٹورانٹو میں تو راتوں رات یہ ہوا کہ یہاں بھی ووٹنگ کا انتظام ہوا، نہ کسی کو خبر نہ کسی کو پتہ۔ عوام کے حق پر شب خون اسی کو کہتے ہیں اور یہاں تو عجیب بات ہوئی۔ پاکستان کے شہریوں کے اس گروہ نے جو خود کو مسلمان کہتا ہے لیکن جس کو پاکستان کے دستور نے غیر مسلم قرار دے رکھا ہے، ٹورنٹو میں باجماعت ووٹ ڈالے۔ کسی کو یہ بات پتہ نہ چلتی اور پتہ نہ بھی چلنی چاہیئے کہ ووٹنگ ایک خفیہ رائے دہی ہے۔ لیکن ستم یہ کہ اس گروہ کی مسجد میں

باقاعدہ ووٹ ڈالنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ اور تو اور بھولے ووٹر جاتے جاتے اپنا تبلیغی مواد بھی چھوڑ گئے۔ اس گروہ کے لوگ اپنے آپ کو مظلوم کہتے ہیں، اور کئی بار ان کے ساتھ شدید زیادتیاں بھی ہوئی ہیں۔ افسوس یہ ہے کہ جب ایسے مظلوم، ظالم اور ظلم کا ساتھ دینے لگیں تو مظلوم اور ظالم کا فرق مٹ جاتا ہے۔ پھر ایسے لوگوں کو کسی بھی حق پرست اور حق پسند سے اپنی حمایت کی امید نہیں کرنی چاہئے" (پاکستان پوسٹ 8 تا 15 مئی 2002ء صفحہ: 5۔ میگزین سیکشن)

مندرجہ بالا سطور پڑھ کر معمولی سمجھ بوجھ رکھنے والا قاری بھی یہ حقیقت بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ یہ سب کچھ حُبِ علیؓ میں نہیں بلکہ بُغضِ معاویہؓ میں لکھا گیا ہے۔ ورنہ یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک صاحبِ علم دانشور جو ہر ہفتے سی این ٹاور کی چوٹی پر چڑھ کر (اصطلاحاً) اِس نعرۂ مستانہ کیساتھ کہ "یہاں سے شہر کو دیکھو!" نہ صرف پورے شہر بلکہ پاتال تک کا منظر نامہ قارئین کو بلا ناغہ دکھلاتا ہو، خود اسے یہ خبر نہ ہو کہ 30 اپریل کو تمام دن قونصلیٹ آفس میں ووٹنگ کے انتظامات کئے گئے؟! جبکہ پاکستان پوسٹ کے بالمقابل ایک دوسرے بڑے اُردو اخبار کے دو 2 فُل صفحات پر ووٹنگ کا اشتہار بھی ہر خاص و عام نے دیکھا۔ جسکی وجہ سے بعض دیگر مقامی اُردو اخبارات نے احتجاج بھی شائع کیا کہ انہیں اِس منّ وسلویٰ (اشتہار) سے کیوں محروم رکھا گیا۔ خود موصوف کے اپنے اخبار (جس میں ان کا کالم شائع ہوتا ہے) نے نمایاں طور پر لکھا کہ اشتہار کی آفر ہمیں بھی آئی لیکن ہم نے انکار کر دیا۔ پھر ایک اور قابلِ غور نکتہ یہ ہے کہ جن معتوب پاکستانیوں پر تکرار کے ساتھ "گروہ" کی فقرہ زنی اور دستورِ پاکستان کا نام لے کر غیر مسلم کی طعنہ زنی فرمائی گئی ہے، ظاہر ہے اُن کی مسجد میں موصوف ایسے متشرع مومن خود تو نماز پڑھنے نہیں گئے ہوں گے۔ لیکن وہاں ہونے والے اعلان سے آنجناب گھر بیٹھے تو باخبر ہو گئے مگر اخبارات میں چھپنے والے جُملہ اعلانات سے حضور کو کانوں کان خبر نہ ہو سکی!! حیرت ہے کہ مخلوق خدا کی، منافرت اور تشت وافتراق کے زہر آلود خنجروں سے نشتر زنی اور دلآزاری کرنے کے بعد بھی "حق پرست اور حق پسند" یا بالفاظِ دیگر ایک سچا، کھرا، روادار، وسیع القلب اور روشن خیال مسلمان ہونے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے ۔

خنجر پہ کوئی داغ، نہ دامن پہ کوئی چھینٹ
تم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو؟

موصوف نے طنزاً یہ بھی لکھا ہے کہ کسی کو یہ بات (ووٹنگ کا) پتہ نہیں چلنی چاہیے کیونکہ ووٹنگ ایک خفیہ رائے دہی ہے۔ عرض ہے کہ جب رائے دہی کسی مفید اجتماعی مقصد کی خاطر کی جاتی ہو تو اسے خفیہ آخر کس لئے رکھا جائے؟

تحریک قیام پاکستان میں جب ایک احمدی نے مسلم لیگ اور کانگرس کو ووٹنگ کے سلسلہ میں حضرت امام جماعت احمدیہ کی رائے پوچھی تو آپنے نہ صرف قائد اعظم کی واشگاف حمایت کا اعادہ فرمایا، اس کو قائد اعظم تک پہنچانے کی بھی ہدایت فرمائی۔ چنانچہ قائد اعظم نے قیام پاکستان کے عظیم کاز کی خاطر دیگر مسلمان جماعتوں کو بھی رغبت دلانے کے لئے اس خط و کتابت کو پریس میں بھجوا دیا۔ کیا قائدِ اعظم کا اس خط و کتابت کو ایک عظیم مقصد کی خاطر "خفیہ" رکھنے کی بجائے مشتہر کرنا بھی گناہ اور قابلِ مذمّت تھا؟ (نوٹ: اس خط و کتابت کی تفصیل اسی شارہ کے ایک دوسرے مضمون "قائداعظم محمد علی جناح" میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے)

اب ذرا "ظالم اور ظلم" کی بابت بھی کچھ بات ہو جائے موصوف نے اپنے کالم میں سارا زورِ بیاں اس بات پر صرف کیا ہے کہ چونکہ جنرل پرویز مشرف ظالم ہے لہٰذا ریفرنڈم میں ووٹ نہ ڈالنا عین کارِ ثواب ہے۔ صاحبِ کالم چونکہ ایم کیو ایم کے خوشہ چینوں بلکہ سچے پرستاروں میں سے ہیں لہٰذا موصوف سے اسی پس منظر میں بصداحترام سوال یہ ہے کہ پہلے تو یہ بتایئے گا کہ جنرل مشرف کے "ظالم" ہونے کا انکشاف آنجناب پر کب ہوا؟

حالات و واقعات کی گواہی یہ ہے کہ ریفرنڈم کے انعقاد سے محض ایک ہفتہ قبل ایم کیو ایم جنرل مشرف کی زبردست مویدّ تھی۔ چنانچہ مشرف نے اپنی رابطہ مہم کا جو آخری جلسہ کراچی میں منعقد کیا تھا اسمیں ایم کیو ایم کے کارکنان لاکھوں کی تعداد میں شریک ہوئے اور جلسہ گاہ میں ہر طرف ایم کیو ایم کے جھنڈے لہرا رہے تھے۔ اسی طرح بی بی سی کے اردو پروگرام "جہاں نما" میں ایم کیو ایم کی سیاسی رہنما نسرین جمال صاحبہ کا

ایک انٹرویو نشر ہوا جسمیں ریفرنڈم کی حمایت کا عندیہ دیا گیا پھر اچانک یہ ہوا کہ ایم کیو ایم کے دو سرکردہ افراد، کراچی میں نا معلوم قاتلوں کے ہاتھوں قتل کر دیئے گئے۔ بظاہر دیکھا جائے تو ایم کیو ایم کو اس قتل کے ذریعے حکومت کی حمایت سے دور کرنا تھا۔ عملاً یہی ہوا۔ چنانچہ بدخواہانِ پاکستان اپنے مذموم مقاصد میں بظاہر یوں کامیاب ہوتے نظر آئے کہ ایم کیو ایم کی نظر میں جنرل مشرف کی حکومت یکا یک ''ظالم'' ٹھہری!

حالانکہ حالات کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے مکتبۂ فکر کو چاہیئے تھا کہ وُسعتِ نظری کا مظاہرہ کیا جاتا۔ سوال یہ ہے کہ کیا اسی کا نام بالغ نظری، دانشوری، زمینی حقائق کا ادراک اور حبّ الوطنی ہے؟

حدیثِ رسولِ مقبول ﷺ حبّ الوطنِ من الایمان
(وطن کی محبت ایمان کا حصہ ہے)

کا تقاضا تو یہ ہے کہ اِس وقت وطنِ عزیز، جس آزمائش کی گھڑی سے گزر رہا ہے اسکو دیکھتے ہوئے ہر قسم کے گروہی، فروعی، سیاسی اور دیگر اختلافات کو بالائے طاق رکھ دیا جائے۔ 1965ء کی جنگ کے جذبہ کے تحت سیسہ پلائی دیوار کی طرح یک جان ہو کر ملکی دفاع کو لوہے کے چنے بنا دیا جائے۔

درحقیقت یہی وہ اہم اور بنیادی نکتہ ہے جسکے تحت پاکستان کے متذکرہ معتوب شہریوں نے بالکل اسی طرح ببانگِ دُھل حکومتِ وقت کو ریفرنڈم میں ووٹ ڈالے، جس طرح انہوں نے من حیث الجماعت قیامِ پاکستان کی خاطر قائدِ اعظم اور ان کی مسلم لیگ کی پُرزور حمایت کی تھی جبکہ اُس وقت برِ صغیر کی تقریباً تمام مذہبی جماعتیں مخالف کیمپ میں جا کر قائدِ اعظم کو کافرِ اعظم اور پاکستان کو ناپاکستان اور پلیدستان کے القابات سے نواز رہی تھیں۔ حتیٰ کہ بائیکاٹ میں پیش پیش آج بھی وہی لوگ ہیں جو پاکستان کا کھا کر آج بھی اسکے قیام کو 'فراڈِ اعظم'' سے موسوم کرتے رہتے ہیں۔ نہیں معلوم فاضل کالم نگار کے ہاں ''حق پرستی و حق پسندی'' کا مفہوم کیا ہے۔ تاہم اگر ملکی و قومی دفاع اور استحکام کی خاطر کی جانیوالی کوششوں کا ساتھ دینا ''ظلم'' کہلاتا ہے تو ایسے ظلم کی مخالفت آپکو مبارک ہو۔ جماعتِ احمدیہ اس نوعیت کے ظلم کا (بھاری قیمت چکانے کے باوجود) ہمیشہ سے ساتھ دیتی آئی ہے، دے رہی ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی دیتی رہے گی۔

مزید براں اِس وقت پاکستان میں ان کی جماعت کے ہزاروں افراد پر عجیب و غریب نوعیت کے مقدمات قائم ہیں۔ جن میں سے بیشمار افراد زنداں خانوں میں قید و بند کی صعوبتوں سے گزر رہے ہیں۔ دلچسپیٔ طبع کی خاطر ذرا ان ''جرائم'' کی جھلک بھی ملاحظہ ہو۔ آذان دینا۔ اعتکاف بیٹھنا۔ نماز پڑھنا۔ السلام علیکم کہنا۔ شادی کے کارڈوں پر بسم اللہ الرحمن الرحیم کے الفاظ لکھنا۔ مساجد پر کلمہ طیبہ یا گھروں کی پیشانیوں پر ھذا من فضلِ ربی کے الفاظ کا کندہ کرنا وغیرہ وغیرہ۔ گویا مملکتِ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں بقول اکبر الہ آبادی مرحوم ؎

رقیبوں نے رپٹ لکھوائی جا جا کے تھانے میں
کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اِس زمانے میں

یہ کوئی افسانوی قصے کہانیاں نہیں بلکہ وہ تلخ حقائق ہیں جنکی تفاصیل پاکستان کے قومی اخبارات میں بھی شائع شدہ موجود ہیں۔ لیکن ان سب زیادتیوں اور دکھوں کو یکسر بھلا کر پاکستان کی موجودہ نازک صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے یہ جماعت مشرف کے ریفرنڈم میں ووٹ دینے چلی آئی۔ اور یہی بات ان کے مربوط نظامِ جماعت، تعلیم و تربیت اور نظم و ضبط کا خاصہ ہے جو دوسروں کیلئے یقیناً حیران کن ہے۔ ویسے اپنے دکھوں کو بُھلا کر کسی اعلیٰ مقصد کی خاطر ''ظالم'' کو گلے لگانا بھی حوصلے، ظرف اور دولتِ احساس سے مالامال دیوانوں کا ہی وطیرہ ہوا کرتا ہے۔

بقول ثاقب زیروی مرحوم ؎

جب زخم لگے تو چہروں پر پھولوں کا تبسّم لہرائے
فرزانوں کا اتنا ظرف کہاں یہ حوصلہ ہے دیوانوں کا

اِنفرادیت کو اجتماعیت پر فوقیت نہ دینے کی روایات خود تاریخ اسلام کا زریں باب اور ان لوگوں کیلئے بطورِ خاص مشعلِ راہ ہیں جو اپنی رعونتِ فکر کے ہاتھوں مجبور ہو کر اور دستوری ترمیم کے سرکاری فتوے کو آسمانی صحیفہ جان کر دیگر کلمہ گوؤں کو کافر اور حقیر تصور کرتے ہیں۔ اجتماعیت کی خاطر انفرادیت کی نفی کی ایک خوبصورت مثال شیرِ خدا حضرت علیؓ کے

ایک مشہور واقعہ سے بھی ملتی ہے۔ کفار کے ساتھ ایک جنگ کے دوران حضرت علیؓ نے ایک کافر کو نیچے گرالیا اور جب اسے قتل کرنے لگے تو مغلوب شدہ کافر نے آپ کے چہرے پر تھوک دیا۔ حضرت علیؓ فوراً اسکے سینے سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور اسے معاف کر دیا۔ کافر نے حیران ہوکر وجہ پوچھی تو فرمایا کہ پہلے میری تمہاری لڑائی اسلام کی خاطر تھی۔ لیکن تمہارے تھوکنے کے بعد اگر میں تمہیں قتل کرتا تو اسمیں میرا ذاتی انتقام شامل ہوتا۔ کافر کے دل پر اتنا اثر ہوا کہ وہ فوراً کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا۔

اب کوئی بتائے کہ جنرل مشرف اس کافر سے بھی گیا گزرا ہے۔؟ پاکستان کے باشعور شہریوں بالخصوص تعلیم یافتہ لوگوں کو کم از کم یہ تو سوچنا چاہیئے تھا کہ پاکستان کے ازلی دشمن کی پارلیمنٹ تو پاکستان پر حملے کی متفقہ قرار داد پاس کر کے اپنی فوج کی پشت مضبوط کر رہی ہے۔ جبکہ اپنی دانست میں مشرف کو بائیکاٹ کی سزا دیکر آپ حضرات بالواسطہ کسے خوش کر رہے ہیں؟ بزبان غالب ؎

حد چاہیئے سزا میں عقوبت کے واسطے

آخر گناہگار ہوں کافر نہیں ہوں میں

پس اے میرے وطن کے دانشورو اور قلمکارو!

یہ تمہارا فرضِ منصبی ہے کہ موجودہ کٹھن حالات میں قوم کے اندر تشت و افتراق کی بجائے اتحاد اور یکجہتی کے شعور کو بیدار کیا جائے آخر تمہیں بے وطن فلسطینیوں یا احمد آباد گجرات کے بے بس مسلمانوں کو دیکھ کر بھی اپنے وطن کی سوہنی دھرتی جیسی نعمتِ عظمیٰ پر جذبات تشکر ابھارنے کا خیال کیوں نہیں آتا؟ خدارا! یہ وقت باہمی جھگڑوں کا نہیں، گلستانِ وطن کو نظرِ بد سے بچانے کا ہے جو بدخواہانِ وطن کی آنکھوں میں (نیوکلیئر طاقت کی وجہ سے) خار بن کر کھٹک رہا ہے۔ آزمائش کی ان گھڑیوں میں اگر اپنے جائز حقوق سے سر دست دستکش ہونے یا وطن کو بچانے جیسے کسی ایک راستے کو چُننے کا سوال سامنے آئے تو آنکھیں بند کر کے پہلے وطن کو بچانے کی فکر کرتے ہوئے اس مشہور واقعہ یا قصہ کے مطابق فیصلہ کیجئے۔

بتایا جاتا ہے کہ دو عورتیں ایک بچے کی حقیقی ماں ہونے کے جھگڑے کی وجہ سے قاضیٔ شہر کی عدالت میں لائی گئیں۔ دونوں عورتیں بچے کی حقیقی ماں ہونے کی دعوے دار تھیں۔ قاضی کیلئے فیصلہ کرنا انتہائی مشکل تھا کہ وہ زمانہ آج کے ڈی این اے سائنسی ٹیسٹوں جیسی سہولیات کا نہیں تھا۔ تاہم قاضی جہاندیدہ شخص تھا۔ اس نے فیصلہ دیا کہ بچے کے دو ٹکڑے کر کے آدھا آدھا دونوں میں بانٹ دیا جائے۔ قاضی کا یہ فیصلہ سن کر بچے کی حقیقی ماں مامتا کے ہاتھوں بیتاب ہو کر چلا اٹھی۔ نہیں نہیں قاضی صاحب! میں ہی اپنے حق سے دستبردار ہوتی ہوں۔ خدا کیلئے بچے کے دو ٹکڑے مت کیجئے بچہ بے شک اس دوسری عورت کے حوالے کر دیں۔ قاضی فوراً سمجھ گیا کہ یہی عورت بچے کی اصلی ماں ہے۔ جسکی حقیقی مامتا بچے کے دو ٹکڑے کرنا برداشت نہیں کر سکی۔

اے کاش! میرے وطن کے لوگوں بالخصوص سیاسی کھلاڑیوں میں بھی آج پھپھے کٹنی ماں کی بجائے حقیقی ماں جیسا جذبہ عود کر آئے۔ اور وہ وطن کی دھرتی ماں سے کچھ لینے کی بجائے اسے دے سکیں۔

اے کاش ....!!

آخر میں بزبانِ غالب فقط یہی گذارش ہے کہ ؎

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف

آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے

جہاں بھی عدل کی پگڑی کوئی اچھالے گا

یہ وقت اُس کی رعونت پہ خاک ڈالے گا

میں لڑ رہا ہوں زمانے کی سرد مہری سے

زمانہ کب تک وعدوں پہ مجھ کو ٹالے گا

مجھے کسی کی دعاؤں پہ ہے یقین ایسا

اگر میں ڈوبا تو دریا مجھے اچھالے گا

عبدالکریم قدسی

چچا کی باتیں

کالم نگار: ایم اے سعید (مجلس وان)

ایک دلچسپ سلسلہ وار کالم

آج کا دن بھی عجیب شروع ہوا ۔ نماز فجر کے بعد ذرا سی دیر کے لیے ستانے لگے تو نانجار فون نے اس طرح ڈرایا کہ ہم پلنگ سے نیچے گر گئے ۔ ذرا ہوش ٹھکانے لگے تو معلوم ہوا کہ زلزلہ نہیں ہے یہ تو فون کی گھنٹی تھی ......جس نے مورچے میں گرنے کی فوجی مشق کروا ئی ہے ......

تو جناب فون پکڑا تو چچا حسب معمول تیکھے لہجے میں بولے ......

ابھی تک سو رہے ہو......نماز بھی نہیں پڑھی...... ہم نے وضاحت کی کہ پڑھ کر سوئے تھے تو جناب پھر جان بخشی ہوئی......تو خیر جناب فون کا آنا تھا سو آ گیا لیکن ہمارا چھٹی کا دن غارت ہو گیا......سب پروگرام دھرے کے دھرے رہ گئے......اب چچا کی حکم عدولی کون کر سکتا تھا......چارو ناچار اٹھنا پڑا اور چچا کی طرف روانہ ہو گئے...... حال و احوال کے بعد معلوم ہوا کہ چچا نے رات کے پائے پکار کھے ہیں اور ان کے لئے دعوتِ شیراز دی ہے...... زہے نصیب ہمارے کہ ہم کو چچا نے دعوت پہ بلایا......دورانِ دعوت چچا کی رگِ خطابت پھڑک اُٹھی بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہو گا کہ ع وہ کہیں اور سنا کرے کوئی!

تو جناب چچا کی رگ خطابت نے جب اتنا زور مارا کہ چچا کیلئے اس کو روکنا مشکل ہو گیا تو چچا نے زور سے ہنگارا لیتے ہوئے ہمیں متوجہ کیا اور فرمانے لگے......معلوم ہے کیا ہوا......ہم نے کہا نہیں......کہنے لگے...... اللہ معاف کرے...... اللہ معاف کرے......ہم نے پریشانی کے عالم میں کھانا چھوڑ کر پوچھا......آخر ہوا کیا......؟

کہنے لگے عجب زمانہ آ گیا ہے......کیا بنے گا اس نئی نسل کا...... جوہنس کی چال چلنے کی کوشش میں اپنی ہی چال بھلا رہی ہے...... چچا پھر نئے زمانے کی چال کو کوسنے لگے...... اور ہمیں مخاطب کر کے کہنے لگے......تم اور ہم جو ہجرت کر کے اور اپنی نسلوں کو لے کر اس دیار غیر میں آئے ہیں ان کا مقصد کیا......؟ ہم نے کہا کہ ہم احمدیوں کی ہجرت کا مقصد تو سب کو معلوم ہے کہ ہم وہاں پر اپنے مذہبی فرائض کو احسن رنگ میں سرانجام نہیں دے سکتے تھے اس وجہ سے ہجرت کے صدمہ سے دو چار ہونا پڑا ہے ورنہ اپنا وطن اور اپنی مٹی کس کو نہیں پسند...... وہاں ہی سے تو ہمارا خمیر اٹھا ہے......ہم اس کو کیسے بھول سکتے ہیں...... گو سیاسی حالات ہمارے موافق نہیں ہیں لیکن وطن کو بنانے والے تو ہم ہی ہیں نا......!

کہنے لگے شاباش زندگی میں پہلی بار میری پسند کی بات کی ہے...... یہ شگفتگی جو چچا پہ آئی ہے ......قارئین یہ پائے کھانے کی وجہ سے ہے یاد رہے آپ کو......

پھر چچا ہجرت کا فلسفہ سمجھاتے ہوئے اور حضور ایدہ اللہ کے خطبات کا پنجابی ترجمہ کرتے ہوئے کہنے لگے اچھا یہ بتاؤ ......احمدیت کی زبان کیا ہے ...... ہم نے کہا اردو...... چچا ہمارے اس جواب سے اتنے خوش ہوئے کہ ہمارا منہ چوم لیا اور فرمانے لگے...... برخوردار معلوم ہے آئندہ بیس پچیس سالوں کے بعد ہماری یہ موجودہ نسل اردو جاننے والے بزرگوں کو ڈھونڈتی پھرے گی......ہم نے پوچھا وہ کیسے...... ہمارا سب لٹریچر اردو میں ہے......ایم ٹی اے پر اردو کلاس ہوتی ہے...... بچے اس کلاس سے فائدہ اٹھاتے ہیں...... میں نہیں مانتا...... کہنے لگے او بھائی او جناب آنکھیں کھولیے اور حقیت کی نظر سے دیکھیے......

چچا زور دے کر کہنے لگے کہ مغرب میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام ۔خلفائے احمدیت اور بزرگان احمدیت کی کتب تو ہوں گی اور یہ نئی نسل ان کا خلاصہ انگلش میں پڑھے گی اور اردو جاننے والے بوڑھوں کو تلاش کرتی پھرے گی جو ان کو اردو کی کتابوں کا انگلش میں ترجمہ کر کے دیں......

ہم سوچ میں پڑ گئے اور ہم نے اس تفصیل کے بارے میں پوچھا کہ چچا آخر آپ کو یہ خیال آیا کیسے...... چچا نے وجہ بیان کی کہ کل میں نے باسکٹ بال گراؤنڈ میں کھیلنے والے چند نوجوانوں سے پوچھا...... کہ آپ میں سے کس کس کے پاس کون کون سا تنظیمی عہدہ ہے......وہ تمام نوجوان

حیران و پریشان ہو کر چچا کی طرف دیکھنے لگے اور پوچھنے لگے کہ تنظیمی عہدہ کیا ہوتا ہے اور عہدہ کی انگلش کیا ہے......

بس جناب ان کا یہ پوچھنا چچا کے بلڈ پریشر کے لئے کافی تھا...... چچا کا منہ سرخ ہو گیا اور چچا شروع ہو گئے...... کہنے لگے آپ سب نوجوان بفضل تعالیٰ پیدائشی احمدی ہیں...... پیدائشی والدین کی اولاد ہیں......صحابہؓ کی نسلیں ہیں آپ لوگ......اردو اور پنجابی آپکے کے گھروں میں بولی جاتی ہے...... آپ سب یہ بتائیں کہ والدین سے آپ کس طرح بات کرتے ہیں......ان بچوں نے جواب دیا ...... ہمارے والدین آپس میں اردو یا پنجابی میں بات کرتے ہیں اور ہمارے ساتھ گلابی اردو (اردو اور انگلش کا مرکب) میں بات کرتے ہیں۔اور جب کبھی ہم اپنے دوستوں یا کلاس فیلوں سے فون پر بات کرتے ہیں تو پھر ہم آپس میں انگریزی میں بات کرتے ہیں ......اور اسی دوران گھر میں آئے ہوئے مہمانوں کو بڑے فخر سے اشاروں کنایوں میں بتایا جاتا ہے کہ دیکھیں ہمارے بچے کتنی اچھی انگلش بولتے ہیں......

یہ گھریلو ڈائری سننے کے بعد چچا وہاں سے تو چلے آئے اور ہمارے لئے ایک اور لیکچر کا بندوبست ہو گیا جس کو ہم آج سن رہے ہیں......

قارئین آپ کو بتاتے چلیں کہ چچا کچھ تو غصیلی طبیعت کے واقع ہوئے ہیں اور ان کی غیر موجودگی میں ہم دوست جب کبھی آپس میں بات کرتے ہیں تو ان کا نام ہم چچا ہیبت خان لیتے ہیں ...... چچا مرکز سے تشریف لائے ہیں...... تربیت اولاد اور جماعتی نظام کے سلسلہ میں وہ بڑا ہی تحکمانہ مزاج رکھتے ہیں...... ان کا موٹو ہے کہ آن نہ جائے......جان جائے تو جائے......

چچا کا فلسفہ یہ ہے کہ احمدیت کی روح کو سمجھنے کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جو کتب تحریر فرمائی ہیں ان سے آگاہی اسی وقت ہو گی جب اردو لکھنی پڑھنی آئے گی...... دوسری زبانوں میں تراجم کتنے ہی اچھے کیوں نہ ہوں ان تراجم سے وہ بات نہیں بنتی جو اصل زبان سے سمجھ میں آتی ہے...... ترجمہ پھر بھی ترجمہ ہی ہے۔ہم نے کہا یہ بات تو آپ کی ٹھیک ہے اور سمجھ میں بھی آتی ہے...... لیکن اس میں اتنا گوھنے والی کیا بات ہے......

کہنے لگے او میاں اتنے بھی خود غرض نہ بنو......بحثیت احمدی ہم سب ایک خاندان ہیں اور ہر کوئی اس کا فرد ہے......اگر خاندان میں کوئی اونچ نیچ ہو تو سب اس سے متاثر ہوتے ہیں......پھر ہم سب احمدی ایک ہی قوم ہیں......تو کیوں نہ ہم سب مل کر اس کا حل تلاش کریں......ہم نے کہا وہ کیسے...... چچا بولے......ارے ویسے ہی جیسے حضور ایدہ اللہ اردو کلاس میں پڑھاتے ہیں......ہمیں بھی اپنے اپنے گھروں میں بچوں کی اردو کلاسز کا اجراء کرنا چاہیے اور ہر احمدی کو اردو لکھنا پڑھنا آنا چاہیے تا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے روحانی خزائن کو ہر فرد واحد سمیٹ سکے......یہ ایک دو دن کا کام نہیں ہے اس کے لئے مسلسل جدوجہد کرنا پڑے گی......باہر تنظیم ان پر نگران ہو گی اور گھر میں والدین ان پر نگاہ رکھیں گے پھر کہیں جا کر ہم سرخرو ہوں گے......ہجرت کرنے کا مقصد تو یہ تھا کہ ہم اپنے فرائض کو احسن رنگ میں ادا نہیں کر سکتے تھے......اس لیے خدائی حکم کے مطابق خدا کی زمین میں پھیل گئے ہیں......لیکن ضروری ہے کہ ہم پردیس میں آ کر اپنے مقصد سے دور نہ ہوں......کہیں مادیت کی طرف نہ ہو جائیں اور ہماری احمدی نسلیں غیر قوموں کی ریس میں نہ پڑ جائیں......کہیں مغربی معاشرہ کی برائیوں میں مبتلا نہ ہو جائیں......ان پر نگاہ رکھنی پڑے گی......ان کا محاسبہ کرنا ہو گا......ان کو بتانا ہو گا کہ کن عوامل کی بناء پر ہم اپنے مرکز سے دور ہوئے......کن وجوہات پر ہم نے ہجرت کے زخم سہے ہیں......احمدیت کا نصب العین کیا ہے......ان نوجوانوں کو بتایا جائے کہ خدام الاحمدیہ جیسی ذیلی تنظیموں کے بانی حضرت مصلح موعودؓ ان کو کس طرح دیکھنا چاہتے تھے......

حضور فرماتے ہیں کہ:

''نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ سلسلہ کی خدمت کا تہیہ کر لیں اور دنیوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم بھی حاصل کریں اگر کسی نے صرف بی اے یا ایم کر لیا اور دینی تعلیم سے کورا رہا تو ہمیں اس کی دنیوی تعلیم کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے۔...... پس سلسلہ کی ضروریات اور اپنی ذمہ داریوں کو

سمجھنے کی کوشش کرواور اپنے حوصلوں کو بلند کرو

اگر انسان کسی کام کو شروع کرنے سے پہلے ہی اپنے حوصلہ کو گرا دے اور سمجھے کہ میں کچھ نہیں کر سکتا تو یہ اس کی غلطی ہوتی ہے۔ بے شک ایک انسان میں یہ طاقت نہیں کہ وہ دنیا کو ہلا سکے لیکن وہ ہلانے کا ارادہ تو کر سکتا ہے۔ اگر تم اپنے حوصلوں کو بلند کرو گے اور سستی اور غفلت کو چھوڑ کر اپنے اندر چستی پیدا کرو گے تو تھوڑے عرصہ میں ہی تم میں سے کئی نوجوان ایسے نکلیں گے جو پہلوں کی جگہ لے سکیں گے......

ہمیں سلسلہ کی ضروریات کے لئے بہت سے نئے آدمیوں کی ضرورت ہے اور یہ ضرورت روز بروز بڑھتی چلی جا رہی ہے......پس نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ خدمت دین کے لئے آگے آئیں......ان نصائح کے ساتھ میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اپنے فضل سے ہمارے کاموں میں برکت ڈالے اور وہ بوجھ جسے ہمارے کمزور اور ناتواں کندھے نہیں اٹھا سکتے اسے خود اٹھالے اور ہمیں اپنی موت تک اسلام اور احمدیت کی خدمت کی توفیق عطا کرتا چلا جائے۔ ہم کمزور اور بے بس ہیں لیکن ہمارا خدا بڑا طاقتور ہے۔ اس کے صرف کنُ کہنے کی دیر ہوتی ہے کہ زمین و آسمان میں تغیرات پیدا ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ اس لئے آؤ ہم اللہ تعالیٰ سے ہی دعا کریں کہ وہ ہم پر اپنا فضل نازل فرمائے۔ ہمیں اپنی رضا اور محبت کی راہوں پر چلائے اور ہمارے مردوں اور عورتوں اور بچوں کو اس امر کی توفیق بخشے کہ وہ دین کی خدمت کے لئے زیادہ سے زیادہ قربانیوں سے کام لیں اور اپنے اعمال کا محاسبہ کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں منافقت سے بچائے۔ان کے ایمانوں کو مضبوط کرے ان کے دلوں میں اپنا سچا عشق پیدا کرے اور انہیں دین کی بے لوث خدمت کی اس رنگ میں توفیق بخشے جس رنگ میں صحابہؓ کرام کو ملی۔اور اللہ تعالیٰ ان کی نسلوں کو دین کا سچا خادم اور اسلام کا بہادر سپاہی بنائے اور انہیں ہمیشہ دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین‘‘

(تقریر جلسہ سالانہ فرمودہ 28 دسمبر 1960ء)

چچا نے نہایت جذباتی ورقّت آمیز انداز میں ہمیں یہ اقتباس سنایا اور ہم اپنے ضمیر سے آنکھیں چراتے ہوئے یہ سوچنے لگے کہ کیا ہم اس ہجرت میں سرخرو ہو رہے ہیں ؟

ہمارے پاس چچا کی لگی لپٹی سے پاک اِن صاف، سیدھی اور کھری کھری باتوں کا کوئی جواب نہیں تھا کیونکہ ہم خود بھی اپنے بھانجے، بھانجیوں سے اردو میں انگلش کے الفاظ ملا کر بولتے ہیں اور ان کو ہر بات انگلش میں سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں...... بلکہ مشاہدہ یہ ہے کہ جن گھرانوں میں ماں باپ بھی انگلش بول لیتے ہیں وہ اردو یا اپنی مادری زبان میں بچوں کیساتھ بات کرنے کی بجائے انگریزی زبان میں بات کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ کہ کہیں ان کے بچے اردو یا ماں باپ کی مادری زبان کا کوئی لفظ نہ سیکھ لیں......!! ہم ندامت سے سر نیچا کئے چچا کی باتیں سنتے رہے۔ بالآخر ہم نے وہاں سے کھسک آنے میں ہی نجات سمجھی اور چچا سے کوئی بہانہ کر کے ضمیر پر ایک بوجھ لئے گھر واپس لوٹ آئے۔ چچا کی گلوگیر باتیں دیر تک ہمارے ضمیر پر تازیانے برساتی جبکہ رقّت و جذبات سے رندھا چہرہ بار بار سوالیہ نشان بن کر ہماری آنکھوں کے سامنے گھومتا رہا جیسے بزبانِ حال کہہ رہا ہو ؎

تم ہی نہ سن سکو اگر قصہ غم سنے گا کون
کس کی زباں کھلے گی پھر ہم نہ اگر سنا سکے

☆☆☆☆☆☆

خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ !

☆ خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ تم نے کون سی کار چلائی؟ وہ یہ پوچھے گا کہ تم نے کار میں کتنے ایسے لوگوں کو بٹھایا جن کے پاس یہ سہولت نہیں تھی؟

☆ خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ تمہارا گھر کتنا بڑا تھا؟ وہ یہ پوچھے گا کہ تم نے اس گھر میں کتنے لوگوں کو جگہ دی؟

☆ خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ تم نے اپنے لئے کیا کیا؟ وہ یہ پوچھے گا کہ تم نے دوسروں کی کتنی مدد کی؟

☆ خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ تمہارے پڑوسی کیسے تھے؟ وہ یہ پوچھے گا کہ تمہارا ان کے ساتھ کیسا سلوک تھا؟

☆ خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ تمہاری تنخواہ کتنی تھی؟ وہ یہ پوچھے گا کہ اُس کے لئے کہیں تم نے اپنا ضمیر تو نہیں کھو دیا؟

☆ خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ تمہاری رنگت کیسی تھی؟ وہ یہ پوچھے گا کہ تمہارا کردار کیسا تھا؟

اجتماع انصار اللہ 2002ء کی تصویری جھلکیاں

مکرم امیر صاحب کا خطاب

مولانا مبارک نذیر صاحب مربی سلسلہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے



مکرم عبدالرحمان صاحب دہلوی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے



مکرم مبارک احمد انصاری صاحب اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے



مکرم مرزا افضل صاحب مربی سلسلہ کا خطاب

قائد عمومی مکرم حامد لطیف بھٹی صاحب سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے

مکرم ڈاکٹر ناصر احمد صاحب پروازی کا سامعین سے روح پرور خطاب

مجلس شوریٰ کا کارروائی کا ایک منظر

مکرم کرنل دلدار احمد صاحب درسِ حدیث دے رہے ہیں

مکرم ملک لعل خان صاحب کا خطاب

سامعین اجتماع

نیشنل مجلسِ عاملہ کے ممبران مجلسِ شوری کے دوران

اجتماع کے شرکاء کا ایک منظر

سامعین اجتماع کا ایک اور منظر

شرکاء اجتماع عہد دہراتے ہوئے

دوران اجتماع صدر محترم اپنے رفقاء کے درمیان

مقابلہ والی بال کا ایک منظر

مقابلہ رسی کشی کی تیاری......... اور زبردست مقابلہ

مقابلہ مشاہدہ ومعائنہ کا ایک منظر

شعبہ رجسٹریشن کا ایک منظر

"گھر سے تو کچھ نہ لائے !" (حضرت مسیح موعود علیه السلام)

MY MOTIVE IS TO WIN YOUR TRUST

- BUYING OR SELLING IS NOT A BIG DEAL.

MUHAMMAD KHALIL

Sales Representative

By the grace of Almighty Allah I want to express my gratitude to my community, who enabled me to achieve the following:

Top Sales Representative by office	**1999**
Ontario Emerald Award	**1999 & 2001**
Platinum Club Member Award	**1999 & 2000**
President Club Award	**2001**

HomeLife/Superstars
Real Estate Limited
Member Broker

23 Westmore Drive, Unite 102
Rexdale, Ontario M9V 3Y7

HOMELIFE

Bus: (416) 740-4000 (24 hour pager)
Fax: (416) 740-8314
Res: (905) 303-9339
Cell: (416) 230-4140
e-mail: mkhalil@trebnet.com

Residential & Commercial

سٹی پیسٹ کنٹرول ۔ ایک بااعتماد نام

Guaranteed Termination of all Pests
Bee, Wasp & Bird Nest Removal

RESIDENTIAL • INDUSTRIAL • COMMERCIAL

☑ Unmarked Vehicles ☑ Over 15 Years Experience
☑ Fully Licensed & Insured ☑ Seniors Discounts

FREE ESTIMATES

VISA

(416) 410-2786

24 hrs, 7 Days a Week, No Extra Charge on Weekends

Royal Accident Claims Inc.

•Auto Accidents •Pedestrian

اللہ نہ کرے آپ کا ایکسیڈنٹ ہو یا اگر ہو جائے

تو کیا آپکو ایکسیڈنٹ کے بعد اپنے حقوق معلوم ہیں؟

☆......کسی بھی اپنی انشورنس کمپنی کو فون کرنے سے پہلے حبیب ملک کو ضرور فون کریں

☆......آپ پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کر رہے ہوں، پیدل جا رہے ہوں یا آپ خود ڈرائیور ہوں یا پسنجر۔ بے شک آپ ریفیوجی ہی کیوں نہ ہوں، اسٹوڈنٹ ہوں یا خاتون خانہ، آپ کی نوکری ہو یا نہ ہو۔ بے شک غلطی آپ کی ہو ہم آپ کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں

☆......آپ کو ایکسیڈنٹ کلیم میں دیر بھی ہو چکی ہو تو ہم سے رابطہ قائم کریں۔

☆......ہم اپنی فیس دوسروں سے کم اور کلیم دلوانے کی صورت میں لیں گے۔ ہم آپکی زبان اُردو اور پنجابی بھی بولتے ہیں

☆......ہمارا مشورہ بالکل مفت ہے اور آپ کا کیس بھی بلا معاوضہ ہی دائر کریں گے۔ آپ حبیب ملک سے کسی بھی وقت مفت مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔

HABIB MALIK

PH:416-994-9498 FAX:416-748-8162

2428 Islington Ave.. Suite 210 Etobicoke. Ont. M9W 3X8

FIRE & ICE
PRODUCTION

Specialized in Digital Media Production

Contact us now for a free estimates!
design@fiproduction.com
www.fiproduction.com
647.294.7429

میری ڈائری سے

مُرسلہ: کرنل (ریٹائرڈ) محمد سعید صاحب ۔ مانٹریال

میں عام طور پر اپنی نوٹ بکوں کی ورق گردانی کرتا رہتا ہوں۔ اپنی نوٹ بکوں سے کچھ مختلف تحریرات قارئین کی دلچسپی طبع کیلئے پیش ہیں۔

وفاداری

۱) ملفوظات جلد نہم صفحہ ۴۵۰ پر یہ کہانی درج ہے۔

لکھا ہے کہ ’’ایک یہودی مشرف بہ اسلام ہوا۔ کچھ دنوں کے بعد جو مصیبت کا سامنا ہوا اور وہ بھوکا مرنے لگا۔ اور فاقے پر فاقے آنے لگے۔ تو کسی یہودی کے مکان پر بھیک مانگنے گیا۔ یہودی نے اس نومسلم کو چار روٹیاں دیں۔ جب وہ روٹیاں لے کر جا رہا تھا تو ایک کتا بھی اس کے پیچھے ہولیا اس شخص نے یہ خیال کر کے کہ ان روٹیوں میں سے کتے کا بھی حصہ ہو۔ اُس نے ایک روٹی کتے کے آگے ڈال دی۔ کتا وہ روٹی جلدی جلدی کھا کر پھر اس کے پیچھے ہولیا۔ تب اس نے خیال کیا کہ شاید ان روٹیوں میں نصف اس کا ہو۔ تب اس نے ایک اور روٹی اس کے آگے ڈال دی مگر کتا اس کو بھی کھا کر اس کے پیچھے چل دیا۔ پھر جب اس نے معلوم کیا کہ کتا اسکا پیچھا نہیں چھوڑتا تو اُسے خیال آیا کہ شاید ان روٹیوں میں تین حصے اس کے ہوں اور میرا حصہ صرف ایک روٹی ہی ہو۔ اس لئے اس نے ایک اور روٹی ڈال دی۔ مگر کتا یہ روٹی کھا کر بھی واپس نہ گیا۔ تب اُسے کتے پر غصہ آ گیا اور اس نے کہا کہ تُو بڑا بدذات ہے مانگ کر میں چار روٹیاں لایا تھا۔ ان میں سے تُو تین روٹیاں کھا کر بھی میرا پیچھا نہیں چھوڑتا۔ خدا تعالیٰ نے اسوقت کتے کو بولنے کیلئے زبان دیدی۔ تب کتے نے جواب دیا۔ کہ میں بدذات نہیں ہوں۔ میں خواہ کتنے فاقے اٹھاؤں مگر اپنے مالک کے سوا کسی دوسرے کے گھر نہیں جاتا۔ بدذات تو تُو ہے جو فقط دو تین فاقے اٹھا کر ہی کافر کے گھر مانگنے آ گیا۔ تب وہ نومسلم یہ جواب سُنکر اپنی حالت پر پشیمان ہوا‘‘

۲) ایک یادگار تحریر۔

میں نے ۱۹۳۹ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۸ مئی ۱۹۳۹ء میں یہ عاجز اپنے ایک کلاس فیلو کے ساتھ قصرِ خلافت اس غرض کیلئے گیا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات کی جائے۔ چنانچہ حضور انور نے ازراہِ شفقت ہم دونوں کو ملاقات کا شرف بخشا اس موقعہ پر خاکسار نے حضور انور سے عرض کیا کہ میری نوٹ بک پر اپنے دست مبارک سے کچھ تحریر فرما دیں۔

حضور انور نے تحریر فرمایا ’’ **اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔ اور اپنے وقت اور عمر کو ضائع ہونے سے بچاؤ کہ عمر ایک قیمتی امانت ہے۔ اور جو امانت میں خیانت کرتا ہے اس کی دنیا میں کوئی عزّت نہیں۔** ‘‘

(دستخط) مرزا محمود احمد (خلیفۃ المسیح)

۳) تحریک پاکستان اور امیر شریعت سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری

جناب سیّد عبدالقدیر صاحب ۱۹۴۳ء کے ایک جلسہ احرار کی روئداد بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

’’سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری مجلس احرار کے نامور خطیب تھے، یہ باون یا ترپن سال پہلے کی بات ہے ۱۹۴۳ء میں جالندھر میں مجلس احرار کا جلسہ ہوا سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری نے زورِ خطابت میں کہا:

’’ہمارے دکھوں اور ہمارے مصائب کا علاج پاکستان نہیں۔ اور پاکستان نہیں بنے گا‘‘

قوم بیدار ہو چکی تھی اور ہم جیسے پندرہ سولہ لڑکوں میں پاکستان کا خون سرایت کر چکا تھا ہم میں سے احسان محسن (مرحوم) غصّے میں چلاّ یا۔ ’’آپ جھوٹ بول رہے ہیں‘‘ کارکنانِ احرار ہماری طرف لپکے مگر شاہ صاحب نے انہیں خاموش کرادیا اور گویا ہوئے: ’’ہاں میں جھوٹا ہوں، اس

لئے کہ میں حافظ قرآن ہوں، میں جھوٹا ہوں کہ میری بیوی حافظ قرآن ہے میں جھوٹا ہوں کہ میری بیٹی حافظ قرآن ہے۔ میں پھر کہتا ہوں کہ پاکستان نہیں بنے گا۔ ہرگز نہیں بنے گا۔ اگر یہ بن پایا۔ اور میں زندہ رہا تو میرے منہ پر آ کر تھوک دینا اور میں زندہ نہ ہوا تو میری قبر پر آ کر پیشاب کر دینا۔'' یہ آنکھوں دیکھا حال ہے اور کانوں سنا واقعہ ہے''

(بحوالہ: روزنامہ خبریں ۳۰ جون ۱۹۹۶ء)

مُسکراہٹیں

﴿ برجستہ ﴾

سرفیروز خاں نون (سابق وزیر اعظم پاکستان) نے وقارالنساء نامی خاتون سے دوسری شادی کی تو ایک صاحب نے ازراہِ اضافۂ معلومات مولانا عبدالمجید سالک (ایڈیٹر روزنامہ انقلاب) سے دریافت کیا۔ سرفیروز خاں نون کی پہلی بیوی تو بیگم نون (Begum-Noon) ہوئیں۔ اب ان کی دوسری بیگم کو کیا کہنا چاہیے؟ سالک صاحب نے برجستہ و بے ساختہ جواب دیا: ''بیگم آفٹر نون''! (Begum After Noon).

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ ترکی بہ ترکی ﴾

مولانا احمد رضا خان بریلوی نے فتویٰ دیا کہ شاہ سلیمان پھلواری (معروف علمی و ادبی شخصیت) ''کافر'' ہیں۔ شاہ صاحب نے سنا تو کہا مولانا بریلوی کا فتویٰ ہے کہ سلیمان کافر ہے اور قرآن کا فتویٰ ہے

''وَمَا کَفَرَ سُلیمان ولٰکنّ الشیاطین کفرُوا''

سلیمان نے کوئی کفر نہیں کیا۔

اب آپ کو اختیار ہے مولانا کا فتویٰ مانیں یا قرآن کا فتویٰ تسلیم کریں!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ گھڑ سواری ﴾

کسی شخص نے معروف مرثیہ گو شاعر سیّد آل رضا سے کہا۔ آخر آپ اپنے مرثیوں میں گھوڑے اور تلوار کا ذکر کیوں نہیں کرتے؟ جبکہ میر انیسؔ اور میرزا دبیرؔ نے تو ان کا خوب خوب ہی تذکرہ کیا ہے۔

سیّد آل رضا نے جواب دیا: وہ دونوں حضرات ''فنون سپہ گری'' کے استاد بھی تھے اور ''گھوڑ سواری'' جانتے تھے۔ میں تو فقط اپنی شادی والے دن ''گھوڑے'' پر بیٹھا ہوں!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

﴿ بی اے، ایم اے ﴾

ایک انڈر گریجویٹ نے بیوی کے فوت ہو جانے پر اپنے نام کی تختی پر ''بی اے'' لکھ دیا۔ مطلب و مفہوم تھا: Bachelor-Again یعنی ''پھر کنوارہ''۔ دوبارہ شادی کی تو اس تختی سے بی اے مٹا کر ''ایم۔اے'' لکھوالیا۔ مراد تھی: Married Again یعنی دوبارہ ''شادی شدہ''۔

﴿ ایم ایس سی ﴾

ٹورانٹو جماعت کے ایک سرگرم اور بذلہ سنج صاحب پہلی مرتبہ پاکستان سے ٹورانٹو پہنچے تو تعارف وغیرہ کے سلسلہ میں مشن ہاؤس بھی آئے۔ دورانِ گفتگو جب ان کی تعلیم وغیرہ کا ذکر آیا تو موصوف نے مُسکراتے ہوئے بتایا کہ وہ خود انڈر میٹرک ہیں البتہ ان کی بیگم ''ایم۔ایس۔سی'' ہیں۔

جب پوچھا گیا کہ کس چیز میں۔ ایم ایس سی؟

تو موصوف کا جواب تھا: ''مدر آف سیون چلڈرن''

یعنی ان کی بیگم کی ایم ایس سی کی تخصیص تھی ''سات بچوں کی ماں!''

جہاد بالقرآن

تحریر:۔ مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب

حضرت اقدس مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے فی زمانہ تلوار کے جہاد کو اسکی شرائط کے مفقود ہونے کی وجہ سے اسے التوا میں ڈال دیا ہے۔ اور اس بات کی پیش خبری حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ نے دی تھی کہ مسیح موعودؑ آئے گا تو وہ یَضَعُ الحَربَ کا اعلان کر دے گا کہ اسکے زمانہ میں چونکہ دیگر مذاہب تلوار سے حملہ نہیں کریں گے بلکہ ہر قسم کی مذہبی آزادی دیں گے۔ اسلئے ان کے خلاف تلوار چلانے کی اجازت نہ ہوگی اسی طرح مذہبی آزادی دینے اور امن و امان قائم رکھنے والی حکومت میں رہتے ہوئے اسکے خلاف اور اسکے باشندوں کے خلاف مار دھاڑ کرنے کی اجازت اسلام بالکل نہیں دیتا۔ ایسا کرنے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اسلام تو امن ہی امن ہے اور امن پھیلانے کا دعویدار ہے۔لیکن **جاھدھم بہ جھاداً کبیرا** (فرقان: 53) قرآن کے ذریعہ ان سے بڑا جہادِ کبیر کا قرآنی حکم تو ہمیشہ کے لئے قابلِ عمل ہے۔

ہمارے رب نے ہماری جسمانی ضروریات پوری کرنے کے لئے ہوا، پانی، روشنی اور طرح طرح کی سبزیاں اور پھل پیدا کئے ہیں۔ اسی طرح ہماری روحانی ضروریات و رہنمائی کی خاطر اپنے رسولوں کے ذریعہ تورایت، زبور، انجیل کے بعد قرآن مجید نازل فرمایا اسکے متعلق حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

”سب سے سیدھی راہ اور بڑا ذریعہ جو انوارِ یقین اور تواتر سے بھرا ہوا اور ہماری رُوحانی بھلائی اور ترقی علمی کے لئے کامل رہنما ہے قرآنِ کریم ہے۔ جو تمام دنیا کے دینی نزاعوں کے فیصلہ کرنے کا متکفل ہو کر آیا ہے۔ جس کی آیت آیت اور لفظ لفظ ہزار ہا طور کا تواتر اپنے ساتھ رکھتی ہے اور جس میں بہت سا آبِ حیات ہماری زندگی کے لئے بھرا ہوا ہے اور بہت سے نادر اور بیش قیمت جواہر اپنے اندر مخفی رکھتا ہے جو ہر روز ظاہر ہوتے جاتے ہیں۔ یہی ایک عمدہ محک ہے جس کے ذریعہ سے ہم راستی اور ناراستی میں فرق کر سکتے ہیں۔ یہی ایک روشن چراغ ہے جو عین سچائی کی راہیں دکھاتا ہے۔“ (ازالہ اوہام)

پھر قرآن مجید کسی مخصوص زمانہ یا قوم کے لئے نازل نہیں ہوا بلکہ ساری دنیا کے لئے اب ہمیشہ ہمیش کے لئے رہنما ہے اور اسکے لانے والے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو رحمت العالمین کا خطاب دیا گیا ہے۔ اور تیرہویں صدی ہجری میں جب مسلمان قعر مذلت میں گر گئے تھے اور قرآن مجید پر عمل نہ کرنے کے نتیجہ میں اسے ثریا ستارے پر پہنچا دیا تھا تو حضرت رسولِ مقبول ﷺ کی پیشگوئیوں کے مطابق حضرت سلمان فارسیؓ کی قوم کے ایک فرد حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام گویا ثریا ستارے سے قرآن مجید واپس لائے اور اسکی برکت اور رسولِ مقبول ﷺ کی کامل اتباع کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مرزا صاحب کو اس زمانے کا امام مہدی اور مسیح موعود بنا کر بھیجا تو آپ نے اعلان فرمایا ۔

یا الٰہی تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اسمیں مہیا نکلا
دل میں یہی ہے ہر دم تیرا صحیفہ چوموں
قرآن کے گرد گھوموں کعبہ میرا یہی ہے

قرآن شریف معجزات سے بھرا ہوا ہے اس زمانہ میں اس کے اعجاز کا دعویٰ مسیح موعودؑ نے یوں پیش فرمایا ہے۔

”جاننا چاہیے کہ کھلا کھلا اعجاز قرآن شریف کا جو ہر ایک قوم اور ہر ایک اہلِ زبان پر روشن ہو سکتا ہے جس کو پیش کر کے ہم ہر ایک ملک کے آدمی کو خواہ ہندی ہو یا پارسی یا یورپین یا امریکن یا کسی اور ملک کا ہو ملزم و ساکت و لاجواب کر سکتے ہیں۔ وہ غیر محدود معارف و حقائق و علوم حکمیہ قرآنیہ ہیں جو ہر زمانہ میں اس زمانہ کی حاجت کے موافق کھلتے جاتے ہیں۔ اور ہر ایک زمانہ کے خیالات کا مقابلہ کرنے کے لئے مسلّح سپاہیوں کی

طرح کھڑے ہیں۔ اگر قرآن شریف اپنے حقائق ودقائق کے لحاظ سے ایک محدود چیز ہوتی تو ہرگز وہ معجزہ تامہ نہیں ٹھیر سکتا تھا۔ فقط بلاغت و فصاحت ایسا امر نہیں ہے جس کی اعجازی کیفیت ہر ایک خواندہ ناخواندہ کو معلوم ہو جائے۔ کھلا کھلا اعجاز اس کا تو یہی ہے کہ وہ غیر محدود معارف و دقائق اپنے اندر رکھتا ہے۔ جو شخص قرآن شریف کے اس اعجاز کو نہیں مانتا وہ علم قرآن سے سخت بے نصیب ہے۔"(ازالہ اوہام صفحہ 155)

پھر یہ نرا دعویٰ ہی نہیں بلکہ آپ نے اسکی برکات حاصل کر کے اپنا وجود پیش فرمایا اور ساری دنیا کو دعوت دی کہ جو بھی قرآنی برکات کا زندہ نمونہ دیکھنا چاہتا ہے وہ میری صحبت میں آ کر دیکھے آپ نے اس نکتہ کی وضاحت خوب فرمائی:

"لاکھوں مقدسوں کا یہ تجربہ ہے کہ قرآن شریف کی اتباع سے برکات الٰہی دل پر نازل ہوتی ہیں اور ایک عجیب پیوند مولا کریم سے ہو جاتا ہے اور خدا تعالےٰ کے انوار اور الہام ان کے دلوں پر اُترتے ہیں اور معارف اور نکات ان کے مُنہ سے نکلتے ہیں۔ ایک قوی توکل انکو عطا ہوتی ہے اور ایک محکم یقین ان کو دیا جاتا ہے اور ایک لذیذ محبت الٰہی جو لذّت وِصال سے پرورش یاب ہے اُن کے دلوں میں رکھی جاتی ہے۔ اگر اُن کے وجودوں کو ہاونِ مصائب میں پیسا جائے اور سخت شکنجوں میں دے کر نچوڑا جائے تو اُن کا عرق بجز حبّ الٰہی کے اور کچھ نہیں۔ دنیا اُن سے ناواقف اور وہ دنیا سے دُور تر اور بلند تر ہیں۔ خدا کے معاملات اُن سے خارق عادت ہیں۔ اُن پر ثابت ہوا ہے کہ خدا ہے۔ اُنہی پر کھلا ہے کہ ایک ہے۔ وہ جب دعا کرتے ہیں تو وہ اُن کی سُنتا ہے۔ جب وہ پکارتے ہیں تو وہ انہیں جواب دیتا ہے۔ جب وہ پناہ چاہتے ہیں تو وہ اُن کی طرف دوڑتا ہے۔ وہ باپوں سے زیادہ اُن سے پیار کرتا ہے۔ اور ان کے درودیوار پر برکتوں کی بارش برساتا ہے۔ پس وہ اس کی ظاہری و باطنی و روحانی وجسمانی تائیدوں سے شناخت کئے جاتے ہیں اور وہ ہر ایک میدان میں اُن کی مدد کرتا ہے کیونکہ وہ اس کے اور وہ اُن کا ہے۔ یہ باتیں بلا ثبوت نہیں۔"

(سرمہ چشمہ آریہ صفحہ ۲۴۔ ۳۱ حاشیہ)

پھر بیسویں صدی کے یورپین اور بالخصوص جرمن فلاسفروں نے ہزار ہاقسم کے اعتراضات اور شبہات پیدا کردیئے جن کی مدد سے عقلی حملے اسلام پر کئے جارہے ہیں مگر خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ وانْ مِنْ شَيءٍ اِلّا عِنْدنا خزائِنه ومانزّله۔ بقدر معلوم ہمارے پاس ہر قسم کے خزانے موجود ہیں مگر بقدر ضرورت ہم ان کو اتارتے ہیں حضرت اقدسؑ فرماتے ہیں:

"اب مخالفانہ حملے جو نئے فلسفہ کی طرف سے ہوئے تو ان معارف کے ظاہر ہونے کا وقت آ گیا اور ممکن نہیں تھا کہ بغیر اس کے کہ وہ معارف ظاہر ہوں اسلام تمام ادیان باطلہ پر فتح پا سکے کیونکہ سیفی فتح کچھ چیز نہیں اور چند روزہ اقبال کے دُور ہو جانے سے وہ فتح بھی معدوم ہو جاتی ہے۔ سچی و حقیقی فتح وہ ہے جو معارف اور حقائق اور کامل صداقتوں کے لشکر کے ساتھ حاصل ہو۔ سو وہ یہ فتح ہے جو اب اسلام کو نصیب ہو رہی ہے۔ بلاشبہ یہ پیشگوئی اس زمانہ کے حق میں ہے۔ اور سلف صالح بھی ایسا ہی سمجھتے آئے ہیں۔ یہ زمانہ درحقیقت ایسا زمانہ ہے جو بالطبع تقاضا کر رہا ہے جو قرآن شریف ان تمام بطون کو ظاہر کرے جو اس کے اندر مخفی چلے آتے ہیں۔" (ازالہ اوہام)

قرآن مجید کے مخفی خزانوں میں سے وہ پیشگوئیاں بھی ہیں جو اس آخری زمانہ میں پوری ہونی تھیں جن کی غرض و غایت کو حضرت مسیح موعودؑ اپنی پہلی کتاب براہینِ احمدیہ میں یوں واضح فرماتے ہیں:

"پیشگوئیاں ان کا اصل منصب نہیں ہے۔ بلکہ وہ اس غرض سے ہے کہ تا وہ ان برکتوں کو جو اُن پر اور اُن کے متعلقین پر وارد ہونے کو ہیں قبل از وقوع بیان کر کے توجہ خاص حضرتِ احدیت پر یقین دلائیں۔ اور نیز وہ مخاطبات اور مکالمات جو حضرت احدیت کی طرف سے اُن کو ہوتے ہیں اُن کی صحت اور منجانب اللہ ہونے پر ایک قطعی اور یقینی حُجّت پیش کریں۔ اور ایسے انسان جن کو یہ سب برکات قدسیہ بکثرت عطا ہوتی ہیں اُن کی نسبت خدا کی قدرت اور حکمتِ قدیمہ کے قانون میں یہی قرار پایا ہے کہ وہ ایسے لوگ ہوتے ہیں جن کے سچّے اور پاک عقائد ہوں اور جو سچّے مذہب پر ثابت اور مستقیم ہوں اور حضرت احدیت سے غایت درجہ کا

اتصال اور دنیا و مافیہا سے غایت درجہ کا انقطاع رکھتے ہوں۔ایسے لوگ کبریتِ احمر کا حکم رکھتے ہیں“ (براہینِ احمدیہ صفحہ 323)

